الطاف القدس
فی معرفۃ
لطائف النفس

(فارسی)

تالیفِ لطیف، و کتابِ مستطاب در کشفِ اصطلاحات
تصوف و سلوک، و تشریح رموز و اسرار علم الحقائق

از

حکیم الامت امام ولی اللہ الدہلوی رح (۱۱۱۴ ---- ۱۱۷۶)

مع

ترجمۂ اردو

از

عبدالحمید سواتی

خادم مدرسہ نصرۃ العلوم

ناشر

ادارۂ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ (مغربی پاکستان)

Marfat.com

مطبوعات

ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

و

دیگر مؤلفات حضرت مولانا محمد سرفراز خان صاحب مدظلہ

(صدر مدرس و شیخ الحدیث مدرسہ نصرۃ العلوم)

۱- منہاج الواضح (راہِ سنت)	۳/۵۰
۲- تبریدالنواظر (آنکھوں کی ٹھنڈک)	۲/۷۵
۳- دل کا سرور	۲/۰۰
۴- گلدستہ توحید	۱/۷۵
۵- چراغ کی روشنی	۱/۰۰
۶- آئینہ محمدی	-/۳۷
۷- سپائی دارالعلوم دیوبند	۱/۰۰
۸- چالیس دعائیں	-/۵۰
۹- ازالۃ الریب (ختم)	۸/۰۰
۱۰- البیان الازہر ترجمہ فقہ اکبر	-/۵۰
۱۱- عیسائیت کا پس منظر	۱/۲۵
۱۲- تبلیغ اسلام حصہ اول	۱/۵۰
۱۳- مقام حضرت امام ابوحنیفہ	۳/۵۰
۱۴- طائفہ منصورہ	۲/۵۰
۱۵- انکار حدیث کے نتائج	۲/۰۰
۱۶- باغ جنت (زیر طبع)	
۱۷- تفسیر آیت النور (عربی)	۱/۲۵
۱۸- اسرار المحبۃ (عربی)	۲/۵۰
۱۹- مجموعہ رسائل (فارسی)	۲/۰۰

ملنے کا پتہ

۱- ناظم ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

۲- ناظم شعبہ نشر و اشاعت انجمن اسلامیہ گکھڑ منڈی ضلع گوجرانوالہ

Marfat.com

الطاف القدس

فی معرفۃ

لطائف النفس

(فارسی)

تالیفِ لطیف وکتابِ مستطاب در کشفِ اصطلاحات
تصوف وسلوک وتشریح رموز واسرارِ علم الحقائق

از

حکیم الامت امام ولی اللہ الدہلوی ؒ (۱۱۱۴ــــ۱۱۷۶)

مع

ترجمۂ اردو

از

عبدالحمید سواتی

خادم مدرسہ نصرۃ العلوم

ناشر

ادارۂ نشر واشاعت مدرسۂ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ (مغربی پاکستان)

Marfat.com

(طبع اوّل)

سنہ ۱۹۶۴ء
۱۳۸۴ھ

قیمت فی جلد ۲۵-۵ روپے

تعداد ۔۔۔۔ ۱۰۰

5-25

باہتمام ناظم ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم
گوجرانوالہ
اشرف برقی پریس لاہور میں چھپی

Marfat.com

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ہمیں توفیق بخشی کہ ہم حکیم الامت امام ولی اللہ دہلوی رح کی ایک اہم کتاب "الطاف القدس فی معرفۃ لطائف النفس" اصل فارسی مع ترجمہ اردو شائع کرنیکی سعادت حاصل کر رہے ہیں یہ کتاب حضرت امام ولی اللہ رح کی مجموعہ اربعہ میں سے ایک ہے (لمحات، سطعات، ہمعات، الطاف القدس)۔ الطاف القدس میں حضرت شاہ ولی اللہ رح لطائف نفس یعنی قلب، عقل، نفس، روح، سر، خفی، اخفیٰ، حجر بہت، انا کی حقیقت بیان فرمائی ہے اور پھر ان لطائف ظاہرہ و باطنہ کی تہذیب (انکو سنوارنے اور شائستہ بنانے) کے طریقے ذکر کئے ہیں حضرت شاہ ولی اللہ رح نے اپنے فلسفہ (حکمت ولی اللہی) کی تفہیم و تبیین کی خاطر جو بعض اہم کتابیں تصنیف کی ہیں انمیں الطاف القدس کا مرتبہ بہت بلند ہے اسمیں امام ولی اللہ رح نے فلسفہ ولی اللہی کی خصوصا اور علم الحقائق و تصوف و سلوک کی اہم اور بنیادی اصطلاحات کو بہترین طریق پر سمجھایا ہے اور یہ وہ اصطلاحات اور مبادی ہیں کہ ان کو سمجھے اور معلوم کئے بغیر کوئی شخص بھی ان علوم میں ایک قدم بھی آگے نہیں چل سکتا چہ جائیکہ وہ انمیں غور و خوض کرے اور منزل مقصود کیطرف بڑھ سکے۔ لطائف نفس کی حقیقت اور انکی تشریح بیان کرنے کے بعد شاہ ولی اللہ رح نے ان کی تہذیب کے طریقے اسطرح پیش کئے ہیں جنکی مثال تصوف و سلوک اور معارف و حقائق کے لٹریچر میں ملنی مشکل ہے امام ولی اللہ رح نے عبارت میں اختصار اور جامعیت کو اپنی ہر کتاب میں ملحوظ رکھا ہے اور پھر جا بجا ضمنی مباحث کا گرانقدر اضافہ فرمایا ہے

"الطاف القدس" میں سات فصل ہیں، پہلی فصل میں علم لطائف کی فضیلت اور شرف بیان فرمایا ہے اور اس فصل میں یہ بھی بتایا گیا ہے جو شخص علم لطائف سے جسقدر زیادہ آگاہ ہوگا وہ اسیقدر تہذیب نفس اور ارشاد (رہنمائی) پر زیادہ سے زیادہ قادر ہوگا دوسری فصل میں ان لطائف کی ماہیت پر بحث کیگئی ہے۔ اس فصل میں شاہ صاحب رح نے نہایت ہی اختصار سے کام لیا ہے۔ لیکن بڑی جامعیت سے ان لطائف کی حقیقت اچھی طرح سمجھا دی جائے تیسری فصل میں امام ولی اللہ رح نے لطائف ثلاثہ بارزہ

Marfat.com

(عقل قلب نفس) کی تہذیب کا وہ طریقہ بیان فرمایا ہے جسکا تقاضا انسان کی پیدائشی اور تخلیقی حکمت کرتی ہے چوتھی فصل میں جوارح اور لطائف ثلاثہ بارزہ (عقل قلب نفس) کی تہذیب کا طریقہ اسطرح بیان کیا گیا ہے جسکا تقاضا روحانی طلب کرتی ہے پانچویں فصل میں لطائف خمسہ (عقل قلب نفس روح سر) کی تہذیب کا طریقہ بطور سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی رح بیان کیا گیا ہے جسکو طریقت اور معرفت سے موسوم کیا جاتا ہے اس فصل میں امام ولی اللہ نے کسی قدر بسط و تفصیل سے کام لیا ہے اور اس سلسلہ میں جو اشکالات وارد ہوئے ہیں انہیں رفع کیا ہے اور جا بجا ضمناً اپنے طریق کا ذکر بھی کیا ہے چھٹی فصل میں لطائف خفیہ (خفی اخفی حجر بہت انا) کی تہذیب کا طریقہ بیان کیا ہے ساتویں فصل میں امام ولی اللہ نے خواطر (خیالات اور کھٹکوں) کے پیدا ہونے کا بیان اور انکے انواع و اقسام اور انکے اسباب کا ذکر کیا ہے۔ خواطر بھی چونکہ راہ سلوک میں ڈالنے کا باعث بن جاتے ہیں اسلیے امام ولی اللہ رح نے انکی پیدائش کے اسباب اور ان کے دفع کرنے کا علاج ذکر فرمایا ہے۔ حضرت مولانا عبید اللہ سندھی اپنے مقالہ "حکمت ولی اللہی کا اجمالی تعارف" میں فرماتے ہیں "الطاف القدس میں پہلا باب جوارح پر بحث کرنے کیلئے معین ہے دوسرے باب میں لطائف ثلاثہ کے دوسرے پہلو پر بحث ہے تیسرے باب میں عقل اور قلب کے پہلے بطن پر بحث ہے چوتھے میں عقل اور قلب کے بطن البطن پر بحث ہے آخری درجہ پر پہنچ کر انسان کو اس تجلی سے ربط پیدا ہوتا ہے جو کائنات کی مرکزی قوت کے آئینہ میں ظاہر ہوئی۔ یہ مباحث مستقل توجہ سے پڑھنے کے قابل ہیں اسوقت ان پر تفصیل سے بحث کرنا مقصود نہیں تجلی الٰہی کی تشریح سمجھنے کیلئے کتاب "سطعات" کا پڑھنا لازم ہے اور ادراک انسانی کے تنوع کی حقیقت معلوم کرنے کیلئے "الطاف القدس" کا مطالعہ کرنا ضروری ہے اور اسلام میں تصوف کا فلسفہ تاریخ سمجھنے کے لئے "تفہیمات" کا مطالعہ کرنا چاہئے اور تصوفین کے طریق کی تفصیل "انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ" میں دیکھنی چاہئے۔ شاہ صاحب نے اپنے والد ماجد سے جسطرح طریقہ حاصل کیا اسکی تفصیل "قول جمیل" میں ملیگی شاہ صاحب رح کے والد اور چچا کے سوانح حیات جنکو شاہ صاحب کے فلسفہ اور تصوف کی روح کہنا چاہئے "انفاس العارفین" میں مذکور ہے اس کتاب کے بعد اگر "اخبار الاخیار" از شیخ عبد الحق دہلوی رح اور "نفحات الانس" از ملا جامی رح کا مطالعہ کیا جائے تو اسلام میں تصوف کی پوری تاریخ سامنے آجائیگی۔"

الطاف القدس کا ترجمہ ——— اصل مقصود صرف امام ولی اللہ رح کی کتاب الطاف القدس کی اشاعت کی

ہے بعض حضرات کی دلچسپی اور توجہ کی بنا پر ہم نے اسکا ترجمہ پیش کر دیا ہے اس کے بارہ میں اتنا عرض ہے کہ یہ نہ تو محض لفظی ترجمہ ہے اور نہ بامحاورہ، بلکہ اپنے فہم ناقص کے مطابق شاہ صاحب کی عبارت سے جو کچھ سمجھ میں آیا ہے اور جن الفاظ میں ممکن ہو سکا اسے تحریر کر دیا کہیں تو آپ کو لفظی ترجمہ کی جھلک نظر آئیگی اور کہیں صرف مفہوم ادا کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں جو بھی خامی یا کوتاہی ہوگی اس کی ذمہ داری اس حقیر کاتب الحروف پر ہے چونکہ اصل مقصد صرف فارسی کتاب کی طباعت تھی اسلئے حتی الامکان اصل کتاب کی تصحیح اچھی طرح کر دیگئی ہے۔ الطاف القدس کا جو نسخہ میرے زیر مطالعہ تھا اس میں کہیں کہیں اصل کتاب میں اغلاط تھیں جنکی میں نے سباق وسیاق کے علاوہ اپنی دانست کے مطابق تصحیح کی پوری کوشش کی ہے کوئی اور نسخہ "الطاف القدس" کا مل نہیں سکا تاکہ اس کیساتھ بھی تقابل ہو سکتا لیکن میں اس بات کے ظاہر کرنے میں باک محسوس نہیں کرتا کہ جہانتک اصل کتاب کی تصحیح ہے وہ بڑی حد تک مکمل ہو چکی ہے۔ میرے پاس جو "الطاف القدس" کا مطبوعہ نسخہ ہے۔ اسکے ساتھ کسی صاحب کا اردو ترجمہ بھی ہے لیکن وہ ترجمہ بہت ہی ناقص اور بعض مقامات پر پیچیدہ اسقدر کہ جس سے اصل کتاب کا مقصد ہی خبط ہو جاتا ہے ہمیں یہ بھی نہیں معلوم ہو سکا یہ ترجمہ کس نے کیا ہے تاہم یہ بات بھی بالکل ناشکر گذاری ہوگی اگر اس کا اعتراف نہ کیا جائے کہ اس ترجمہ سے بھی اس حقیر نے بہت فائدہ اٹھایا ہے

الطاف القدس کی اشاعت ——— ایسی کتابوں کی اشاعت سے دلچسپی کا سبب یہ ہے کہ جس طرح زمانہ آگے بڑھتا جاتا ہے ایک طرف تو لوگوں میں دین کا رجحان کمزور ہوتا جاتا ہے اور معتقدات دینی سے نفرت و بیزاری کا جذبہ روز بروز بڑھ رہا ہے اسمیں شک نہیں کہ الحاد و بیدینی زیادہ ہے لیکن دوسری طرف کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اسلام کی صحیح روحانیت کے طلبگار ہیں اور اسکی سچی تڑپ اپنے اندر رکھتے ہیں صحیح روحانیت حاصل کرنے کیلئے جس طرح ایک مسلمان کو ظواہر شریعت کی پابندی کرنی ضروری ہے اسی طرح باطنی تصفیہ و تحلیہ و تجلیہ بھی تکمیل انسانیت کیلئے ضروری امر ہے۔ علم تصوف یا احسان و سلوک وہی علم ہے جس میں انسان کی تکمیل کے ان پہلوؤں کو واضح کیا گیا ہے سلوک و تصوف کے علمی و عملی پہلوؤں کو روشن کرنے میں یا حقائق و معارف کے سمجھانے میں امت مسلمہ کے علماء حق اور ائمہ کرام اور صوفیاء عظام نے ہر دور میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں لیکن اس سلسلہ میں حکیم الامت امام ولی اللہ دہلویؒ اور انکے خاندان نے جس طرح گرانقدر خدمات انجام دی ہیں انکی مثال

Marfat.com

دوسری جگہ نہ مل سکیگی - اسلامی علوم و معارف کی حفاظت اور انکی نشر و اشاعت میں جس جانفشانی اور تن دہی سے حصہ لیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہی ہے اور پھر جو کمال اور ہمہ گیری شاہ ولی اللہؒ کے وجود گرامی میں اللہ تعالیٰ نے جمع کردی وہ کسی دوسری جگہ نظر نہیں آتی - اسلئے شاہ ولی اللہؒ کے علوم سے جسقدر بھی استفادہ ہو سکے ہم اپنے لئے اور امت مسلمہ کیلئے بالخصوص اور تمام انسانیت کیلئے اسے غنیمت سمجھتے ہیں ہمیں امید ہے آہستہ آہستہ اس دور میں اہل علم اور امت کے تمام طبقات بالآخر اس طرف متوجہ ہوں گے - کیونکہ اس کے بغیر عقلی اور ذہنی یا قلبی اطمینان کا سامان کسی دوسری جگہ میسر نہیں ہو سکتا۔ عقل نقل کشف وجدان سے جو چیزیں پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہیں اور انسانی تجربات نے ان کی توثیق بھی کردی ہے اور جن علوم کی روشنی نے انسان کے تمدنی اور روحانی دونوں پہلوؤں پر گہرے اور ہمہ گیر اثرات چھوڑے ہیں وہ شعاع نور یقیناً امام ولی اللہؒ کے علوم سے پھوٹتی ہے آپ نے جس طرح قرآن کریم اور سنت رسول اللہ کی تشریح و تبیین فرمائی ہے وہ کسی بھی دوسرے مکتب فکر سے ملنی مشکل ہے -

امام ولی اللہؒ کی تعلیمات میں نہ تو سطحی عقلیت ہے جس کو نا تمام اور ناقص عقلیت کہتے ہیں اور نہ سطحی قسم کی کشفیت ہے - جو انسان کے وہمی تصورات پر چھائی ہوئی ہوتی ہے اور اصلیت سے دور کا واسطہ بھی نہیں رکھتی' بلکہ نقل صحیح اور کشف صحیح اور عقل راسخ تینوں اپنے اپنے محل اور مقام پر رہتے ہوئے جو جو خدمات ان سے قدرت نے لینی مقدر فرمائی ہیں انسے حاصل کرنا اور سعادت ابدی سے ہمکنار ہونا اس کی غرض و غایت ہے - بعض مغرب زدہ الحاد پسند لوگ کوشش کرتے ہیں کہ علم تصوف و سلوک کے سلسلہ کو یہودیت' بدھ ازم' ہندو ویدانیت' یا عیسائیوں کی رہبانیت سے ملا دیں اور یہ کہتے ہیں کہ یہ اسلامی علم نہیں بلکہ غیر مسلموں سے اخذ کیا گیا ہے حالانکہ یہ بالکل صریح کذب بیانی اور واقعات کو جھٹلانا ہے علم سلوک و تصوف کی بنیاد خود اسلام میں موجود ہے قرآن پاک میں احسان و اتقاء اللہ تعالیٰ سے محبت رسول سے محبت' زہد عن الدنیا بنیادی طور پر موجود ہیں. تقرب الٰہی اور رضا الٰہی کیا یہ اسلامی تعلیم کے بنیادی اجزاء نہیں ہیں؟ بس اس چیز کا نام سلوک و تصوف ہے - ہاں اتنی بات ہے کہ عملی دنیا میں اس سلسلہ میں بزرگان دین اور صوفیاء کرام نے اس میں اجتہاد سے بھی کام لیا ہے اس سے انکار تو ایسا ہی ہے جیسے کوئی کہہ دے علم فقہ

Marfat.com

اصول فقہ وغیرہ اسلامی علوم نہیں۔ البتہ اس سلسلہ میں اتنی بات ملحوظ رہے کہ سلسلہ تصوف وسلوک میں بہت سے حضرات سے غلطیاں بھی ہوئی ہیں اور تعبیرات کے اندر تسامح بھی واقع ہوا ہے وروارادات اور کشف والہام کے سمجھنے میں کم وبیش کوتاہیاں بھی سرزد ہوئی ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ سرے سے اس فن کا انکار کر دیا جائے بلکہ ان غلطیوں کی نشاندہی اور ان کی اصلاح ضروری ہے چنانچہ اکابرین میں سے سب سے پہلے امام ربانی مجدد الف ثانیؒ اور پھر امام ولی اللہؒ نے ان غلطیوں کی نشاندہی کی اور پھر ان کی اصلاح فرمائی۔ اور کتاب وسنت کی بنیاد پر اس کی تعمیر فرمائی ہے اور غلط کار لوگوں کے دجل وفریب کو آشکارا کیا ہے اور تصوف وسلوک سے جو غرض اور مقصد ہے اسے پورا کیا۔

اگر یہ بات صحیح ہے کہ اسلام میں انسان کی تکمیل کے لئے قواعد وضوابط مقرر کئے گئے ہیں تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ ان ضابطوں کی جس علم میں تشریح کی گئی ہے اور جن لوگوں نے اسے عملی دنیا میں جاری کیا ہے اور اسکے اغراض ومقاصد کو واضح کیا ہے اور جس کے فوائد وثمرات سے ایک جہاں متمتع ہوا ہے اور ہو رہا ہے ان لوگوں کو ہندو ویدانیت یا رہبانیت یا بدھ ازم کی طرف یا کسی اور مذہب یا ملت کی طرف منسوب کیا جائے۔ ایسا کرنا نہ تو قرین احساس ہے اور نہ قرین انصاف حقیقت یہ ہے کہ سلوک واحسان اسلامی علوم ہیں بلکہ اسلام کے بنیادی علوم میں سے ہیں کیونکہ ان کے ذریعہ انسانیت کی تکمیل ہوتی ہے۔ البتہ علم الحقائق کے بارہ جیسے کہ شاہ ولی اللہؒ نے خود اپنی کتاب میں فرمایا ہے انبیاء علیہم السلام نے اس کا نہ صراحۃً اور نہ اشارۃً ذکر فرمایا ہے۔ کیونکہ انسانوں کی عوامی سطح ان حقائق کو نہ سمجھ سکتی ہے اور نہ ان کے مطالب کو پا سکتی ہے اس لئے اگر انبیاء علیہم السلام اس طرف توجہ فرماتے تو شریعت کا مقصد یعنی عوامی اصلاح ہی فوت ہو جاتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ یا اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام سے بطور رمز واعتبار بعض چیزوں کا اخذ کرنا، اور بعض اسرار کا انکشاف خواص کو اس سے منع بھی نہیں کیا گیا اس لئے اس سے بھی بحث کر دی جاتی ہے۔

اور علم سلوک کے بعض نکات چونکہ علم حقائق پر مبنی ہوتے ہیں، اس لئے اس سے تعرض کرنا ناگزیر ہو جاتا ہے "الطاف القدس" کے مطالعہ سے یہ حقیقت خود بخود سامنے آجاتی ہے اور بہت سے شکوک وشبہات رفع ہو جاتے ہیں۔ ضرورت ہے کہ اس عظیم المرتبت کتاب کو خوب غور سے بار بار مطالعہ کیا جائے۔ اس کتاب کا جو لوگ محنت سے مطالعہ کرینگے وہ امام ولی اللہ

Marfat.com

دہلوی کی دیگر کتابوں کو سمجھنے کے قابل ہو سکیں گے۔

امام ولی اللہ کی کتابیں جو مختلف موضوعات پر مشتمل ہیں اکثر بہت دقیق اور عسیر الفہم ہیں بالخصوص وہ کتابیں جن میں امام ولی اللہ نے اسرار و رموز دین سے بحث کی ہے یا حقائق و معارف کی خاص پیچیدہ گتھیوں کو سلجھانے کی کوشش کی ہے یا جہاں کائنات کی تخلیق اور اس کے ارتباط باہمی کو سمجھایا ہے یا جہاں حکمار قدیم اور دیگر فلاسفروں کے نظریات سے اختلاف کیا ہے اس لئے ہر صاحب علم کے بس کی بات نہیں کہ وہ عام مصنفین کی کتابوں کی طرح ان سے ہر وقت بآسانی استفادہ کر سکے۔ بلکہ امام ولی اللہ کی کتابوں پر عبور حاصل کرنے کے لئے بہت محنت کی ضرورت ہے اور عقلی اور نقلی علوم میں مہارت کیساتھ کشفی علوم میں بھی مناسبت ضروری ہے اور پھر شاہ ولی اللہ کی مخصوص اصطلاحات کے مفہوم سے آشنا ہونا بھی لازمی ہے ان خاص اصطلاحات کے سمجھنے میں اگر غلطی ہو گی تو پھر بہت سی چیزوں کے بارہ میں اشتباہ واقع ہوگا اور اصلی غرض و مقصد تک رسائی نہ ہو سکے گی' اسلئے شاہ صاحب نے الخیر الکثیر کے مقدمہ میں ایسے لوگوں کو خبردار کیا ہے جو ذہن وقاد کے مالک نہ ہوں' یا پھر وہ عقل مستفاد بھی نہ رکھتے ہوں تو ایسے لوگوں کو ان کتابوں کے مطالعہ سے دور رہنا چاہئے تاکہ وہ ان حقائق کا اپنی کم فہمی کی بنا پر انکار نہ کر بیٹھیں۔

امام ولی اللہ کی کتابوں اور علوم کی اہمیت سے کوئی عقلمند انسان انکار نہیں کرسکتا اور زمانہ کا اقتضار اور حالات کی تبدیلی' پھر ملت اسلامیہ کا بقار و تحفظ شدید طور پر اس کا متقاضی ہے کہ امام ولی اللہ کے علوم سے استفادہ کیا جائے اور ان کی امداد سے علمی اور ملی مشکلات کا حل تلاش کیا جائے لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ امام ولی اللہ کو ایک معصوم پیغمبر کے درجہ میں تسلیم کر لیا جائے اور ان کی آرار و افکار سے اختلاف کی گنجائش نہ ہو بلکہ بہت سے مقامات پر امام ولی اللہ نے جو جمہور مجتہدین کے خلاف رائے قائم کی ہے یا بعض مقامات پر مرجوح آرار کو راجح قرار دیا ہے یا پھر بعض مسائل کے سلسلہ میں امام ولی اللہ کو ان کی تحقیق کے مواقع کم میسر ہوئے ہیں یا پھر امام ولی اللہ کی تربیت و تعلیم میں جن مختلف مکاتب فکر کی عظیم شخصیتوں نے حصہ لیا ہے اس کے اثرات بھی امام ولی اللہ کی کتابوں میں اور ان کے علوم میں نمایاں ہیں ان تمام مواقع میں اختلاف اور تحقیق و ترجیح کی گنجائش ہے بلکہ ان مقامات میں دیگر ائمہ

Marfat.com

کی آراء زیادہ مرجح ہوں گی۔ اس لئے کہ یہ ضروری نہیں کہ تمام مسائل جو امام ولی اللہؒ نے لکھے ہیں وہ ملت کے لئے من وعن سب کے سب قابلِ عمل یا واجب الاذعان ہوں۔ تاہم اتنی بات بلا تامل کہی جا سکتی ہے کہ جس قوم میں شیخ اکبر محی الدین بن عربیؒ اور امام مجدد الف ثانیؒ اور امام ولی اللہؒ جیسی شخصیتیں ہوں اور پھر ان کے علوم سے استفادہ نہ کیا جائے تو اس قوم کے حق میں یہ انتہائی بدنصیبی ہوگی۔ پھر ان تمام بزرگوں میں سے اپنی ہمہ گیری کی وجہ سے امام ولی اللہؒ کی ذات بابرکات کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے کیونکہ آپکی تعلیمات اور علوم میں اجتماعیت کی خاص شان پائی جاتی ہے حقائق نگاری اور معارف کے بیان کرنے میں آپ خود اپنی نظیر ہیں۔ اور عوام وخواص اور اخص الخواص تمام طبقات کی تشنگی کو رفع کرنے کا سامان آپ کے علوم اور کتب میں موجود ہے اس سے فائدہ اٹھانا ملت اسلامیہ کے ہر سمجھدار اور ہونہار فرد کا فرض ہے اور اس سے محرومی شقاوت اور بدنصیبی کی دلیل ہے۔ واللہ الموفق

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم "الطاف القدس" کے دیباچہ کے طور پر وہ کلام یہاں نقل کر دیں جو حکمت ولی اللہی کے عظیم شارح حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ نے "تفہیمات" کی طباعت کے وقت سپردِ قلم فرمایا تھا چونکہ یہ کلام امام ولی اللہؒ کی پانچوں کتابوں کے لئے یکساں دیباچہ کی حیثیت رکھتا ہے اس لئے ناظرین کرام الطاف القدس کا دیباچہ بھی اسے ہی سمجھیں۔ واللہ یقول الحق وہو یہدی السبیل

احقر عبد الحمید سواتی

خادم مدرسہ نصرۃ العلوم نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ (مغربی پاکستان)

یوم الاربعاء ۱۰ رجب المرجب ۱۳۸۳ھ

Marfat.com

Marfat.com

دیباچہ

(از ماہر فلسفہ ولی اللٰہی امام انسیاست والانقلاب مفسر قرآن حضرت مولانا عبید اللہ دیوبندی سندھیؒ)

"امام الائمہ حضرت امام ولی اللہ بن عبد الرحیم (رحمہما اللہ تعالیٰ بالطافہ العمیم) جس طرح تفسیر، فقہ اور حدیث کے امام ہیں اسی طرح تصوف اور سلوک کے بھی امام ہیں آپ انسانیت کے متعلق جس قدر علوم و معارف کی تلقین فرماتے ہیں ان کو انسان کے لطائف ثلاثہ یعنی عقل (جس کا تعلق دماغ کے ساتھ ہے) ارادہ (جس کا تعلق دل کے ساتھ ہے) اور تدبیر بدن (جس کا تعلق جگر کے ساتھ ہے) کے مطابق تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں ہر ایک انسان کا فرض ہے کہ وہ اپنی ان تینوں قوتوں کو عام انسانیت کے اصول پر مکمل کرے۔ خداوند تعالیٰ نے نوعِ انسانی کا جو نمونہ قائم کیا ہے اسکے قریب پہنچنا ہر ایک انسان کا طبعی فرض ہے اس سے کوئی انسان مستثنیٰ نہیں ہو سکتا۔ پس جو انسان اس نمونے کے جتنا قریب ہوگا وہ اتنا ہی اچھا ہوگا اور جو انسان اس نمونے سے جتنا دور ہوگا اتنا ہی برا سمجھا جائیگا یہی وجہ ہے کہ "حکمت ولی اللٰہی" میں تمدن بھی انسانیت کا لازم جزو قرار پایا ہے اور موت پر انسان کا خاتمہ نہیں مانا جاتا۔ بلکہ اس کے بعد بھی انکے لطائف کی تکمیل کا سامان ملتا رہتا ہے ان مسائل کو بطور "اصول موضوعہ" تسلیم کر لیا جائے تو حکمت پسند دماغوں کو بحث اور فکر کے لئے علیحدہ مواقع بہم پہنچائے جائیں گے۔ ان اصول کو تسلیم کرنے والے اگر اپنی نفسی تکمیل کو اپنی زندگی کا مقصد قرار دے لیں تو اسے "سلوک" کہا جا سکتا ہے حضرت امام ولی اللہؒ نے سلوک پر چند کتابیں لکھی ہیں۔

چنانچہ وہ اذکار اور آداب جو ایک سالک کو سب سے پہلے کرنے چاہئیں۔ "القول الجمیل" میں ذکر فرمائے ہیں ایک ترقی یافتہ دماغ کو سلوک کا منتہیٰ (یعنی امام نوع انسانی کے موطن حظیرۃ القدس سے اتصال) سمجھانے کے لئے آپ نے "سطعات" تحریر فرمائی ہے۔

انسان کی اندرونی نفسی قوتوں یعنی عقل، ارادہ اور تدبیر نفس پر سلوک کا کیا اثر پڑتا ہے اور ایک قوت دوسری قوت سے کس طرح پھوٹ کر نکلتی ہے اس کا بیان آپ نے "الطاف القدس" میں کیا ہے۔ راہ سلوک کے جو بڑے سالک گذرے ہیں ان میں سے ابتدائی دور میں حضرت جنید بغدادی اور بایزید بسطامی (رحمہا اللہ تعالیٰ) ہیں اور آخری دور میں حضرت شیخ عبد القادر جیلانی، حضرت شیخ معین الدین چشتی اور حضرت بہاء الدین نقشبندی (رحمہم اللہ تعالیٰ) بہت بڑے بزرگ ہیں انہوں نے سلوک کس طرح مرتب کیا اور ان کی صحبت سے کامل کس طرح پیدا ہوئے؟

یہ تاریخ حکمت کا ایک مستقل باب ہے جسے حضرت امام الائمہ امام ولی اللہؒ نے زیر نظر رسالہ "تمہعات" میں ضبط فرمایا ہے اسے تصوف کا فلسفہ تاریخ سمجھنا چاہئے۔ آگے انسانیت اس فکر کو عقلی درجے پر کس طرح قبول کرے گی؟

پرانے یونانی اور ہندی حکماء انسانیت کے متعلق کیا خیالات رکھتے تھے؟ وہ اپنے خیالات کو انسان کے عام معارف کے ساتھ کس حد تک موافق بنا سکے، اور ایک حکیم ان کو تسلیم کر کے اپنے سلوک کو کس طرح معقول طور پر پیش کرتا ہے۔

اس کیلئے آپ نے "لمحات" لکھی۔ حضرت امام الائمہ کے پوتے مولانا اسماعیل شہیدؒ نے آپ کے ان رسالوں کی تمہید "العبقات" کے نام سے لکھی۔ اگر ان پانچوں رسالوں کو تھوڑی سی محنت کر کے غور سے پڑھ لیا جائے تو امام ولی اللہ کا سکھایا ہوا طریق سلوک اچھی طرح ذہن نشین ہو جاتا ہے حکمت ولی اللہی میں یہ رسالے ابتدائی قاعدوں (PRIMERS) کے طور پر پڑھائے جاتے ہیں اس کے بعد امام ولی اللہؒ کی حکمت کی تعلیم شروع کی جاتی ہے۔

عبید اللہ السندھی

مدرسہ قاسم العلوم لاہور۔ ۷ اپریل ۱۹۴۴ء ہندی
(۱۹۴۴ء)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد لله الذی اری المخلصین من عبادہ ایات عظمتہ وامارات قدرتہ فی الآفاق وفی انفسھم حتی تبین لھم انہ الحق القیام لکل ما فی الکون افقیہ ونفسیّہ فی ذاتہ وصفاتہ فکل شئ باطل ماخلا اللّٰہ۔ وانہ المحیط لجمیع ما فی الوجود من بین یدیہ ومن خلفہ ومن جذر ذاتہ وجمیع جھاتہ فاین ما تولوا فثم وجہ اللّٰہ واشھد ان لا الہ الا اللّٰہ وان محمّداً عبدہٗ ورسولہ صلی اللّٰہ علیہ وعلی الہ و اصحابہ وبارک وسلّم۔

تمام ستائشیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے اپنے مخلص بندوں کو اطراف عالم میں اور خود ان کے نفوس میں اپنی عظمت کی نشانیاں اور اپنی قدرت کے آثار دکھاتے ہیں یہاں تک کہ ان پر یہ بات خوب روشن ہو گئی کہ بے شک اللہ تعالیٰ کی ذات برحق ہے۔ خود قائم اور تمام چیزوں کو جو عالم میں ہیں خواہ وہ آفاقی (ظاہر) ہوں یا نفسی (باطن) ان کی ذات اور صفات میں قائم رکھنے والی ہے۔ پس ہر چیز اللہ تعالیٰ کے سوا باطل (بے حقیقت فانی اور زائل) ہے۔ اور یہ (بات بھی ظاہر ہو گئی) کہ وہی اللہ تعالیٰ تمام چیزوں کی ہستی کا احاطہ کرنے والا ہے۔ ان کے سامنے اور پیچھے سے اور ان کی اصل ذات اور تمام اطراف سے۔ پس جدھر رخ کرو ادھر ہی اللہ تعالیٰ کی ذات (اور شئون) کو موجود اور جلوہ گر پاؤ گے (کسی شاعر نے خوب کہا ہے ؎ اسے ہر جگہ جلوہ گر دیکھتے ہیں۔ جہاں دیکھتے ہیں جدھر دیکھتے ہیں۔)

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپکی اہل اور صحابہ پر درود و سلام اور برکتیں نازل فرمائے۔

امابعد - می گوید فقیر ولی اللہ بن عبدالرحیم العمری الدہلوی احسن اللہ الیہ والی مشائخہ والویہ ایں ورقے چند است مسمّٰی بالطاف القدس فی معرفۃ لطائف النفس" در بیان حقیقت قلب و عقل و نفس و روح و سر و خفی و اخفی و حجر بہت و انا" و طریق تہذیب ہر یکے از ینہا - قصد دریں مقالہ آں ست کہ خالص مسائل وجدانیہ و کشفیہ تحریر کردہ شود - و علوم فکریہ و نقلیہ را در آں مدخل نباشد واللہ علی مانقول وکیل -

فصل اوّل

(در شرف و فائدہ علم لطائف)

علم لطائف میزانے است عظیم کہ خدائے تعالیٰ متاخراں صوفیہ را باآں برگزیدہ - بصیر ترین

حمد و صلوٰۃ کے بعد فقیر ولی اللہ بن عبدالرحیم عمری دہلوی - اللہ تعالیٰ احسان فرمائے اس کے ساتھ اور اس کے مشائخ اور والدین کے ساتھ کہتا ہے کہ یہ چند اوراق ہیں جن کا نام "الطاف القدس فی معرفۃ لطائف النفس" رکھا گیا ہے - اور ان میں قلب عقل نفس روح سر خفی اخفی حجر بہت اور انا کی حقیقت اور ان میں سے ہر ایک کی تہذیب (یعنی ان کو شائستہ بنانا اور اس طرح سنوارنا کہ اللہ تعالیٰ جو مبدا فیض ہے، اس کی طرف سے فیوض و برکات حاصل کرنے کے قابل اور ان کے حامل ہو سکیں) کے طریقے بیان کئے گئے ہیں - اور مقصد اس مقالہ (گفتگو) سے یہ ہے کہ خالص وجدانی اور کشفی مسائل تحریر کئے جائیں علوم فکریہ (وہ علوم جو نظر و فکر سے حاصل ہوتے ہیں) اور علوم نقلیہ کو ان میں دخل نہ ہو - اور جو کچھ ہم کہتے ہیں اللہ تعالیٰ اس پر نگہبان ہے -

فصل اوّل

(علم لطائف کے شرف (برتری) اور فوائد کے بیان میں)

علم لطائف ایک عظیم میزان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے متاخرین صوفیہ کرام کو اس کے ساتھ برگزیدگی عطا فرمائی ہے

Marfat.com

ایشاں بہ تہذیب نفس، بصیر تریں ایشاں است بلطائف، و قادر تریں ایشاں بہ ارشاد مسترشدین قادر تریں ایشاں است بر تمیز احکام لطائف۔ عالم علم لطائف بہ نسبت آں صوفیاں کہ عمرہا در تصوف بسر بردہ اند، و ازیں علم بہرہ نیافتند، مانند طبیبے است عالم بہ تشریح، و انواع مرض و سبب حدوث آنہا و علامات ہر یکے، و معالجات آنہا، و قوانینے کہ سلف بعد تجربہاے بسیار یافتہ اند، بہ نسبت عجائز کہ بہ حکم تجربہ ناقصہ و درایت غیر مستوعبہ دوا وصف می کنند۔ یا مانند رہبرے کہ عمرہا در بیابانہا گشتہ و نشیب و فراز راہ را شناختہ و راہ معمور از نامعمور باز دانستہ، بہ نسبت جماعتہ کہ بمصیبتے یا بشوقے ہائم شدند و بغیر تعیین مقصد و تشخیص راہ در بیابان افتادند۔ پارہ ہلاک شدند، و جمعے بمراد رسیدند، و بعد عمرہائے دراز بوطن آمدند، ہر یکے قصہ خود گفت و ہر یکے سخنے ناتمام آورد، سامعان ازیں تعارض

(یہ علم انہیں صوفیہ کرام کو حاصل ہوا ہے جو بعد میں آئے ہیں جیسے حضرت مجدد الف ثانیؒ اور خود شاہ ولی اللہؒ اور ان کے اتباع اور بعض دوسرے صوفیہ کرام) اب جو شخص ان صوفیہ میں سے لطائف کا علم زیادہ جانتا ہے وہ تہذیب نفس پر زیادہ بصیرت رکھتا ہے۔ اور جو لطائف کے احکام کی تمیز پر زیادہ قدرت رکھتا ہے وہ طالب ہدایت (مسترشدین) لوگوں کی ہدایت اور ارشاد (رہنمائی) پر زیادہ سے زیادہ قادر ہوگا۔ وہ صوفیاء جو لطائف کا علم نہیں رکھتے باوجودیکہ ان کی عمریں راہِ تصوف میں بسر ہو چکی ہیں۔ ان کی نسبت ان لوگوں کیساتھ جو اس علم سے بہرہ ور ہیں ایسی ہے جیسے ایک ماہر طبیب جو علم تشریح (اناٹومی) سے واقف ہے اور مختلف قسم کے امراض اور ان کے حدوث کے اسباب اور ان کی علامات سے بخوبی واقف ہے اور ان کے علاج کا اچھی طرح علم رکھتا ہے۔ اور جو قوانین سلف نے بہت سے تجربات کے بعد معلوم کئے ہیں انہیں جانتا ہے کی نسبت ان بوڑھی عورتوں کے ساتھ جو ناقص تجربے اور ناتمام ادراک (سمجھ) سے کسی دوا کو بیمار کے لئے تجویز کر دیں۔ یا لطائف کا علم جاننے والے ایسے ہیں جیسے کوئی رہبر جس نے بیابانوں میں عمریں بسر کی ہوں اور راستے کے تمام نشیب و فراز سے آگاہ ہو۔ اور آباد اور غیر آباد کو خوب جانتا ہو (اس رہبر کی نسبت) ان لوگوں کے ساتھ جو کسی مصیبت میں گرفتار ہو کر یا شوقیہ طور پر سرگرداں ہو گئے ہوں۔ اور بغیر کسی معین مقصد کے اور بغیر راہ متعین

وتناقض تنگ دل شدند وہیچ یک ازیں جمع قادر بر رفع تعارض وتبیین مواضع ووضع ہر شئی درمحل آن نیست۔

"بالجملہ اگر خواہی کہ راہ اہل تمکین کہ ورثہ انبیاء اند بدانی۔ بجز علم لطائف میسر نشود۔ واگر خواہی کہ سلوک راہ مستقیم بغیر حرکت لغو وتصدیعات بے فائدہ بدست آری بغیر علم لطائف امکان ندارند نعمتے است بغایت بزرگ کہ متاخراں بداں محظوظ شدند۔ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى أَكْثَرِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ" طریق اذکار وافکار کہ امروز در دست مردم ہست وآنرا از اسلاف خود نقل می کنند دو قسم است۔ قسمے آنست کہ عزیزے را شوق راہ گریبان گیر وقت شد کیف ما تفق سلوک نمود

کئے بیابان میں پڑ گئے ہوں۔ اور پھر کچھ تو ان میں ایسے ہوں جو مصائب کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہو گئے ہوں اور کچھ بصد مشکل مراد تک پہنچ گئے ہوں۔ اور عرصہ دراز کے بعد وہ لوگ اپنے وطن واپس آگئے ہوں۔ اب ان میں سے ہر ایک اپنا قصہ بیان کرتا ہے اور ہر ایک نامکمل گفتگو کرتا ہے جس سے سننے والے ان کی متعارض اور متناقض باتوں سے دل برداشتہ ہو جاتے ہیں۔ اور ان میں سے کوئی بھی اس بات پر قدرت نہیں رکھتا کہ اس تعارض کو رفع کر دے اور مواقع کو بیان کر دے۔ اور ہر ایک بات کو اس کے محل ومقام میں رکھدے۔

"حاصل یہ ہے کہ اگر تم چاہتے ہو کہ اہل تمکین (یعنی جو لوگ راہ سلوک طے کرتے وقت سکر کا شکار نہیں ہوتے) جو کہ انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں۔ کی راہ معلوم کرو۔ تو بغیر لطائف کا علم حاصل کئے ایسی راہ کا میسر ہونا مشکل ہے اور اگر تم چاہو کہ سلوک کی سیدھی راہ بغیر بیہودہ حرکات اور بے فائدہ دردسری کے پالو، تو بغیر علم لطائف کے اس کے حصول کا امکان نہیں۔ یہ (علم لطائف) ایک بہت بڑی نعمت ہے کہ جس کے ساتھ متاخرین صوفیہ کرام خوش بخت ہوئے ہیں۔ "یہ محض اللہ کا فضل ہے ہم پر اور دوسرے لوگوں پر لیکن اکثر لوگ ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا شکر نہیں ادا کرتے" ذکر وفکر کا وہ طریق جس پر آجکل لوگ عمل پیرا ہیں اور اسی طریقہ کو انہوں نے اپنے اسلاف سے نقل کیا ہے۔ یہ طریق دو قسم پر ہے۔ ایک قسم وہ ہے کہ کسی عزیز کو اللہ تعالےٰ کی راہ کا شوق دامن گیر ہوا۔ اور اس سے جس طرح بن پڑا اس راستے پر چلنا شروع کر دیا

Marfat.com

آخر بہ مقرِ اطمینانے رسید، وآثار ارشاد از وے دیدہ شد، وطالبانِ بوے رجوع کردند، ووے تا ہماں مقرِ خود دلالت نمود، گویا غیر آں مقرے نیست وغیر آں کمالے نہ، یاران ایں عزیز ہماں راہ را گرفتند، وبرہماں کیفیت اعتماد کلی نمودند۔ اکثر ایں جماعت یک نسبت[۱] دارند، لاغیر، نسبت شوق وقلق، یا نسبت اویسیہ ازواح، یا نسبت مشابہت با ملائکہ سفلیہ، یا نسبت توحید، یا نسبت طہارت، یا نسبت ارتباط بشخوص اذکار در عالم مثال ومانند آں۔ ودریں صورت لطیفہ از لطائف ایشاں بحکم آں نسبت فی الجملہ مہذب شدہ است، وباقی بر جہالت خود است۔ اگر صورت مثال کمال ایشاں پیش تو شبح شود صورتے بینی کہ نیمہ روئے آں سیاہ است۔ ونیمہ سفید۔ "خَلَطُوْا عَمَلاً صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا"۔

آخر کار وہ ایک اطمینان کے مقام پر پہنچ گیا۔ اور اس سے ارشاد (ہدایت) کے آثار ظاہر ہونے شروع ہو گئے اور طالبان ہدایت نے اس کی طرف رجوع کیا۔ اور اس نے انہیں اسی اپنے اطمینان والے مقام کی طرف رہنمائی کی۔ گویا اس مقام کے علاوہ اس کی نگاہ میں کوئی دوسرا مقام نہیں اور اس کمال کے علاوہ اس کے نزدیک کوئی دوسرا کمال نہیں۔ اس کے مریدوں نے وہی راستہ اختیار کیا۔ اور اسی کیفیت پر اعتماد کلی (مکمل بھروسہ) کیا۔ اس جماعت کی اکثریت صرف ایک ہی نسبت رکھنے والوں پر مشتمل ہوئی ہے یا شوق وقلق (بے چینی اور اضطراب) کی نسبت یا نسبت اویسی روحی (جس میں ایک شخص کی روح اپنی فطری صفائی اور خاص مناسبت کی وجہ سے براہِ راست دوسری روح سے مستفید ہوتی ہے۔ خواہ اس دوسری روح کا زمانہ اس سے بہت مقدم ہی کیوں نہ ہو) یا ملائکہ سے مشابہت کی نسبت، یا نسبت توحید، یا نسبت طہارت، یا عالم مثال میں اذکار کی صورتوں کے ساتھ ارتباط کی نسبت، یا اس کی مانند اور نسبتیں، اور اس صورت میں کوئی ایک لطیفہ ان کے لطائف میں سے اس نسبت کی وجہ سے مہذب (شائستہ) ہو جاتا ہے۔ اور باقی لطائف اپنی جہالت پر قائم رہتے ہیں۔ اگر ان لوگوں کے کمال کی مثالی صورت تمہارے سامنے آجائے تو تمہیں ایک ایسی شبیہ نظر آئیگی جس کا آدھا چہرہ سیاہ ہے اور دوسرا آدھا سفید (گویا ان کی مثال ان لوگوں کی سی ہے)

[۱] نسبت کی حقیقت اور اس کی مختلف قسموں کو معلوم کرنے کے لئے حضرت مصنفؒ کی دوسری کتاب "ہمعات فارسی" دیکھنی چاہیئے اس میں بڑی تفصیل سے نسبت اور اس کے متعلقات کو سمجھایا ہے ۱۲ سواتی

Marfat.com

وبسیارے ازیں جماعت التزام[۱] شرع نکنند وگویند ایں ہمہ ظواہر شرع است وحقیقت ولب آنست کہ ما ادراک کردیم "وَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ" ۔

جنہوں نے اپنے نیک و بد اعمال کو آپس میں ملا دیا ہے"۔ اور اس گروہ کے بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو شریعت کے ظاہری احکام کی پابندی نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ یہ تمام (احکام) شریعت کے ظواہر ہیں۔ اور حقیقت اور لب لباب وہ ہے جو ہم نے پا لیا ہے۔ "اور عنقریب جان لینگے وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا کہ کس جگہ پلٹ کر انہوں نے جانا ہے"۔

[۱] ایسے لوگ جو شریعت کے احکام کو اہمیت نہیں دیتے یہ صوفیہ کرام میں سے نہیں بلکہ ایسے لوگ یا تو جاہل مطلق ہیں یا پھر زندیق قسم کے لوگ، تمام صوفیہ کرام نے ظواہر احکام شرع کی پابندی کو لازم قرار دیا ہے اور شریعت کی تعظیم کرتے ہوئے اس پر عمل پیرا رہے ہیں ہم یہاں دو جلیل القدر بزرگوں کے قول نقل کرتے ہیں۔ جو راہ سلوک واحسان کے مسلم امام ہیں۔

چنانچہ حضرت علی ہجویری لاہوریؒ (المعروف بہ داتا گنج بخش) اپنی مشہور کتاب کشف المحجوب ص۱۱ میں فرماتے ہیں۔ "اما علم بندہ باید کہ اندر امور خداوند و معرفت وے باشد، و فریضہ بر بندہ علم وقت باشد، وآنچہ بر موجب وقت بکار آید ظاہر و باطن، وآن بدو قسم است، یکے قسمت اصول است، و دیگر قسمت فروع، ظاہر اصول قول شہادت، و باطنش تحقیق معرفت، و ظاہر فروع ورزش معاملت، و باطنش تصحیح نیت، و قیام ہر یک ازیں، بے دیگر محال باشد، ظاہر بے حقیقت باطن نفاق بود، و باطن بے ظاہر زندقہ، و ظاہر شریعت بے باطن نقص بود، و باطن بے ظاہر ہوس"

اور حضرت امام ربانی شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ معارف لدنیہ ص۲۳ میں فرماتے ہیں۔ "شریعت و طریقت عبارت از حقیقت شریعت است نہ آنکہ حقیقت از شریعت جدا است، طریقت عبارت از طریق وصول است بحقیقت شریعت نہ امر مباین از شریعت و حقیقت پس پیش از تحقق شریعت حصول صورت شریعت است فقط، و حصول حقیقت شریعت در مقام اطمینان نفس است، و وصول بدرجہ ولایت، پیش از وصول بدرجہ ولایت و اطمینان نفس صورت شریعت است چنانکہ در ایمان مذکور شد کہ پیش از اطمینان نفس صورت ایمان است، و بعد از اطمینان نفس صورت حقیقت ایمان"۔ اور اسی طرح ص۵۳ میں فرماتے ہیں "وعجب از بعضے درویشان خام ناتمام کہ کشف خیال خود را اعتبار نمودہ بانکار و مخالفت ایں شریعت باہرہ اقدام می نمایند و حال آنکہ موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام باآں کلیمی و قرب اگر زندہ می بود غیر از متابعت ایں شریعت امر دیگر نمی کرد، وایں فقیراں بے سرو برگ را چہ رسد، کہ مخالفت آں نمایند غیر از انکہ خود را خراب سازند، بداغ الحاد و زندقہ متہم گردند، وعجیب تر آں است کہ مردم اہل و صاحب تمیز متابعت ایں جماعت می نمایند، و جانب شریعت را اصلا ملاحظہ نمی کنند، و باوجود نقصان مخالفت شریعت نمی نمایند، اَفَمَنْ زُیِّنَ لَہٗ سُوْٓءُ عَمَلِہٖ فَرَاٰہُ حَسَنًا" یا مخالف می دانند، و خیال می کنند، کہ حقیقت مخالف شریعت است، وایں عین الحاد و زندقہ است" کل حقیقۃ ردتہ الشریعۃ فہی زندقۃ"

سوانح

Marfat.com

وقسمے آنست کہ استاد آں کامل ومکمل کہ تدبیر کلی ایشاں را مرشد خلق ساخت، وشملے از امت مرحومہ بدست ایشاں جمع نمود وظہور شد بواسطہ ایشاں مراد حق بود، وایشاں را بآنچہ می بایست الہام ساختہ اند، برائے سالکان مقرر نمودہ اند، واتباع ایشاں کابراً عن کابرٍ تلقی کردند کما ہو الحال فی ہذا الطریق العظیمۃ التی سلک فیہا الوف الوف، وایں بزرگواراں تمہید قواعد کماینبغی نمودہ اند وبحسب ہر دائے دوائے وبروفق ہر آفتے علاجے مقرر نمودہ اند مع ہذا اتباع ایشاں نیز اگر علم لطائف ندانند بچند ضرر متضرر شوند۔

یکے آنکہ بسیارے از مسترشدان یک لطیفہ ایشاں در اصل جبلت قوی تراست ولطیفہ دیگر ضعیف تر، پس اگر علی العمیۃ آن اشغال واذکار بکنند، وتربیت آں ہمہ قصد نمایند، مدتہا باید کہ آں لطیفہ قویہ حظ خود

اور دوسری قسم (ذکر وفکر کی) وہ ہے کہ کامل ومکمل استاذ جن کو اللہ تعالیٰ کی تدبیر کلی نے مخلوق کا رہنما بنایا، اور امت مرحومہ کی پراگندگی ان کے ذریعہ رفع کردی ہے۔ ان کی وساطت سے امت کے منتشر اجزاء کو جمع کر دیا ہے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کی مراد تھی ان کے ذریعہ ظہور پذیر ہوئی ہے۔ اور جو باتیں (لوگوں کی ہدایت ورہنمائی کے لئے) ضروری تھیں اللہ تعالیٰ نے انہیں الہام کردیں۔ اور ان کو اس راستے پر چلنے والوں کے لئے (رہنما) مقرر کیا ہے۔ اور ان کے اتباع (تابعداروں) نے نسلاً بعد نسل اس طریقہ کو اپنے پیشروں سے سیکھا اور اخذ کیا جیسا کہ اس عظیم راستے کا حال ہے جس پر ہزاروں لوگ چلتے رہے ہیں۔ اور ان بزرگوں نے اس راستے کے قواعد جس طرح مناسب تھے اسی طرح مقرر کئے ہیں اور ہر بیماری کے لئے ایک خاص دوا تجویز کی، اور ہر آفت کے لئے ایک علاج مقرر کیا۔ لیکن باوجود اس کے اگر ان لوگوں کے اتباع علم لطائف سے بے خبر ہوں تو ان کو کئی طرح نقصان پہنچتا ہے۔

مثلاً ایک نقصان یہ ہے کہ بہت سے مرید کہ جن کا ایک لطیفہ جبلی طور پر نہایت ہی قوی ہے اور دوسرا لطیفہ بہت کمزور ہے۔ تو اگر یہ لوگ اندھا دھند ذکر میں مشغول ہوں اور ان تمام لطائف کی تربیت کا قصد کریں تو بہت سی مدتیں درکار ہیں جن کے بعد وہ قوی لطیفہ اپنا حصہ (سرور اور لطف) حاصل کرے گا۔ اور جوش

Marfat.com

ازانجملہ بگیرد۔ و انتعاشے بدست آرد و در جوش و خروش آید و آثار تہذیب آن لطیفہ ظہور کند و این سالک بمقر اطمینان برسد و اگر بتخصیص تقویت آں لطیفہ پیش گیرند و لطائف دیگر را علی سبیل الاجمال مہذب کنند زود این معنی حاصل شود و سالک بمقر اطمینان خود واصل گردد و مقر اطمینان کہ بعد از طے مراتب و بعد از فناہائے متعددہ حاصل می شود ہماں لطیفہ است کہ در اصل فطرت قوی تر بودہ است

و دیگر آنکہ بر سالک احوال مختلف و فنا و بقار متعدد ظاہر شود و او انتساب ہر حالتے بلطیفہ فہم نکنند و بحیرت درماند و بظن عدم یافت مبتلا شود و داند کہ آنچہ پیش ازیں ظاہر شد محض غرور نفس بود و ازیں سبب حزنے قوی و قبضے عظیم دامن گیر وقت او شود و از کار باز ماند و اگر انتساب ہر حالتے بلطیفہ و رجوع ہر فنائے و بقائے بامرے خاص ادراک نماید ازیں نوع قبض خلاص شدہ باشد

و خروش میں آئیگا۔ اور اس لطیفہ کی تہذیب کے آثار نمایاں ہونگے اور یہ سالک اپنے اطمینان کی جگہ تک پہنچ جائیگا۔ اور اگر بالخصوص اسی (قوی تر) لطیفہ کی تہذیب میں لگے رہیں اور دیگر لطائف کی طرف اجمالی طور پر توجہ مبذول کریں تو جلد یہ مطلب حاصل ہو جائیگا۔ اور سالک اپنے مقام اطمینان تک پہنچ جائیگا۔ اور سالک کے اطمینان کا مقام جس کو کئی مراتب طے کرنے کے بعد اور بہت سی فناؤں کے بعد وہ حاصل کرتا ہے وہ وہی لطیفہ ہے جو کہ سالک کی اصل فطرت میں نہایت ہی قوی تھا۔ اور دوسرا نقصان یہ ہے کہ سالک پر مختلف احوال اور فنا و بقار کے متعدد مقامات ظاہر ہوتے ہیں اب وہ کسی حالت کے ظاہر ہونے کی نسبت کسی لطیفہ سے نہ سمجھیگا اور حیرت کے اندر رہ جائیگا۔ اور عدم یافت (نہ پانے اور نہ حاصل کرنے) کے گمان میں مبتلا ہو جائیگا (یہ خیال کریگا کہ اسے کچھ بھی حاصل نہیں ہوا) اور یہ خیال کرنے لگ جائیگا کہ جو کچھ اس سے پیشتر حاصل ہوا ہے وہ محض نفس کا دھوکا ہے اور اس وجہ سے اس پر بہت قوی غم چھا جائیگا اور کام کرنے سے رک جائیگا اور اگر ہر حالت کی نسبت ایک خاص لطیفے کی طرف کرتا اور فنا و بقار کا رجوع ایک خاص امر کے تحت جانتا تو اس قسم کے انقباض سے رہائی حاصل کر لیتا۔

Marfat.com

دیگر آنکہ احوال اولیاء را ملاحظہ کند، واختلاف اقوال واحوال ایشاں دریابد و در شک افتد و گاہے بایں حالت متوجہ شود و گاہے باں و از کار باز ماند و باشد کہ انتہاء شخصے تاثل نماید وانکارد کہ ایں انتہائے حقیقی سلوک است، وبحقیقت اختلاف احوال واقوال ایشاں وتنوع انتہاء ایشاں مبنی بر اختلاف قوت وضعف لطائف است، در اصل فطرت۔

دیگر آنکہ کارے کہ بعد احاطہ بعلت غائیہ ومناسبت آں کار باں علت کردہ شود اندک کوشش در آں کار حکم کوشش بسیار دارد، و روز بروز آں فائدہ می بیند واز روئے بصیرت ومعرفت خوض می نماید۔ وراہ کشادہ تری گیرد۔ وبالجملہ شرف وفائدہ ایں بسیار است، والقلیل ینبئ عن الکثیر۔

تیسری خرابی یہ ہے کہ ایسا شخص (جو علم لطائف سے بے بہرہ ہو) جب اولیاء کرام کے حالات ملاحظہ کریگا اور ان کے اقوال اور احوال کے اختلاف کو دیکھے گا تو شک میں پڑ جائیگا۔ اور کبھی ایک حالت کی طرف متوجہ ہوگا اور کبھی دوسری حالت کی طرف۔ اور اس طرح یہ کام کرنے سے رہ جائے گا۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ ایک شخص کی انتہائی حالت کو دیکھ کر یقین کرے کہ سلوک کا حقیقی منتہیٰ یہ ہی ہے۔ اور درحقیقت ان کے احوال اور اقوال کا اختلاف اور ان کے انتہاء کی رنگا رنگی۔ ان کے لطائف کی قوت اور ضعف (جو ان کی اصل فطرت میں ہے) کے اختلاف پر مبنی ہوتا ہے۔

چوتھی خرابی یہ ہے کہ جو کام کسی چیز کی علت غائی کے احاطہ کر لینے کے بعد اور اس علت کے ساتھ اس کام کی مناسبت معلوم کرنے کے بعد کیا جائے تو تھوڑی سی کوشش بھی اس کام میں بہت زیادہ کارآمد ہوتی ہے اور زیادہ کوشش کا حکم رکھتی ہے اور دن بدن وہ شخص اس کا فائدہ دیکھتا ہے۔ اور بصیرت اور معرفت کیساتھ اس میں خوض (توجہ) کرتا ہے۔ اور کشادہ راستہ دریافت کر لیتا ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ شرف (برتری اور فضیلت) اور فائدہ اس (علم لطائف) کا بہت زیادہ ہے اور کسی چیز کا تھوڑا سا نمونہ باقی چیز کی حقیقت کو بتلا دیتا ہے۔"

Marfat.com

فصل دوم

(در ماہیات ایں لطائف)

بیان حقیقت ایں لطائف وخواص آں موقوف بر بیان حقیقت روح است و آں مسئلہ از علم[1] حقائق است نہ از علم سلوک و شارع صلوات اللہ علیہ وسلامہ ہیچ رمزے از علم حقائق اظہار نفرمود و بجز علم سلوک و تہذیب تبلیغ نہ نمود مگر مشہور رائے چندے کہ ہیچ طوائف از طوائف عرب وعجم ازاں اجنبی نیست و فرقہ نیست کہ آں علم ورد زبانش نیست پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایں علوم مشہورہ را اجمالاً بیاد ایشاں داد و از خوض در تفصیل و تصویر آں زجر شدید فرمود و ہمیں است سنت انبیاء اللہ اجمعین۔

فصل دوم

(لطائف کی ماہیت کے بیان میں)

ان لطائف کی حقیقت اور ان کے خواص کا بیان روح کی حقیقت کے بیان پر موقوف ہے اور روح کی حقیقت کا بیان، علم حقائق سے تعلق رکھتا ہے نہ کہ علم سلوک سے۔ اور شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کوئی اشارہ (رمز) علم حقائق کی طرف نہیں فرمایا۔ اور آپ نے بجز علم سلوک اور تہذیب نفس کے اور کسی چیز کی تبلیغ نہیں فرمائی۔ مگر یہ (علم حقائق) کچھ اس قسم کا مشہور (علم) ہے کہ عرب وعجم کے مختلف گروہوں میں سے کوئی گروہ ایسا نہیں ہوگا۔ جو اس علم سے اجنبی ہو۔ اور کوئی فرقہ ایسا نہیں کہ یہ علم اس کے ورد زبان نہ ہو، پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ علوم مشہورہ (مثلاً علم حقائق وغیرہ) اجمالی طور پر لوگوں کو یاد کرا دیئے ہیں۔ اور ان کی تفصیل اور تصویر میں خوض کرنے سے شدید طور پر منع فرمایا ہے۔ اور یہی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے۔

[1] علم تصوف کا نظری حصہ جس میں ذات وصفات الٰہی اور دقیق واردات اور تجلیات تخلیق عالم اور ربط الحادث بالقدیم، وجود اعیان ثابتہ تنزلات ستہ۔ روح عالم مثال ظاہر الوجود۔ باطن الوجود اور تمام حقائق سے بحث کی جاتی ہے۔ اس علم کو علم الحقائق کہتے ہیں۔ اور تصوف کا عملی پہلو جس میں اللہ تعالیٰ کا قرب و رضا حاصل کرنے کا طریق اور عبادت و ریاضت کے مختلف طریقے اور تمام واردات کو اپنے اندر جذب کرنے کے عملی پہلو جس علم میں بتائے جاتے ہیں۔ یہ علم سلوک کہلاتا ہے۔ ۱۲۔ سواتی

Marfat.com

نہ پنداری کہ حل ایں علوم مقدور بشر نیست نہ نہ بلکہ اظہار ایں علوم موافق مصلحت جمہور مخاطبان نیست

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز ورنہ در محفل رنداں خبرے نیست کہ نیست

اولی واحری در حق ما مردم نیز ہمیں ست کہ ازیں حرف دم نزنیم و دیدہ را نادیدہ سازیم لیکن اختلاف صوفیہ دریں مسئلہ بسیار شد و طبائع ایشاں متشوف شدند و علم لطائف برایں مسئلہ مبنی شد پس ضرورت پیش آمد "والضرورۃ تبیح المحظورات" روح عبارت از چیزے است کہ اقتران آں با جسد سبب حیات جسد باشد و افتراق آں از جسد سبب موت جسد دیدہ باشی کہ سرگین عفونتے پیدا می کند و جوشے میزند و از آں عفونت و جوش حیوانے در اجزاء آں سرگین قابض می شود و حسے و حرکتے پدید می آید۔ سبب قریب آں حس و حرکت روح است و چوں آدمی میرد حس و حرکت وے بعد ازاں کہ بود زائل میشود و جماد می گردد چیزیکہ از مفارقت او ایں حالت در پیش آمدہ است روح است حالا در حقیقت ایں

تمہیں یہ خیال نہ کرنا چاہیئے کہ ان علوم کا حل کرنا انسانی طاقت سے باہر ہے۔ نہیں یہ بات نہیں۔ بلکہ ان علوم کا اظہار عوام مخاطبین کی مصلحت کے موافق نہیں ہے (جیسا کہ حضرت خواجہ حافظ شیرازیؒ نے فرمایا ہے) ؎

مصلحت نہیں کہ راز پردہ سے باہر نکلے۔ ورنہ رندوں کی محفل میں وہ کونسی بات ہے جس کا علم نہیں"۔

پس زیادہ مناسب اور لائق ہم لوگوں کے لئے یہ بات ہے کہ ہم بھی اس سے پہلو تہی کریں۔ اور دیکھی ہوئی بات کو ان دیکھی سمجھیں، لیکن چونکہ صوفیہ کرام کا اس مسئلہ میں بہت اختلاف پیدا ہو گیا ہے اور ان کی طبیعتیں اس کی حقیقت معلوم کرنے کے لئے منتظر رہنے لگیں، اور علم لطائف کی بنیاد بھی اسی مسئلہ پر تھی۔ لہذا ضرورت پیش آئی کہ اس مسئلہ میں بحث کی جائے) اور ضرورت تو ممنوعات کو بھی مباح کر دیتی ہے (یعنی جن چیزوں میں بحث کرنی مناسب نہیں ہوتی مجبوراً ان کو بھی زیر بحث لانا پڑتا ہے)۔ روح اسے کہتے ہیں کہ جس کے جسم کے ساتھ مل جانے سے جسم کو زندگی حاصل ہو جاتی ہے اور جسم سے اس کی جدائی کی وجہ سے جسم مردہ ہو جاتا ہے۔ تم نے دیکھا ہو گا کہ گوبر میں ایک قسم کی سڑاند اور بدبو پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس سے گوبر میں جوش پیدا ہو جاتا ہے۔ اور اس تعفن اور جوش سے ایک کیڑا اس گوبر کے

Marfat.com

روح خوض باید کرد۔

باید دانست کہ ایں روح مرکب از سہ جزو است نسیم طیب کہ از بخار لطیف عناصر بعد بعضے چند پیدا می شود و حمل قویٰ تغذیہ و تنمیہ و ادراک می نماید و او را نسمہ و روح طبعی و بدن ہوائی می گویم و او سیار یست در لحم و عظم مثل سریان نار در فحم یا گلاب در ورد و روح ہوائی را بسبب ہمیں جزو علاقہ بابدن واقع شدہ است و بدن بہ سبب مفارقت وے موت می چشد چنانکہ وے نیز بسبب مفارقت بدن موت مقاسات می نماید۔ و معدن اصل ایں بخار لطیف قلب و دماغ و کبد است و از غلیان در قلب متولد می شود و تدبیر طب را در آں تصرف جاری ست از جہت تغلیظ و ترقیق و تصفیہ و تکدیر و تکثیر و تقلیل و اثر ہر حالتے ازیں حالات نزدیک اطباء معروف است و بہ تجربہ واضح و انقطاع آں علاقہ از قلب معتبر

اجزاء میں خالص ہو جاتا ہے اور حس و حرکت ظاہر ہوتی ہے۔ اس حس و حرکت کا سبب قریب روح ہے اور جب آدمی مر جاتا ہے تو اس کی حس و حرکت جو اس میں تھی وہ زائل ہو جاتی ہے۔ اور وہ بالکل (پتھر مٹی وغیرہ کی طرح) بے جان ہو جاتا ہے۔ وہ چیز کہ جس کی جدائی سے یہ حالت پیدا ہوتی ہے وہ روح ہے۔ اب اسکی روح کی حقیقت میں خوض کرنا چاہئے۔ جاننا چاہئے کہ یہ روح تین اجزاء سے مرکب ہے۔ نسیم (پاکیزہ ہوا) جو عناصر کے لطیف بخار سے کئی بعضوں کے بعد پیدا ہوتی ہے اور غذا اور نشو و نما اور ادراک کی قوتوں کی حامل ہوتی ہے اور اس کو ہم نسمہ، روح طبعی اور بدن ہوائی بھی کہتے ہیں اور یہ گوشت اور ہڈیوں میں اسطرح سرایت کرتی ہے جس طرح آگ کوئلہ میں۔ اور گلاب کا پانی گلاب کے پھول میں۔ اور روح ہوائی کو اسی جز کی وجہ سے جسم کے ساتھ تعلق ہوتا ہے اور جسم اس کی جدائی کی وجہ سے موت کا مزہ چکھتا ہے۔ جس طرح کہ وہ خود بھی جسم کی جدائی کے باعث موت کی تکالیف اور رنج اٹھاتی ہے اور اس لطیف بخار کا اصلی معدن و مرکز، دل، دماغ اور جگر ہے۔ اور خون کے جوش سے یہ قلب میں پیدا ہوتا ہے اور طب کی تدبیر کا تصرف اس میں جاری ہے (بایں طور کہ) اس کے گاڑھے پتلے صاف اور گدلا ہونے میں اور اس کے گھٹانے بڑھانے میں (طبی تصرفات ہو سکتے ہیں) اور ان میں سے ہر ایک کی حالت

Marfat.com

بموت می شود و وے بموت مانند درختے می گردد کہ او را از بیخ بریدہ باشند، و بہ سبب بریدن آں تغذیہ را و بدل ما یتحلل را تباہ کردہ باشند اما آں جسم خشب مدتے باید از ہم پاشد، و ترکیب او منحل گردد و علی ہذا الاسلوب علاقہ نفس ناطقہ بایں بخار لطیف بعد موت ہمچناں باقی است و آں بخار لطیف بر صورت بدن لحمی ہمچناں قائم آرے آہستہ آہستہ بعض اجزاء او متناثر می شود، و جزو دیگر نفس ناطقہ است و آنرا نیز باید دانست چوں نواۃ را در زمینے نشانیم و اجزاء لطیفہ آب و ہوا و ارض از ہر جہت بوے احاطہ کنند آں نواۃ بقوتے کہ خدائے در وے نہادہ است اجزاء لطیفہ را بخود در کشد و آنرا تحویل کند بصورتے دیگر و صرف نماید در زیادت جسم خود بوجہے خاص و نظام معین آنگاہ برگ و شناق پدید آید و رفتہ رفتہ بازہار و ثمار و اوراق و غصون کشد و در آخر ضعف پیدا کند و متلاشی شود و چوں ہر نواۃ را

کا اثر اطباء کے نزدیک مشہور ہے اور تجربہ سے بھی واضح ہے۔ اور اس علاقہ کے قلب سے منقطع ہونے کو موت سے تعبیر کیا جاتا ہے اور بدن موت کی وجہ سے ایسا ہو جاتا ہے جیسا ایک درخت کہ اسے جڑ سے کاٹ ڈالیں اور اس کے کاٹنے کی وجہ سے اس درخت کے تغذیہ اور بدل ما یتحلل (یعنی جو چیز جسم سے ضائع ہو جاتی ہے اس کا بدل مہیا کرنا) کو ضائع کر دیا جاتا ہے لیکن (بایں ہمہ) اس لکڑی کے جسم کے لئے ایک مدت درکار ہوتی ہے جس کے بعد وہ پھٹ جائے اور اس کی ترکیب درہم برہم ہو جائے۔ اور اسی طرح نفس ناطقہ کا علاقہ اس بخار لطیف کے ساتھ موت کے بعد بھی باقی رہتا ہے۔ اور وہ بخار لطیف لحمی بدن کی صورت (یعنی اس کے مثالی جسم) کے ساتھ ہی طرح قائم رہتا ہے۔ ہاں آہستہ آہستہ اس کے بعض اجزاء بکھر کر منتشر ہو جاتے ہیں۔ اور روح کا دوسرا جزء نفس ناطقہ ہے اس کو بھی معلوم کرنا چاہئے جب گٹھلی کو ہم زمین میں بو دیتے ہیں اور پانی ہوا اور زمین کے لطیف اجزاء اسے ہر طرف سے گھیر لیتے ہیں تو وہ گٹھلی اس قوت سے جو اللہ تعالیٰ نے اس میں ودیعت رکھی ہے اجزاء لطیفہ کو اپنی طرف کھینچتی ہے اور اس کو دوسری صورت میں تبدیل کرتی ہے اور اپنے جسم کے نشو و نما اور زیادتی میں صرف کرتی ہے۔ ایک خاص طریقے اور معین نظام کے تحت۔ تو اسوقت وہ برگ و بار ظاہر کرتی ہے اور رفتہ رفتہ

Marfat.com

تصرف بنوعے دیگری بینیم وہر درخت را نظمے دیگر معلوم می نمایم عقل مضطری شود باثبات نفسے که حمل ایں قوی کردہ است وہچنیں چوں عفونت مرکبات ارضیہ بحد خود میرسد بایں است کہ منی و خون حیض در رحم بہم آید و نفس والدہ تدبیراو کند تا آنکہ قلب و کبد و دماغ ظاہر شود و روحے ہوائی دراں منفوخ گردد، و در ہر دو صورت بروز[۱] و کمون ظاہر شود، و آن اجزاء را صورت بگردد و صورت دیگر پدید آید و ایں صورت را احکامے دیگر باشند۔ و بہمیں قیاس نفسے ہست کہ نظام انسانی را تقاضا می کند، و خواص انسانی از رائے کلی و لطائف خمس بتفصیل و توفیر ازاں منشعب

پھول، پھل، پتے، شاخیں برآمد ہوتے ہیں۔ اور آخر کار اس میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے۔ اور وہ قوت ختم اور نابود ہو جاتی ہے۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ ہر گٹھلی کا تصرف جداگانہ ہے اور ہر ایک درخت کا نظام بالکل مختلف اور الگ معلوم ہوتا ہے تو پھر عقل مجبور ہو جاتی ہے کہ ایک نفس ثابت کرے جو ان قوتوں کا حامل ہوتا ہے۔ اور اسی طرح جب مرکبات ارضیہ کی عفونت اپنی حد کو پہنچ جاتی ہے۔ بایں طور کہ منی اور خون حیض رحم (انثیٰ) میں اکٹھے ہو جاتے ہیں اور والدہ کا نفس اس میں تدبیر کرتا ہے یہاں تک کہ دل، جگر، دماغ نمودار ہو جاتے ہیں اور روح ہوائی اس میں پھونک دی جاتی ہے اور دونوں میں بروز اور کمون کی صورت ظاہر ہوتی ہے اور ان اجزاء کی صورت بن جاتی ہے۔ اور ایک دوسری صورت ظاہر ہو جاتی ہے۔ اور اس صورت کے احکام دوسری قسم کے ہوتے ہیں۔ جو اس کے ساتھ وابستہ ہوتے ہیں۔ اور اس کو نفس حیوانی کہتے ہیں۔ اور اسی طرح ایک نفس ہے جو نظام انسانی کا تقاضا کرتا ہے۔ اور انسان کے خواص (مثلاً) رائے کلی اور لطائف خمسہ تفصیل کے ساتھ اور پوری طرح اس سے نکلتے ہیں۔ اور اس کو نفس ناطقہ کہتے ہیں۔

[۱] بروز اور کمون کا معنی ظہور اور خفاء ہے یعنی جو قوت مخفی ہوتی ہے وہ ظاہر ہو جاتی ہے اور جو قوت ظاہری حالت میں ہوتی ہے وہ تبدیلی پر مخفی ہو جاتی ہے۔ ۱۲ سواتی

Marfat.com

می گردد، وآنرا نفس ناطقہ گویند، و این نفس ناطقہ خصوصاً وہر نفسے کہ ہست عموماً حبابے است از دریائے نفس کلیہ" وموجے است از امواج آں۔ تفصیل این معنی آنکہ اہل وجدان ادراک کردہ اند کہ در عالم یک نفس است مدبر کلیہ مافی الکون ہرچہ از عرش تا فرش می گذرد ہم مقتضائے آں نفس است وآنرا "نفس کلیہ" گویند۔ وباعتبار مبدائیت افعال خاصہ طبعیہ کلیہ ونظامے راکہ مقتضائے آن نفس است مصلحت کلیہ، نفوس جزئیہ افلاک، وطبائع عناصر ونفوس نباتیہ وحیوانیہ ہم بمنزلہ مزاجہائے مختلف اعضاء وارواح حاملہ قوی اعتبار باید کرد، ہمہ مجتمع دریک نفس اند ومدبر یک تدبیر۔ وبارز وکامن در اطوار وادوار خلق ہماں نفس است، وقتیکہ آب ہوا می شود، وہوا آب، نفس کلیہ باقی در حالتین است کہ بیک طور خود کمون نمودہ است، وبیک وضع ظہور فرمودہ، پس حقیقت نفس

اور یہ نفس ناطقہ بالخصوص اور اس کے علاوہ جو بھی نفوس ہیں۔ وہ عموماً سب کے سب نفس کلیہ کے دریا کے حباب (بلبلے) ہیں۔ اور اس کی امواج میں سے ایک موج ہیں اس کی تفصیل یہ ہے کہ اہل وجدان (اہل کشف) نے معلوم کیا ہے کہ عالم میں ایک نفس ہے جو کل موجوات کا مدبر ہے۔ عرش سے لے کر فرش تک جو کچھ ہے وہ اس نفس کا مقتضیٰ ہے اور اس کو نفس کلیہ کہتے ہیں۔ اور افعال خاصہ کی مبدائیت (ابتداء) کے اعتبار سے اس کو "طبیعت کلیہ" کہتے ہیں۔ اور وہ نظام جو اس نفس کا مقتضیٰ ہے اسکو "مصلحت کلیہ" کہتے ہیں۔ اور افلاک کے نفوس جزئیہ اور عناصر کی طبیعتیں، اور نفوس نباتیہ اور حیوانیہ سب کو بمنزلہ اعضاء کے مختلف امزجہ، اور ارواح جو قوتوں کی حامل ہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ سب ایک ہی نفس میں اکٹھی ہیں اور ایک ہی مدبر کی تدبیر کے تحت ہیں۔ اور بارز (ظاہر ہونے والا) اور کامن (پوشیدہ ہونے والا) پیدائش کے مختلف اطوار و ادوار میں وہی نفس ہے۔ مثلاً جس وقت پانی ہوا میں تبدیل ہو جاتا ہے اور ہوا پانی میں، تو نفس کلیہ" دونوں حالتوں میں یکساں باقی رہتا ہے جو ایک وضع اور ہیئت سے چھپ گیا ہے اور دوسری وضع سے اس نے ظہور کیا ہے۔ پس حقیقت نفس ناطقہ کی وہی نفس کلیہ ہے۔

Marfat.com

ناطقہ ہمیں نفس کلیہ است، بانضمام برزہ خاصہ کہ بمقتضائے استعداد ہیولیٰ خواہد بود راسا براین وفنا از وجود روحانی بسبب اضمحلال نفس ناطقہ در نفس کلیہ ناشی می شود۔

وجزو سویم روح ملکوت است، وتفصیلش آنکہ بعض قویٰ نفس کلیہ حمل می کند صورۃ آنچہ بودنی است قبل از بودن آن، مانند حمل آدمی صورۃ کار مطلوب را در نفس خود قبل از ظہور این کار در کار خارج بوجہے کہ می تواں گفت کہ مربعہ موجود در نفس ما ہماں مربع است کہ در خارج موجود شدہ، بہماں وجہ می تواں گفت کہ آں صورۃ مکنونہ در آں قویٰ بعینہا ہماں صورت است کہ در خارج پدید می آید۔

بالجملہ چوں خدائے تبارک وتعالیٰ ارادہ فرمود کہ نوع انسان را خلق فرماید قبل از خلق وے بمدت بسیار صورۃ اجمالیہ نوع انسان را در آں قویٰ خلق فرمود، وبعد از سالہائے بسیار فیضے دیگر از مبدأ خاص بتازگی باین صورت انسانیہ رسید، وآں یک چیز بچیز ہائے بسیار منفسر شد مانند آنکہ در

لیکن ایک خاص قسم کے برزہ (مخصوص ظہور) کے باعث جو کہ اس میں ہیولیٰ کی استعداد کے تقاضے سے موجود تھا برابر ٹھیک ٹھیک طور پر اس نے ظہور کیا ہے اور نفس ناطقہ کے نفس کلیہ میں اضمحلال کی وجہ سے روحانی وجود سے فنا پیدا ہو جاتی ہے۔ اور تیسرا جزو اس کا روح ملکوت ہے اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ نفس کلیہ کی بعض قوتیں (مستقبل میں ہونے والی چیزوں کی) صورتوں کو اٹھاتی ہیں ان کے ہونے سے قبل جس طرح کہ انسان کسی کام کی صورت کو اپنے ذہن میں اس کام کے ظاہر ہونے سے قبل اٹھاتا ہے اور یہ اس طرح کہ مثلاً ایک مربع شکل کو جبکہ وہ خارج میں موجود ہو جائے تو کہہ سکتے ہیں کہ یہ وہی مربع شکل ہے جو ہمارے ذہن میں تھی۔ اسی طرح کہہ سکتے ہیں کہ جو پوشیدہ صورت ان قوتوں میں تھی یہ بعینہ وہی صورت ہے جو خارج میں ظاہر ہوئی ہے۔ حاصل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ نوع انسانی کو پیدا کرے تو اسکی پیدائش سے ایک طویل عرصہ قبل نوع انسانی کی صورت اجمالیہ ان قوتوں میں پیدا کر دی اور سالہا سال کے بعد ایک دوسرا فیض مبدأ خاص سے تازہ حالت

Marfat.com

یک آئینہ صورۃ آفتاب ظاہر شدہ باشد، و آئینہا بسیار مختلف المقادیر و الوان حوالی آں آئینہ نہند و در ہر یکے آں صورت منطبع گردد، و آں ہمہ بیک وجہ موجودات مستقلہ اند و بیک وجہ قائم بہماں صورۃ اجمالیہ ہر یک ازیں صورتہا روح یکے از بشر شد ولبعد از سالہائے بسیار باز فیضے تازہ بایں صورۃ رسید، و در بعض قوی نازلہ نزول نمود و چوں روح ہوائی در جسد انسانی منفوخ گردد "نفس کلیہ" از یک بروزہ کمون نماید و بدیگر بروزہ ظہور فرماید، و نفس کلیہ من حیث التقید آں بروزہ معبّر بنفس ناطقہ شود، و آں صورۃ روحانی باوے یکے گردد چنانکہ جسم مربعہ با مربعہ موہوم متصوّر یکے گردد، و بسبب ہمیں جزو حاضر در "حظیرۃ القدس" می شود، و اعمال ایں شخص "در علیین" یا "در سجین" "مرقوم می گردد"، و اگر عمل نیک می کند دریں صورت مثالیہ نقطہ بیضا ظاہر می شود، و اگر عمل بد می کند دریں صورت مثالیہ نقطہ سودا ظہور می کند،

میں اس صورت انسانیہ تک پہنچا، تو وہ ایک ہی چیز اب بہت سی چیزوں میں ظاہر ہوگی، جس طرح ایک آئینہ میں آفتاب کی صورت ظاہر ہو، اور بہت سے دوسرے مختلف مقداروں اور مختلف رنگوں کے آئینے اس آئینے کے ارد گرد رکھدیئے جائیں، اور ہر ایک آئینے میں وہ صورت منطبع ہو، وہ تمام صورتیں ایک وجہ سے مستقل وجود ہیں، اور ایک وجہ سے قائم ہیں اسی صورت اجمالیہ کے ساتھ، تو ان صورتوں میں سے ہر ایک صورت ایک انسان (بشر) کی روح ہوئی، اور اس کے سالہا بعد پھر ایک تازہ فیض اس صورت کے ساتھ آملتا ہے۔ اور نفس کلیہ کی بعض نازل قوتوں میں (نیچے اتر کر اس حالت سے دوسری حالت میں) اس نے نزول کیا، اور جب روح ہوائی انسانی جسم میں پھونک دی گئی، اور نفس کلیہ نے ایک ظہور (بروزہ) سے کمون (پوشیدگی) اختیار کر لیا، اور دوسرے ظہور میں نمایاں ہوگیا اور نفس کلیہ باعتبار اس بروزہ میں مقید ہونے کے نفس ناطقہ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور وہ صورت روحانی اس کے ساتھ متحد ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ مربع جسم اس موہوم مربعہ کے ساتھ متحد ہو جاتا ہے جو ذہن میں تصور کیا گیا تھا اور اسی جزو کی وجہ سے وہ "حظیرۃ القدس" میں حاضر ہوتا ہے اور اس شخص کے اعمال علیین یا سجین میں لکھے جاتے ہیں اگر نیک عمل کرتا ہے تو اس مثالی صورت میں ایک سفید نقطہ ظاہر ہوتا ہے اور اگر برے عمل کرتا ہے تو اس

و در معاد با شخص انسانی متحد گردد و نطق جلوه و جوارح و ظهور نامہائے اعمال واقعہ شود چوں اجزار روح دانستہ شد بعد ازاں باید دانست کہ ہر جزو را خاصیتے است علیحدہ و ہر دو دو را نیز خاصیتے وجمیع آنچہ بر روح وارد می شوند از احکام معاش و معاد مستند بہماں خواص است و لطائف نفس نیز منشعب ازیں کثرۃ اجزاء پس خاصیت روح ہوائی آنست کہ بعناصر مستمد باشد و در ناسوت متمکن شود و روح ہوائی راسہ حالت است

یکے آنکہ مقہور و مغلوب جوارح باشد کار روئے اتمام آں افعال است کہ از جوارح صادر شوند باں معنی کہ در مقتضیات طبیعت بحکم عادت جوارح جاری شوند و روح بکلی مغمور در آں باشد و دریں حالت نفس بہیمی خواہد بود۔

مثالی صورت میں سیاہ نقطہ ظاہر ہوتا ہے اور یہ معاد (قیامت) میں شخص انسانی کے ساتھ متحد ہو جائیگا اور جسم، ہاتھ پاؤں (جوارح) کا بولنا اور اعمال ناموں کے ظاہر ہونے کا واقعہ ظہور پذیر ہوگا۔ جب روح کے اجزاء تم نے جان لئے تو اس کیلئے یہ جان لینا چاہئے کہ ہر جزو کی خاصیت جدا جدا ہے اور پھر دو دو کے خواص بھی الگ الگ ہیں اور تمام وہ باتیں جو روح پر وارد ہوتی ہیں معاش اور معاد کے احکام میں سے وہ سب انہیں خواص کی طرف منسوب ہوتی ہیں۔ اور لطائف نفس بھی اسی کثرۃ اجزاء سے پھوٹتے ہیں پس خاصیت روح ہوائی کی یہ ہے کہ یہ عناصر سے امداد حاصل کرتی ہے۔ اور ناسوت (عالم مادی) میں قرار پکڑ لیتی ہے اور روح ہوائی کی تین حالتیں ہیں۔

ایک یہ کہ وہ جوارح سے مغلوب ہوتی ہے اور ان کے زیر فرمان (مقہور) اور اس کا کام ان افعال کو پورا کرنا ہوتا ہے جو جوارح سے صادر ہوتے ہیں باایں معنی کہ عادت کے مطابق طبیعت کے مقتضیات جو افعال جوارح کے ذریعہ جاری ہوتے ہیں اور روح بالکلیہ (پوری طرح) ان میں ڈوب جاتی ہے۔ اور اس حالت میں یہ نفس بہیمی ہوگا۔

Marfat.com

وحالت دوم آنست کہ از مغمور بودن در حکم جوارح خلاص شود و آں اخلاق و صفات کہ تعلق بارواح قلبیہ و دماغیہ دارد برروے غالب آید یا ایں است کہ عمل جوارح ہمہ بالکل آں اخلاق و متممات آں باشد و آں اخلاق بدوں عمل جوارح صورت نگیرد یا ایں است کہ اخلاق فی انفسہا تمام باشند و عمل جوارح مقتضی آں اخلاق و شرح آں باشد و کیف ما کان دریں حالت نفس انسانی خواہد بود۔

وحالت سیوم آنکہ ایں روح ہوائی مغلوب و مقہور یکے از دو چیز دیگر باشد و دریں حالت نفس ملکی خواہد بود۔

وخاصیت روح ملکوت آنست کہ پیش روح القدس کہ در حظیرۃ القدس قایم است حاضر شود و بادو اتصال پیدا کند و در ملاء اعلیٰ قدم راسخ داشتہ باشد و با ملائکہ ملاء اعلیٰ بقدر استعداد ہم زبانی داشتہ باشد و از ارواح افلاک رموز و اسرار بر دل وے فائض گردد و سبب مجازات بحقیقت انجذاب ہمیں جزو است بخاصیت خود بسوئے حظیرۃ القدس پس اگر صفات مناسبہ

اور روح ہوائی کی دوسری حالت یہ ہے کہ وہ جوارح میں بالکل مستغرق ہونے سے چھوٹ جائے اور وہ اخلاق اور صفات جو ارواح قلبیہ اور دماغیہ سے تعلق رکھتے ہیں اس پر غالب آجائیں یا یہ صورت ہو کہ جوارح کے اعمال ان اخلاق کی شکل میں ہوں یا انہیں پورا کرنے والے اور وہ اخلاق بغیر جوارح کے اعمال کے ممکن نہ ہوں یا یہ صورت ہو کہ وہ اخلاق تو فی نفسہا پورے اور تمام ہوں اور جوارح کے اعمال ان اخلاق کے مقتضیات اور ان کی شرح ہوں بہر حال جو صورت بھی ہو اس حالت میں نفس انسانی ہوگا۔ اور روح ہوائی کی تیسری حالت یہ ہے کہ یہ روح ہوائی دو چیزوں میں سے کسی ایک سے مغلوب اور مقہور ہو اور اس حالت میں یہ نفس ملکی ہوگا۔ اور خاصیت روح ملکوتی کی یہ ہے کہ روح القدس کے سامنے جو کہ حظیرۃ القدس میں قائم ہے حاضر ہو اور اس کے ساتھ اتصال پیدا کرلے۔ اور ملاء اعلیٰ کے اندر پختہ قدم رکھنے والا ہو اور ملائکہ ملاء اعلیٰ کے ساتھ بقدر استعداد ہم زبان ہو اور روح افلاک سے رموز و اسرار اس کے دل پر فائض ہوں اور جزا کا سبب

Marfat.com

باں مقام در روح ہوائی مرکوز است انس و راحت یابد٬ و اگر صفات مضادہ ایں مقام در روح ہوائی ثابت است وحشت و نفرت٬ و مثل ارتباط روح ہوائی باایں روح علوی مثل اختلاط رطوبۃ مائیہ است با جوہر فضہ در جسم سیماب٬ پس رطوبت و فضہ ہر دو گرہ خوردہ اند٬ و عقدے بہم رسانیدہ کہ اصلا انفکاک یکے از دیگر گنجائش ندارد٬ و عقلاء می شناسند کہ سیلان از رطوبت است٬ و ثقل از فضہ ہمچنیں روح علوی٬ و روح ہوائی٬ باہم منعقد شدند٬ و انفکاک متعذر شدہ٬ و بمقتضائے انجذاب یکے دیگر منجذب شود٬ و بصفات یکے دیگر متألم یا متنعم گردد٬

و خاصیت نفس ناطقہ بہ نسبت ایں روح ہوائی جمع شتات بدن اوست٬ و درمیان اجزاء او گرہ زدن چنانکہ در نفس نبات معاینہ می کنم کہ اجزاء را بیک صورۃ ساختہ است و باہم آں اجزاء را گرہ زدہ بوجہے کہ اگر از بیخ بریدہ گردد مارتے باید کہ آں اجزاء منفک شوند٬ ہمچنیں اعضاء روح ہوائی

درحقیقت اسی جزء کا انجذاب ہے اپنی خاصیت سے حظیرۃ القدس کی طرف٬ پس ایسی صفات جو اس مقام کے مناسب ہیں٬ روح ہوائی میں مرکوز ہوں تو انس اور راحت پائیگا۔ اور اگر اس کے خلاف صفات جو اس مقام کے مناسب نہیں٬ روح ہوائی کے اندر ثابت ہوں٬ تو پھر وہ وحشت اور نفرت محسوس کریگا اور اس روح ہوائی کا ربط اس روح علوی کے ساتھ ایسا ہے جیسا کہ رطوبت مائیہ کا اختلاط چاندی کے جوہر کے ساتھ پارے کے جسم میں۔ پس رطوبت اور چاندی دونوں نے مل کر آپس میں ایک گرہ کھائی ہے (ایکدوسرے سے گتھ گئے ہیں) اور یہ ایسی گرہ ہے کہ ایک دوسرے سے جدا ہونا بہت دشوار ہے۔ اور عقلاء اس بات کو جانتے ہیں کہ سیلان (بہنا) رطوبت کی وجہ سے ہے اور ثقل (بوجھ) چاندی کی وجہ سے۔ اسی طرح روح علوی اور روح ہوائی ایکدوسرے کے ساتھ مل کر ایک جان ہوگئے ہیں٬ اور ان کی علیحدگی دشوار ہے۔ اور انجذاب (کشش) کے تقاضا سے ہر ایک دوسرے کی طرف کھینچتا ہے اور ایک دوسرے کی صفات سے متاثر ہوتا ہے٬ ایک دوسرے کے درد سے متالم اور راحت و آرام سے دوسرا راحت اور آرام پاتا ہے۔ اور نفس ناطقہ کی خاصیت اس روح ہوائی کے ساتھ یہ ہے کہ اسکے بدن

Marfat.com

را نفس ناطقہ باہم متصل ساختہ است مزاجے در وے بخشیدہ پس اگر موت درمیان این روح ہوائی و بدن لحمی حایل شود آں تغذیہ و تولید را برہم زند۔ آں روح ہوائی بمنزلہ آدمی دست و پا بریدہ باشد و آں نفس ہمچناں بہ تدبیر او قائم و در آں روح ہوائی حس مشترک و متصرفہ و واہمہ و خیال و حافظہ ہمچناں باقی است و اخلاق راسخہ و ارادہ ہا متجددہ ہمچناں برحال خود اگر بصر و سمع مفقود شدہ است لحس مشترک بجائے او نشستہ بسبب آنکہ مدتے در دنیا بواسطہ سمع و بصر ادراک می گردد و بآں وضع آشنا شدہ بود و تمرین یافتہ پس بعد مفارقت بسبب فیض نفس ناطقہ بلکہ بسبب مصلحت کلیہ کہ اینجا مفضی بمصلحت جزئیہ شدہ است ہماں حس مشترک کار سمع و بصر می کند و بادنی التفات از مبداء فیاض صورت آں مسموع و آں مبصر بروے فائض می گردد مثل فیضان صورۃ نتیجہ بر قوۃ دراکہ نزدیک ملاحظہ بعض مقدمات در

کے مختلف اور پراگندہ اجزاء کو جمع کرتا ہے اور ان میں گرہ لگاتا ہے۔ جیسا کہ نفس نباتی میں ہم دیکھتے ہیں کہ مختلف اجزاء کو ایک صورت میں جمع کر کے ان میں گرہ لگاتا ہے اگر یہ درخت جڑ سے کاٹ دیا جائے تو ایک مدت چاہیئے اس کے اجزاء کو الگ ہونے کیلئے۔ اسی طرح روح ہوائی کے اجزاء کو نفس ناطقہ ایک جگہ جوڑ کر ان میں ایک مزاج پیدا کر دیتا ہے۔ پس اگر موت اس روح ہوائی اور بدن لحمی کے درمیان حایل ہو جائے تو اس بدن کے تغذیہ اور تولید کے نظام کو درہم برہم کر دیتی ہے۔ یہ روح ہوائی بمنزلہ دست و پا بریدہ آدمی کے ہوگی اور وہ نفس اس طرح بدستور بدن کی تدبیر کرنے میں مصروف ہوگا اور اس روح ہوائی میں حواس باطنہ حس مشترک، قوۃ متصرفہ، قوۃ واہمہ، خیال قوۃ حافظہ، اسی طرح باقی ہونگے، اور پختہ اخلاق اور ارادہ متجددہ (نو بنو پیدا ہونے والا ارادہ) اسی طرح اپنی حالت پر قائم ہوگا۔ اگر آنکھ اور کان مفقود ہو گئے ہیں تو حس مشترک ان کے بجائے قائم ہے اور بایں سبب کہ ایک مدت تک دنیا میں آنکھ کان کی وجہ سے ادراک ہوتا ہے اور انسان اس وضع سے آشنا ہو گئے تھے اور مشق بہم پہنچائی تھی (یعنی اسطرح سننے یا دیکھنے کے عادی ہو گئے تھے) تو اب جدائی کے بعد نفس ناطقہ کے فیضان کی وجہ سے بلکہ مصلحت کلیہ کے سبب سے جو اس جگہ مصلحت جزئیہ کی طرف مفضی ہو گئی ہے وہی حس مشترک سننے یا دیکھنے کا کام دیتی ہے

Marfat.com

صورت حدس ؛ ۔

وخاصیت نفس ناطقہ بہ نسبت اصل خود اضمحلال در نفس کلیہ است و از راہِ عروق ماسا یقا داعیہ انانیۃ کبری قبول نمودن و از راہِ روح ملکوت الہام ملائکہ و مشاہدہ حظیرۃ القدس پذیرفتن و اگر روح ہوائی مغلوب روح ملکوت گردد بمنزلہ فرشتہ شود از فرشتگان ملاء اعلیٰ یا فرشتہ از فرشتگان ملاء سافل و درمیان ایں دو جزو لطیف و روح ہوائی پنج لطیفہ متولد شود و سر تولید آنکہ ایں ہر دو جزو لطیف قائم شدند باں روح ہوائی و اعتماد کردہ اند بروے و عشق و الفت بہم رسانیدہ اند باوے پس لاچار فیض ہر دو جزو بحسب تنوع قوائے روح ہوائی متنوع شد قوتے کہ عمدہ آں در کبد است نفس شہوی است و قوتے کہ عمدہ آں در مضغہ صنوبری است کہ حامل ملکات و اخلاق است قلب است و قوتے کہ عمدہ

اور ادنی) توجہ پر مبداءِ فیاض اس مسموع اور مبصر (جو چیز دیکھی اور سنی جاتی ہے) کی صورت کو اس طرح فائض کر دیتا ہے جیسا کہ نتیجے کا فیضان قوت درّاکہ (بہت زیادہ معلوم کرنے والی قوت) پر جس وقت وہ بعض مقدمات کا ملاحظہ کرتی ہے حدس کی صورت ہیں (تیز ذہن کی صورت ہیں) ۔ اور نفس ناطقہ کی خاصیت یہ ہے کہ یہ باعتبار اپنی اصل کے نفس کلیہ کے اندر مضمحل (محو و نیست) ہو جاتا ہے اور عروق ماسا یقا رہ وہ باریک باریک رگیں جو آنتوں سے رطوبت جاذب کر کے جگر تک پہنچاتی ہیں) کی راہ سے انانیت کبریٰ کے داعیہ (ارادہ) کو قبول کرتا ہے اور ملکوت کی راہ سے فرشتوں کا الہام قبول کرتا ہے اور حظیرۃ القدس کا مشاہدہ کرتا ہے اگر روح ہوائی روح ملکوت سے مغلوب ہو تو بمنزلہ فرشتہ ہو جاتا ہے خواہ ملاء اعلیٰ کے فرشتے ہوں یا ملاء سافل کے ۔ اور ان دو لطیف اجزاء اور روح ہوائی کے درمیان پانچ لطائف پیدا ہوتے ہیں اور ان کے پیدا ہونے کا راز یہ ہے کہ یہ دونوں لطیف جزو اس روح ہوائی کے ساتھ قائم ہوتے ہیں اور اس کے اوپر اعتماد کرتے ہیں اور اسکے ساتھ عشق اور الفت کا تعلق پیدا کر لیتے ہیں پس لامحالہ ان دونوں اجزاء کا فیض بموجب تقسیم ہونے روح ہوائی کی قوتوں کے (یعنی روح ہوائی کی قوتوں کے طرح طرح ہونے کے سبب سے) طرح طرح سے ہوگا پس وہ قوت کہ جس کا عمدہ حصہ جگر میں ہے وہ نفس شہوانی ہے اور وہ قوت کہ

Marfat.com

آں در دماغ است و ادراک معقولات و متوہمات خاصہ اوست عقل است نفس و قلب و عقل تمام تمکن آنہا در روح ہوائی است اما فیض دو جزو لطیف قبول می کند مانند قبول زمین کہ متصل چشمہ باشد طراوت و نداوت را ازاں چشمہ یا مانند قبول بدن تازگی و نضارت از کبد براہِ عروق ماساریقا و ہر یکے ازیں قوائے ثلث ہرچند در اصل متولد سہ جزو شدند اما نفس مناسب بروح ہوائی است و عقل بروح سماوی و قلب بنفس ناطقہ و لہٰذا قدما صوفیہ قلب را عبارت از لطیفہ انسانیہ بجمیع شراشرہا[له] داشتہ اند و عقل را لسان روح فرض کردہ و چوں سالک از غلبہ روح ہوائی فی الجملہ خلاص یابد و او را باد جزو لطیف کار افتد قلب او روح گردد و عقل او سر شود فرق درمیان قلب و روح آنست کہ قلب قوت روح ہوائی است منبعث از اعماق بدن اما مدبر بفیض دو جزو لطیف و متشرب[ٹہ] از نداوت

جس کا عمدہ حصہ مضغہ صنوبری (صنوبر جیسی شکل والا دل) میں ہے جو ملکات اور اخلاق کا حامل ہے وہ قلب ہے اور وہ قوت کہ اس کا عمدہ حصہ دماغ میں ہے اور معقولات اور متوہمات کا ادراک کرنا جس کا خاصہ ہے وہ عقل ہے تو نفس اور قلب اور عقل ان تمام کی قرارگاہ یا ٹھکانا روح ہوائی میں ہے مگر دو لطیف جزو کا فیض اس طرح قبول کرتی ہے جس طرح وہ زمین جو کسی چشمے کے متصل واقع ہو طراوت (تری) اور رساؤ اس چشمے کا قبول کرتی ہے۔ یا جیساکہ بدن تر و تازگی قبول کرتا ہے جگر سے براہ عروق ماساریقا اور ان تینوں قوتوں سے بہرحال یہ تینوں چیزیں (قلب، جگر، نفس) پیدا ہوتی ہیں۔ لیکن نفس روح ہوائی سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے اور عقل روح سماوی سے اور قلب نفس ناطقہ سے۔ اس لئے قدمار صوفیہ کرام نے قلب کو لطیفہ انسانیہ بمع اس کی تمام شاخوں کے کہا ہے اور عقل کو روح کی زبان فرضی کہا ہے اور جب سالک فی الجملہ (کسی قدر) روح ہوائی کے غلبہ سے خلاصی پاتا ہے۔ اور اس کو دو لطیف اجزاء سے واسطہ پڑتا ہے تو اس کا قلب روح بن جاتا ہے اور اس کی عقل سر ہو جاتی ہے۔

له شراشر۔ یقال القی علیہ شراشرہ ای نفسہ بالکلیۃ حرصا و محبۃ و ہی فی الاصل بمعنی الاثقال جمع شرشرۃ ۔ والمراد ہہنا بجمیع شعبہا و اطرافہا ۔ ۱۲ سواتی

ٹہ تشرب۔ یقال تشرب الثوب العرق ای نشفہ یعنی آہستہ آہستہ پانی یا پسینہ یا تری وغیرہ کو اپنے اندر جذب کر لینا ۱۲ سواتی

Marfat.com

آں دو جزو۔ و روح عبارت ازیں دو جزو لطیف است بایکدیگر گرہ خوردہ بتقاوہ روح ہوائی متدرع[1] شدہ، وفی الجملہ برآں تکیہ زدہ،

وفرق درمیان عقل وسِر آنست کہ عقل قوت روح ہوائی است متمکن در دماغ، اما بر بفیض دو جزو لطیف ومتشرب از نداوۃ آں دو۔ وسِر عبارت ازاں دو جزو لطیف است بایکدیگر خوردہ بتقاوہ روح ہوائی متدرع شدہ فی الجملہ برآں تکیہ زدہ، ولہذا روح لطیف تراست از قلب، وسِر روشن تر از عقل، کار قلب وجد است، وکار روح اُلفت وکار عقل یقین است، وکار سِر مشاہدہ شتان بین المرتبتین، وچوں سالک از روح ہوائی بالکلیہ فارغ شد، وکار او بادو جزو لطیف افتاد کہ بایکدیگر بر شکل

اور قلب اور روح کے درمیان فرق یہ ہے کہ قلب روح ہوائی کی قوت ہے جو بدن کی گہرائیوں سے پھوٹ کر پھیل جاتی ہے لیکن بہرحال دو لطیف جزر کے فیض سے اس کی تدبیر وابستہ ہوتی ہے اور انہی دو لطیف کی تری سے سیراب ہوتی ہے۔ اور روح ان ہی دو لطیف جزر سے عبارت ہے جو باہم گرہ کھائی ہوئی ہوتی ہیں اور روح ہوائی کا لباس پہنے ہوئے ہوتی ہیں۔ اور فی الجملہ اس پر اعتماد کئے ہوتی ہے۔

اور فرق درمیان عقل اور سر کے یہ ہے کہ عقل روح ہوائی کی قوت ہے جو دماغ کے اندر جگہ پکڑتی ہے لیکن ان دو لطیف جزو کے فیض سے اسکی تدبیر کی جاتی ہے اور یہ ان کی طراوت سے تری اور سیرابی حاصل کرتی ہے۔ اور سر عبارت ہے ان دو لطیف اجزاء سے جو باہم گرہ کھاکر اکٹھے ہوئے ہیں اور روح ہوائی کا لباس پہن رکھا ہے اور فی الجملہ اس پر اعتماد وبھروسہ کیا ہے اسی لئے روح قلب سے بہت لطیف ہے اور سر عقل سے زیادہ روشن اور نمایاں ہے۔ دل (قلب) کا کام وجد ہے اور روح کا الفت (محبت) اور عقل کا کام یقین ہے اور سر کا کام مشاہدہ ہے۔ تو دونوں مرتبوں میں بہت فرق ہے۔

جب سالک روح ہوائی سے بالکلیہ فارغ ہوجاتا ہے اور اس کو دو لطیف اجزاء سے واسطہ پڑتا ہے جو

---

[1] تدرع ای لبس الدرع وہو قمیص المرأۃ، وایضا درع الحدید وہی مؤنثۃ کما فی مختار الصحاح ۱۲ سواتی

Marfat.com

سیماب متحد گشتہ اند از سہ حالت بیروں نخواہد بود۔

یا ایں است کہ روح ملکوت بجانب خود کشد و در روح القدس اضمحلال حاصل شود و دراں متلاشی گردد و باز بقا از سر نو پیدا کند و باز خود را بیاد آرد و ایں وراثت نبوت است۔

یا ایں است کہ نفس ناطقہ بجانب خود کشد و در انانیۃ کبریٰ متلاشی گردد و باز از سر نو بقا یابد و بخود آید و ایں ولایت کبریٰ است۔

یا ایں است کہ جمع کند میان ہر دو علی الوجہ الاتم و ایں جمع الجمع است و صاحب جمع الجمع از دو راہ محدث می شود گاہے حدیث کردہ می شود از قبل نفس کلیہ و داعیہ انانیۃ کبریٰ مانند نداوۃ در وے فائض گردد و گاہے حدیث کردہ می شود از قبل روح القدس و دواعی ملاء اعلیٰ شبیہ بما سایقا در وے افتند۔ و من امید دارم کہ از یں قسم اخیر باشم۔ و وراء ذالک فلا اقول لانہ بعد لسان ینطق عنہ اخرس۔

باہم مل کر پارہ کی شکل بن جاتے ہوگئے ہیں تو تین حالتوں سے باہر نہیں ہوگا۔ یا تو یہ صورت ہوگی کہ روح ملکوتی اسکو اپنی طرف کھینچے (جذب کرے) گی۔ اور اس کو روح القدس میں اضمحلال ہو جائیگا اور اس کے بعد پھر از سر نو بقا حاصل کریگا اور پھر اپنے آپ کو یاد کریگا اور یہ نبوت کی وراثت ہے (طریق نبوت پر چل کر یہ صورت حاصل ہو سکتی ہے)

یا یہ صورت ہوتی ہے کہ نفس ناطقہ اپنی طرف کھینچتا ہے اور وہ انانیۃ کبریٰ میں فنا ہو جاتا ہے اور پھر از سر نو بقا حاصل کرتا ہے اور اپنے آپ میں واپس آجاتا ہے اور یہ ولایت کبریٰ ہے۔ یا یہ صورت ہوتی ہے کہ وہ جمع کر لیتا ہے ان دونوں کو پورے طرح اور اس کو جمع الجمع کہتے ہیں اور صاحب جمع الجمع دو طرح سے ملہم (محدث) ہوتا ہے۔ کبھی نفس کلیہ کی جانب سے الہام کیا جاتا ہے اور انانیۃ کبریٰ کا ارادہ اس پر مانند ترا وش کے فائض ہوتا ہے اور کبھی روح القدس کی جانب سے اس پر الہام کیا جاتا ہے اور ملاء اعلیٰ کے ارادے اسمیں سایوں کی مانند اترتے ہیں۔ اور میں امید رکھتا ہوں کہ میں اس آخری قسم سے ہونگا۔ اور اس کے آگے میں کچھ نہیں کہتا کیونکہ نطق کی بابت کی زبان یہاں پہنچ کر گونگی و لاچار اور درماندہ سخن ہو جاتی ہے اور اسکے لئے یارائے سخن نہیں رہتا۔

فصل سوم

(در تہذیب لطائف ثلاثہ بارزہ بوجہے کہ حکمت خلقی تقاضا می کند)

انشعاب لطیفہ انسانیہ بسہ شعبہ قلب، ونفس وعقل بنقل ثابت است، در حدیث حضرت خاتم صلی اللہ علیہ وسلم آمدہ است کہ "الا وان فی الجسد مضغۃ اذا صلحت صلح الجسد کلہ و اذا فسدت فسد الجسد کلہ الا وہی القلب"

ونیز آمدہ است کہ "مثل القلب کریشۃ بارض فلاۃ یقلبہا الریاح ظہرا لبطن"۔

ونیز آمدہ "والنفس تتمنی وتشتہی والفرج یصدق ذالک ویکذبہ"۔

ونیز آمدہ است "دین المرء عقلہ ومن لاعقل لہ لادین لہ"

واز تتبع موارد استعمال معلوم می شود کہ اتباع شہوات و تقاضا رلذات منسوب بنفس است، و تعمد کار

وحب و بغض وجرأت وجبن ومثل آن منصف شدن کار قلب است، و فہم و معرفت وجزم بآنچہ جزم آں باید ک

تیسری فصل

(تینوں لطائف ظاہرہ کی تہذیب کے بیان میں اسطرح جسطرح حکمت خلقی (پیدائشی سرشت) تقاضا کرتی ہے)

لطیفہ انسانیہ کا تین شاخوں یعنی قلب، نفس، عقل میں تقسیم ہونا نقل سے ثابت ہے چنانچہ حدیث میں حضرت خ
النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا۔ سنو بیشک انسان کے جسم میں ایک ٹکڑا ہے جب وہ درست
ہے تو سارا جسم درست ہوتا ہے اور جب وہ بگڑ جاتا ہے تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے۔ بے شک وہ ٹکڑا قلب ہے۔

اور اسیطرح ایک دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قلب کی مثال اس پر کی سی
جو جنگل میں پڑا ہوا ہو جس کو ہوائیں ہر طرف پلٹتی رہتی ہیں۔ اور اسیطرح ایک دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ حض
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کا دین اسکی عقل ہے جس کی عقل نہیں اسکا دین نہیں (یعنی انسان کا مکلف

Marfat.com

مخصوص بعقل۔

وعقلا قوئ نفس ناطقہ را بسہ قسم منقسم یافتہ اند قوئ طبعیہ وقوئ حیوانیہ وقوئ ادراکیہ آشیانہ اول کبد است ثانی مضغہ صنوبری است، وآشیانہ سیم (سیوم) دماغ است، وایں مباحث را درکتب خود بتفصیل تمام بیان کردہ اند، وآں یکے از مسائل مشہورہ ایشاں است ونقل آں مباحث وظیفہ ایں کتاب نیست،

بالجملہ کار نفس بالاصالۃ اقتضار شہوات، واتباع لذات است، وقائم داشتن بنیہ بدن بتقاضار آنچہ بدن را درمی باید، ودفع آنچہ مقتضی طبیعی بدن در دفع آنست تقاضار جوع وعطش واحتیاج بول وغایط وعروض کسل والم ونوم وحدوث شبق از نفس باشد، وایں مقدار از ضروریات زندگانی است یارب مگر بریاضات شاقہ تبدیل طبع او کنند، واو را از مزاج او منسلخ سازند، وکار قلب غضب وخجالت، وخوف وجرأت وسخاوت وشح وحب وبغض، ہر آدمی لاحالہ می شناسد کہ چگونہ چیزے را مکروہ می دارد، ودر دفع او دل جوش می زند وارواح

اور دین کو سمجھنا یہ عقل پر موقوف ہے) اور اسیطرح مواقع استعمال کو دیکھ کر یہ معلوم ہوتا ہے کہ خواہشات کی پیروی اور لذات کا تقاضا یہ نفس کیطرف سے اور کسی کام کا قصد وارادہ اور محبت وبغض، دلیری، اور بزدلی اور اس جیسی دیگر صفات سے متصف ہونا قلب کا کام ہے اور فہم ومعرفت جزم ویقین ان چیزوں کا جن پر یقین کرنا چاہئے یہ عقل کے ساتھ مخصوص ہے۔

اور عقلاء نے نفس ناطقہ کو تین قسموں میں منقسم پایا ہے قوی طبعیہ، قوی حیوانیہ اور قوی ادراکیہ پہلے قسم کا آشیانہ جگر ہے اور دوسری کا صنوبری شکل کا ٹکڑا (قلب) اور تیسری کا دماغ اور ان مباحث کو انہوں نے اپنی کتابوں میں پوری تفصیل کیساتھ بیان کیا ہے اور یہ ان کے ایک مشہور مسائل میں سے ہے ان مباحث کو نقل کرنا اس کتاب کا کام نہیں۔

حاصل یہ ہے کہ نفس کا اصلی کام تقاضا خواہشات اور پیروی لذات ہے اور اسیطرح بدن کے ڈھانچے کو قائم رکھنا بدن کیلئے جو چیزیں ضروری ہیں ان کے تقاضے کے مطابق، اور دفع کرنا ان چیزوں کا کہ بدن کا طبعی تقاضا اسکے دفع کرنے کیلئے ہے بھوک پیاس بول وبراز کی ضرورت کسل والم کا لاحق ہونا نیند اور غلبہ شہوت یہ تمام نفس کیوجہ سے ہوتے ہیں اور یہ مقدار زندگی کی ضروریات میں سے ہے البتہ ریاضات شاقہ سے اسکی طبیعت کو تبدیل کرتے ہیں اور اسکو اس کے اصلی مزاج سے باہر نکالتے ہیں، وقلب کا

Marfat.com

بخارج بدن متوجه می شود و اوداج منتفخ می گردد و همچنین در صورت خوف دل می لرزد و ارواح بداخل بدن متوجه می شود و رنگ روے زرد می گردد و آب دهن خشک و علی هذا القیاس سائر صفات قلب و کار عقل یاد داشتن چیزہاے گذشته و تدبیر کردن در کار آئنده و هر آدمی بر خود همیشه این معانی را تجربه می کند

و این شعبہاے سه گانه بیک وجه از یکدیگر متبائن است و بیک وجه باہم متحد و وجه تباین آنست که نفس ناطقه در نسمه ہوائیه و ارواح طبعیه حلول کرده است و تقوم آں گشته و اعتماد برآں نموده است و آں ارواح اشیا نہاے متعدد و مزاجہا مختلف دارند و قوی متبائنه را حمل می کنند شخصے باشد که قوی طبعی او بغایت قوی بود از ہضم طعام و قوت بطش و جماع و غیره آں و باعتبار صفات قلبیه و ادراکات عقلیه کودن و حرف و بلید محض باشد غضب و جرأت یا خوف و خجالت دیر تر در وے ظاہر شود و در اندک زمانے متلاشی گردد و در یاد داشت آنچه گذشته است و در اندیشیدن تدبیر آئنده و جزم کردن بحسن حسن و قبح قبیح فتورے عظیم دارد و این شخص را به نباتات می توان تشبیه داد

کام غصہ شرمندگی خوف جرأت سخاوت بخل محبت و بغض ہیں اور ہر آدمی بخوبی جانتا ہے کہ کسطرح ایک چیز کو ناگوار خیال کیا جاتا ہے اور اسکے ہٹانے میں کسطرح دل جوش مارتا ہے اور روح باہر کیطرف متوجہ ہوتی ہے اور کسطرح آدمی کی رگیں پھول جاتی ہیں اور چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اور اسیطرح خوف کی صورت میں آدمی کا دل لرز جاتا ہے اور روح بدن کے اندر چلی جاتی ہے اور چہرہ کا رنگ بدل کر زرد ہو جاتا ہے اور منہ کا پانی خشک ہو جاتا ہے اور اسیطرح تمام قلب کی صفات کو خیال کرنا چاہیے اور عقل کا کام گذشتہ چیزوں کو یاد رکھنا اور آنیوالے امور کی تدبیر کرنی ہر آدمی اپنے اوپر ان چیزوں کا تجربہ کرتا ہے۔

اور تینوں شعبے ایک طرح سے ایکدوسرے کیساتھ مبائن جدا جدا ہیں اور ایک طرح باہم متحد ہیں جدائی کیوجہ تو یہ ہے کہ نفس ناطقہ نے نسمہ ہوائی میں اور طبعی ارواح میں حلول کیا ہوا ہے اور ان کیلئے مقوم (انکے ڈھانچے کو بنانیوالا) بن گیا ہے اور ان پر اس نے اعتماد کیا ہے اور وہ ارواح متعدد اشیا نے اور مختلف مزاج رکھتے ہیں اور متضاد قوتوں کے حامل ہیں ایک شخص طبعی قوت انتہائی قوی ہوتی ہے اور اسے کھانا بھی اچھی طرح ہضم ہو جاتا ہے اور پکڑ دھکڑ بھی اسکی خوب ہے اور اسیطرح قوت جماع وغیرہ بھی اسکی قوی ہوتی ہے۔ لیکن یہ شخص باعتبار قلبی صفات اور عقلی ادراکات کے کند ذہن بے عقل اور بے سمجھ محض

Marfat.com

وشخصے باشد با جرأت و غیرت، یا با سخاوت و تمکین، و در این صفات گوئے مسابقت از اقران بردہ بود، و در قوائے طبیعیہ و عقلیہ بعشر عشیر دیگراں نمی رسد و ایں را الفحول بہائم و سباع می تواں تشبیہ داد، و شخصے باشد متمیز از اقران بحفظ مسموعات، و اصابۃ در تدبیرات، و آنچہ بداں ماند، و او را از قوائے طبیعیہ و قلبیہ چنداں بہرہ نبود و ایں را بملائکہ سفلیہ می تواں مناسبت داد، و تفتیش احوال مردم در ضعف بعض شعبہا، و قوۃ بعضے و در اختلاف آشیانہا، و دخول اختلال در ہر یکے نزدیک غلبہ اخلاط ردیہ بر آشیانہ او بہ ضرورت حکم می کند بہ تبائن ایں شعبہا، و افارق آنہا، و وجہ اتحاد آنکہ نفس ناطقہ کہ مقوم آں شعب است یکے است، و در اصل مزاج او اختلاف نیست، ایں ہر سہ فوارہ اند از یک منبع جوشیدہ، و آنہار اند از یک دریا منشعب شدہ، و مع ہذا فعل

ہوتا ہے غضب، غصہ، جرأت یا خوف و خجالت بہت دیر سے اس میں ظاہر ہوتا ہے اور تھوڑے وقت میں وہ ختم اور نابود بھی ہو جائیگی اور اسی طرح گذری ہوئی چیزوں کے یاد رکھنے میں اور مستقبل کے بارہ میں سوچنے کے سلسلے میں اور حسن کے حسن پر اور قبیح کی قباحت پر یقین کرنے میں اسکے اندر بہت خلل ہوتا ہے اور اس شخص کی تشبیہ نباتات سے دی جا سکتی ہے۔

اور ایک ایسا شخص ہوگا جو جرأت، غیرت، سخاوت اور وقار جیسے صفات سے موصوف ہوگا بلکہ ان صفات میں اپنے اقران و امثال سے ایک گونہ سبقت لے جانیوالا ہوگا لیکن قوائے طبعیہ اور عقلیہ میں دوسروں کے عشر عشیر کے برابر بھی نہیں ہوگا۔ اور اس شخص کو نر جانوروں اور درندوں سے تشبیہ دی جا سکتی ہے اور ایک شخص ایسا ہوگا جو اپنے ہمسروں سے یادداشت میں اور معاملات کی تدبیر میں بھی نمایاں ہوگا اور اس قسم کی دوسری باتوں میں بھی فوقیت رکھتا ہوگا لیکن اس کیلئے قوائے طبعیہ اور قوی قلبیہ میں چنداں بہرہ نہیں ہوگا اس شخص کو ملائکہ سفلیہ کے ساتھ مشابہت دی جا سکتی ہے اور مردوں کے احوال کی تفتیش ان کے بعض شعبوں میں ضعف اور بعض میں قوت کے لحاظ سے اور ان کے آشیانوں کے اختلاف اور ان میں سے ہر ایک میں خلل پیدا ہو جانے سے جبکہ انپر اخلاط ردیہ کا غلبہ ہو جائے تو بالضرور یہ حکم لگایا جائیگا یہ شعبے آپس میں مختلف و متبائن اور ایکدوسرے سے جدا ہیں اور اتحاد کی وجہ یہ

مخصوص ہر یکے بدون معاونت دیگر تمام نمی شود تا نفس مطاوعت قلب نکند انتفاخ اوداج و ظہور ارواح کے صورت گیرد تا عقل خطرہ را برائے قلب متمثل سازد کراہت و حب انتقام چگونہ بظہور آید معرفتے کہ عزم دل باوے یار نباشد بحکم حدیث النفس دارد تصدیق و یقین ادراکے کہ قوائے طبیعت مختصہ بحواس و غیر آن ہمراہ وے نباشد حکم مقعد و اعرج دارد و نفسے کہ عقل و قلب یار او نشد از افعال طبعیہ طفل دو سہ ماہ متمیز نباشد و سلامت و متانت و قوۃ با خود ندارد پس بحکم اجتماع و وجہ تغایر و اتحاد درمیان ہر یکے از ینہا عروق ماساریقا ممدود است و انتہاد مربوط ہر یکے بدیگرے حکم التقاء می کنند و وسوسہ خود می فرستند و ازینجا اخلاق و ملکات بسیار متولد شوند و شرح آں بسطے می طلبد آنچہ دریں مقالہ معرفتہ آں ضروری است نوشتہ می شود از انقیاد قلب و عقل نفس را رذائل بسیار پدید آید کہ اجمالاً آنرا بنفس بہیمیہ تعبیر کنند مثلاً وجدان لذت جماع یا لذت نظر و لمس قلب را تابع خود سازد و حب او میل کلی بسوئے

ہے کہ نفس ناطقہ جو ان شعبوں کا مقوم ہے وہ ایک ہے اور اسکے اصلی مزاج میں اختلاف نہیں یہ تینوں ایک ہی منبع سے ابلنے والے نوارے ہیں اور یہ مختلف نہریں ہیں جو ایک دریا سے نکلتی ہیں اور باوجود اسکے ان میں سے ہر ایک کا کام دوسرے کی امداد کے بغیر پورا نہیں ہو سکتا جبتک نفس قلب کی موافقت نہ کرے رگوں کا پھولنا اور ارواح کا باہر ظاہر ہونا اور غلبہ کرنا کب ہو سکیگا اور جبتک عقل دل پر خطرے کی صورت نہ پیش کرے تو ناپسندیدگی اور جذبہ انتقام کسطرح ظاہر ہوگا وہ معرفت کہ جس میں دل کا عزم موافق نہ ہو وہ صرف حدیث النفس کا حکم رکھتی ہے اور ایسا ادراک جو کہ قوی طبعیہ جو حواس کیساتھ مختص ہیں ان کیوجہ سے حاصل ہو تو اسکے ساتھ اگر یقین و تصدیق شامل نہ ہو تو وہ لولے لنگڑے انسان کا حکم رکھتا ہے جیسا لولا لنگڑا آدمی چلنے پھرنے سے لاچار ہوتا ہے اسطرح وہ ادراک بھی فائدہ مند نہیں ہو سکتا اور جس نفس کیساتھ عقل اور قلب موافق نہوں تو وہ افعال طبعیہ کے صدور کے سلسلہ میں دو تین ماہ کے بچے سے متمیز نہیں ہوگا اور سلامتی مضبوطی اور قوت اپنے اندر نہیں رکھیگا پس بوجہ دونوں کے اجتماع کے کہ تغایر بھی ہے اور اتحاد بھی ان کے درمیان عروق ماساریقا پھیلی ہوئی ہیں اور انکا علاقہ قائم ہے تو ہر ایک دوسرے کیطرف اپنا حکم القا کرتا ہے اور اپنا وسوسہ ڈالتا ہے اور یہاں سے بہت سے اخلاق اور ملکات پیدا ہوتے ہیں انکی شرح تفصیل طلب ہے جو کچھ اس رسالہ میں ضروری ہے وہ تحریر کیا جاتا ہے اگر قلب اور عقل نفس کے تابع ہو جائیں

او در تنبیب لقا نماید و عقل را بتصور صورت محبوب و یاد داشتن او و اندیشه کردن در حیل وصال او فرماید این مجموعے
را عشق گویند و علی ہٰذا القیاس وجدان لذت مطعم و مشرب قوائے قلبیہ و عقلیہ را تابع خود می سازد و آں صورتہا
باندک التفات می تواں شناخت و از انقیاد نفس و عقل قلب را رذائل بسیار ظاہر شوند کہ آنرا نفس سبعی مسمی سازند
بطریق تسمیۃ کل باسم جزو عظیم الخطر و الاعز از سورۃ غضب چیزہا بسیار از لشکر نفس سبعی است مثلاً قلبے کہ قوام
روح او غلیظ غیر مظلم واقعست تقاضا غلبہ بر اقران می نماید و ایں صفتے است مجبول در قلب پس نفس ممد
او شود اگر کار بمصارعت کشد زور تازہ دہد و ارواح طبیعیہ را بمدد او فرستد و اگر کار بکف از مطعم و مشرب و منکح تا مدت
دراز انجامد منازعت نکند یعنی نور زد و عقل نیز در کار او باشد چہ حیلہا لطیف وچہ منصوبہا در دور دراز برائے او
اندیشد و از انقیاد قلب و نفس عقل را صفات محمودہ بوجود آیند و آنرا بنفس مطمئنہ مخصوص گردانند مثلاً شخصے را

تو بہت سے رذائل (گندے اور برے اخلاق) پیدا ہو جاتے ہیں کہ اجمالاً اسکی تعبیر نفس بہیمی سے کرتے ہیں مثلاً جماع سے لذت
یاب ہونا یا نظر و لمس کی لذت میں منہمک ہونا یہ قلب کو اپنے تابع بنالیتی ہے اور اسکی محبت پورے طور پر اس سے قلب کو
مائل کرلیتی ہے اور عقل کو محبوب کی صورت کے تصور اور اسکے یاد رکھنے اور اس سے ملاقات کے حیلے سوچنے کا حکم دیتی ہے
اس مجموعے کو عشق کہتے ہیں اور اسی طریقہ پر کھانے پینے کی لذت قلبی اور عقلی قوتوں کو اپنے تابع بنالیتی ہے اور ان صورتوں
کو انسان تھوڑی سی توجہ سے پہچان سکتا ہے اور نفس و عقل کے تابع قلب ہو جانے سے بہت سے رذائل پیدا ہو جاتے ہیں
اور اس کو نفس سبعی (درندہ صفت نفس) سے موسوم کرتے ہیں یہ نام بطریق تسمیۃ کل باسم جز ایسا جز جو اہم ہوتا ہے
رکھا جاتا ہے ورنہ غصہ کے جوش کے علاوہ بھی بہت سی چیزیں نفس سبعی کا لشکر ہے مثلاً وہ دل کہ جسکی روح کا
قوام غلیظ (گاڑھا) اور غیر مظلم (جو تاریک نہیں) واقع ہو تو وہ اپنے ہمسروں پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کریگا اور
یہ ایک صفت ہے جو دل میں بنائی گئی ہے اور نفس اسکا ممد و معاون ہو جاتا ہے اور اگر کشتی لڑنے کا اتفاق ہو جائے تو
یہ تازہ زور صرف کرتا ہے اور ارواح طبیعیہ کو انکی امداد کیلئے روانہ کرتا ہے اور اگر کھانے پینے اور نکاح سے ایک مدت تک
رکنا پڑ جائے تو یہ منازعت اور بغاوت نہیں کرتا اور عقل بھی اسکے کام میں معاون ہوتی ہے جو لطیف اور باریک تدبیریں

Marfat.com

از جہت عقل معلوم شد کہ در اعمال بر سعادت اوست و در اعمال اثم شقاوت او، پس نفس از حکم او تجاوز نکند، و در مخالفت او منازعت ننماید، و قلب نیز محبت و شوق آں چیز بدست آرد، و بسیار دیدہ می شود کہ مرد وافر العقل مصلحتے دینیہ یا دنیویہ اندیشیدہ است و ہر چند در بعض معدات آں کراہتے بقلب عارض می شود و لذتے عجیب از دست میرود، و قلب و نفس اصلاً توسنے نمی کنند، و مرد قوی القلب را چوں غضبے و حمیتے بہم میرسد یا حزنے و حیائے بظہور می آید، نفس از کار خود می استد، و احساس جوع و عطش بلکہ ہضم طعام و دفع فضلات نمی تواند، و ہر چند عقل او را مکرر زجر می کند، و باواز بلند ندا می نماید کہ خشم نباید کرد، و ایں اندوہ نباید خورد، و دریں خشم و اندوہ ضرر بسیار است و نفع اصلاً نیست، اقلاع از حکم قلب میسر نیست،

و مرد قوی النفس بجماع زنے و خوردن طعامے لذیذ فرو رفتہ است، ہر چند خوف از مواخذہ مردم بر آں

اور لمبے چوڑے منصوبے اس کیلئے سوچتی ہے اور قلب اور نفس کے عقل کے مطیع ہونیسے پسندیدہ صفات ظاہر ہوتی ہیں اور ایسے نفس کو نفس مطمئنہ کہتے ہیں مثلاً ایک شخص کو عقل سے یہ معلوم ہو جائے کہ اچھے کاموں میں اسکی سعادت ہے اور برے کاموں میں اسکی شقاوت ہے تو نفس اس کے حکم سے تجاوز نہیں کریگا اور اسکی مخالفت میں تنازع اور جھگڑا نہیں کرتا۔ اور قلب بھی محبت اور شوق سے اس چیز کو حاصل کرتا ہے اور بسا اوقات دیکھا جاتا ہے کہ ایک آدمی جو کافی عقلمند ہے۔ اس نے کوئی دینی یا دنیوی مصلحت سوچی ہے اور اس کے بعض معدات (اس کام کے بنانے والے اسباب) سے اسکے دل میں کراہت و نفرت پیدا ہو گئی ہے اور ایک عجیب لذت اس کے ہاتھ سے جا رہی ہے لیکن بایں ہمہ قلب و نفس اس کی نافرمانی نہیں کرتے۔ اور مرد قوی القلب کو جب غصہ یا غیرت آتی ہے یا غم اور حیاء کا ظہور ہوتا ہے تو نفس اپنے کام سے رک جاتا ہے اور بھوک پیاس کا احساس نہیں رہتا بلکہ طعام کے ہضم اور فضلات کے دفع کرنے کی طاقت نہیں رکھتا اور ہر چند کہ عقل اسکو زجر و توبیخ کرتی ہے کہ غصہ نہیں کرنا چاہیے اور اس غم اور غصہ میں بہت ضرر ہے اور بالکل ہی فائدہ نہیں لیکن پھر بھی قلب کے حکم سے باز رہنا میسر نہیں ہوتا۔

اور قوی النفس مرد عورت کے جماع یا اکل و شرب کی لذت میں ڈوبا ہوا ہے۔ ہر چند لوگوں کے مواخذہ کا

Marfat.com

فعل در دل می گذرد، و صورت آن ضرب و شتم و اہانت و حقارت کہ متوقع است، عقل متمثل می سازد، وے بیچاں مانند خرے باشد کہ بر مادہ منہالک شود یا بر علفے اقتحام نماید، و از ضرب تازیانہ و عصا حساب نمی گیرد، و در کارِ خود مقید است۔

پس ایں صورتہا متفطن لبیب را آگاہ می سازد کہ ہر یکے قہر دیگر می کند، و معاونت او می نماید، گاہے عقل شناعت آں فعل درمی یابد، و سوءِ عاقبت آں ادراک می کند، اما جریان حکم او میسر نیست، وگاہے عقل از راہ عروق ماسایقا علوم مناسبہ بآں قاہر درمی کشد، پس مصلحت و تدبیر درست ہماں تفصار امی انگارد، و از یقین سابق رجوع می کند، و شبیہ بخطار اجتہادی حادث شود، و ایں رذیلت بغایت عسیر البرء است۔

وگاہے قلب سرگرم محبت معشوقہ باشد و منی یافتہ نشود، یا قلب سرگرم حمیت و انتقام است، اما زور دست باخر رسید، وگاہے نفس ممداد شود، از اعماق بدن منی و ریاح غلیظ را در ناغطہ ریزد، و زورے

خوف اس فعل بد پر دل میں گذرتا ہے اور اس ضرب و شتم اور متوقع توہین و تحقیر کی صورت کو عقل اسکے سامنے پیش کرتی ہے لیکن وہ بدتمیز گدھے کی مانند مادہ (گدھی) پر گرا ہوا ہے یا گھاس پر ہجوم کئے ہوئے ہے اور مار پیٹ اور کوڑے لاٹھی کا کچھ خیال نہیں کرتا اور اپنے کام میں برابر لگا ہوا ہے۔

پس یہ صورتیں عقلمند دانا شخص کو آگاہ کرتی ہیں کہ ہر ایک ان میں سے دوسرے کو زیر کرتا ہے اور اس کی امداد و اعانت کرتا ہے۔ اور کبھی عقل اس فعل کی برائی کو معلوم کر لیتی ہے اور اس کے برے انجام کو بھی جان لیتی ہے لیکن اس کا حکم جاری نہیں ہوتا۔ اور کبھی عقل براہ عروق ماسایقا اس قاہر (نفس غالب) کے مناسب علوم کو جذب کرتی ہے اور مصلحت اور صحیح تدبیر وہ اسی خلاصی (چھٹکارے) کو خیال کرتی ہے اور اپنے سابق یقین سے رجوع کر لیتی ہے اور خطار اجتہادی کے مشابہ ایک حالت پیدا ہو جاتی ہے اور اس بیماری والا بڑی مشکل سے تندرست ہوتا ہے

اور کبھی قلب معشوق کی محبت میں سرگرم ہوتا ہے لیکن منی نہیں پائی جاتی، یا قلب غیرت اور انتقام کے جذبہ

تازہ کہ درحالت دعت محسوس نبود بروے کار آرد، وایں رذیلت بغایت عسیر البرء است، وایں اخلاق تیز حکم جلبت دارد، و زوال آں اصلاً میسر نیست، یارب مگر آنکہ بریاضات شاقہ مختفی شود، باز در وقت بقا ظاہر گردد، آرے تہذیب ایں اخلاق صرف آنہا است در مصرف آنہا واکتفا بر ضروری، وکف از زاید ومثل آں، واللہ اعلم۔

بالجملہ می باید دانست کہ شعبہ نفس در کبد اقامت دارد، وشعبہ قلب در مضغہ صنوبری، وشعبہ عقل در دماغ ونفس بہیمی در ہمہ بدن ساریست اما پائے او بکبد محکم است، ونفس سبعی در ہمہ بدن جاری ست اما پائے او بمضغہ صنوبری مضبوط است، ونفس مطمئنہ در ہمہ بدن نافذ اما پائے او بدماغ بستہ است،

ونیز می باید دانست کہ خدائے تعالیٰ در انسان دو قوۃ خلق فرمودہ است، قوۃ ناسوتیہ ارضیہ کہ آنرا

سے بھرا ہوا ہوتا ہے لیکن ضرور ختم ہوتا ہے۔ اور کبھی نفس اس کا معاون بن کر بدن کی گہرائیوں سے منی اور سیاح غلیظ کو آلہ تناسل میں گراتا ہے۔ اور تازہ زور جو کہ آرام کی حالت میں محسوس نہیں ہوتا تھا ظاہر کرتا ہے اور اس بیماری کا بھی علاج نہایت ہی دشوار ہے اور یہ اخلاق بھی سرشت کا حکم رکھتے ہیں اور ان کا زائل ہونا بالکل ممکن نہیں ہوتا۔ ہاں مگر بہت ہی بڑی بڑی اور مشکل ریاضتوں سے شاید یہ پوشیدہ ہو جائیں۔ اور پھر بقا کے وقت ظاہر ہو جائیں۔ البتہ ان اخلاق کی تہذیب یہ ہے کہ ان کو ان کے مصرف میں ہی صرف کرنا اور ضروری مقدار پر ہی اکتفا کرنا، اور زاید سے باز رہنا اور اسکے مانند ہی کوئی مناسب تدبیر اختیار کرنی۔ واللہ اعلم

خلاصہ یہ ہے کہ یہ جاننا چاہئے کہ نفس کا شعبہ جگر میں مقیم ہے اور قلب کا شعبہ صنوبری شکل کے جسم (دل) میں اور عقل کا شعبہ دماغ میں۔ اور نفس بہیمی تمام بدن میں سرایت کرنے والا ہے لیکن اس کا قدم جگر میں محکم ہوتا ہے اور نفس سبعی تمام بدن میں جاری ہے لیکن اس کا قدم دل میں پختہ ہے اور نفس مطمئنہ تمام بدن میں نافذ ہے لیکن اس کا پاؤں دماغ میں بندیا پختہ ہے۔

اور نیز یہ بھی جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان میں دو قوتیں پیدا فرمائی ہیں ایک قوت ناسوتیہ ارضیہ

Marfat.com

بقوۃ بہیمیہ نیز مسمی می کنم و بداں قوۃ محاذات بہائم وسباع کند و در شمار آنہا داخل می شود و قوۃ ملکیہ و بداں قوۃ مساوات ملائکہ می نماید و در اعداد ایشاں معدود می شود۔

ومعنی تہذیب نفس تصرف است در قوۃ ناسوتیہ بحکم قوۃ ملکیہ وظاہر شدن احکام قوۃ ملکیہ و مختفی شدن و کم بودن آثار قوۃ بہیمیہ و ایں مسئلہ از تہذیب شرع است نہ از حکمت خلقی لیکن اقرب شئی است بحکمت خلقی، واللہ اعلم۔

وچوں نفوس بنی آدم در شعب ثلثہ و نفوس مذکورہ مختلف اند شعب تہذیب نیز مختلف شد و دائرہ کلام دراں باب متسع گشت و نیز باید دانست بسیار است کہ طبقات ایں شعب ثلث و مراتب تہذیب آں متمایز شوند و ہر یکے صورتے دارد و ہیکلے پدید آرد تا آنکہ بر بعض سالکان امر مشتبہ شود و بحیرت در مانند و تواند کہ اتحاد شعبہ دراں صور تہائے مختلفہ و ہیاکل متبائنہ تفطن نمایند اما اہل تمکین ہمہ را جا بجا می شناسند بصورہا

(مادی قوت) کہ اس کو قوت بہیمیہ بھی کہتے ہیں۔ اور اسی قوت کی وجہ سے وہ بہائم اور درندوں کی برابری کرتا ہے اور ان کے شمار میں داخل ہو جاتا ہے اور دوسری قوت ملکیہ ہے (فرشتوں جیسی قوت) اور اس قوت کیوجہ سے فرشتوں کی برابری کرتا ہے اور ان میں شمار کیا جاتا ہے۔

اور تہذیب نفس کا معنی ہے قوت ناسوتیہ میں تصرف کرنا بحکم قوت ملکیہ اور قوت ملکیہ کے احکام کا ظاہر ہونا اور قوت بہیمیہ کا مختفی ہو جانا اور اس کے اثرات کا کم ہو جانا اور یہ مسئلہ تہذیب شرع کا ہے نہ حکمت خلقی کا لیکن حکمت خلقی سے بہت قریب تر ہے۔ واللہ اعلم۔

اور چونکہ بنی آدم کے نفوس تینوں شعبوں میں اور نفوس مذکورہ میں مختلف ہیں، لہذا تہذیب کے شعبے بھی مختلف ہونگے اور اس باب میں کلام کا دائرہ بہت وسیع ہو گیا ہے۔ اور نیز یہ بھی معلوم کرنا چاہئے کہ بسا اوقات ایسا ہوگا کہ ان تینوں طبقات کے شعبے اور انکی تہذیب کے مراتب بالکل متمیز ہونگے اور ہر ایک کی ایک مخصوص صورت اور ایک خاص ڈھانچہ ہوگا یہانتک کہ بعض سالکین پر معاملہ مشتبہ ہو جاتا ہے وہ حیرت میں رہجاتے ہیں اور وہ

Marfat.com

وہیا کلہا، واتحاد آں نیز می دانند بہ اصولہا ومتابعہا، واللہ یقول الحق وہو یہدی السبیل۔

فصل چہارم

(در تہذیب جوارح ولطائف ثلاثہ بارزہ بوجہے کہ طب روحانی کہ حق تعالی برائے جمہور انام چہ خاص وچہ عام فرود آوردہ است تقاضا می کند وآنرا باسم شریعت مخصوص می کند)

مرتبہ اول از تہذیب ایں لطائف خروج است از طبیعت بشریت۔

وحقیقت شریعت اگر خواہی کہ بفہمی، بدانکہ بنی آدم در قید نفس امارہ گرفتار شدہ بودند وشیطان بر ایشاں غلبہ کردہ بود، وبوجہے شدہ بودند کہ اگر درآں حالت بمیرند ہمہ بعذاب قبر وعقاب روز حشر مبتلا شوند وبجز معدود کس ازآں زمن ہیچ یک نجات نیابد۔

درماندہ رہ جاتے ہیں اس بات سے کہ ان مختلف صورتوں میں اور جدا جدا ڈھانچوں میں اتحاد شعبہ کو سمجھ سکیں لیکن اہل تمکین (باہوش اور پختہ کار سالکین جو کم حوصلگی کا شکار نہیں) سب کو جدا جدا پہچانتے ہیں انکی مختلف صورتوں اور ہیکلوں سے۔ اور ان کے اتحاد کو بھی جانتے ہیں مع ان کے اصول اور متابعات کے اور اللہ تعالی حق بات کہتا ہے اور وہ سیدھی راہ کی طرف رہنمائی فرماتا ہے۔

چوتھی فصل

[جوارح اور لطائف ثلاثہ بارزہ (وہ لطائف جو ظاہر ہیں) کی تہذیب کے بیان میں اسطرح کہ طب روحانی جسطرح تقاضا کرتی ہے جسکو اللہ تعالی نے خاص وعام تمام لوگوں کے لئے نازل فرمایا ہے اور اس کو شریعت کے نام سے موسوم کرتے ہیں]

ان لطائف کی تہذیب کا پہلا مرتبہ طبیعت سے شریعت کی طرف نکلتا ہے۔ اور شریعت کی حقیقت کو اگر تم سمجھنا چاہو تو یوں سمجھو کہ بنی آدم نفس امارہ کی قید میں گرفتار تھے اور شیطان نے ان پر غلبہ پایا ہوا تھا۔ اور اس طرح

Marfat.com

مدبر السموات والارض برحمت کاملہ خود بر ایں مشت خاک لطف فرمودہ وحصہ از تدبیر کلی در بارہ ایشاں مبذول ساخت، وتدبیر کلی در بعض احوال واوقات مفضی بتدبیر جزئی شد، یکے از میاں زمرہ بنی آدم برگزید ودر دل او علم آں اشیاء کہ علاج آں بلیہ عامہ کند ریخت، واو را خواہی نخواہی برآں آورد کہ آں علم جبراً وکرہاً ایشاں را یاد دہد، وبحسب آں مقید کند، وعلاجے کہ در دفع ایں بلیہ عنایت شد آنرا شریعت گویند، والتفات دریں علاج بصورۃ نوعیہ وخواص کلیہ آں نوع است، نہ باستعدادات خاصہ بر جزوے فردی، وعلت غائیہ آں اخلاص از تظالم در دنیا مبتلا شدن بعذاب قبر وروز حشر است، نہ وصول بفنا وبقائے ہر لطیفہ وحصول مرتبہ بقاء مطلق وتمکین تام ہر کلامے ازاں خلاصہ بشر علیہ افضل الصلوات والتسلیمات کہ تبو رسد مجمل آں فی الحقیقۃ ہماں قدر است، مقاصد ومصالح اوامر ونواہی آنحضرت شناختہ

ہو گئے تھے کہ اگر وہ اسی حالت میں مرجائیں تو سب عذاب قبر اور روز حشر کی سزا میں مبتلا ہو جائیں، اور سوائے چند آدمیوں کے ان میں سے کوئی بھی نجات نہ پاسکے۔

مدبر السموات والارض (آسمان وزمین کی تدبیر کرنے والے اللہ جل شانہ) نے اپنی رحمت کاملہ اور عنایت اس مشت خاک (انسان) کیطرف مبذول فرمائی، اور تدبیر کلی کا ایک حصہ اس کی طرف متوجہ فرمایا، اور تدبیر کلی بعض حالات میں تدبیر جزئی کی طرف پہنچانے والی ہوتی ہے اس لئے بنی آدم کے زمرہ میں سے ایک ہستی کو اس نے منتخب فرمایا۔ اور اس کے دل میں ان چیزوں کا علم ڈال دیا کہ جن سے اس عام آفت کا علاج کیا جاسکے، اور اسکو بہر صورت اس پہ آمادہ کیا کہ وہ علم ان لوگوں کو سکھادے خواہ اس کو پسند کریں یا نہ، اور اس کے مطابق ان کو پابند بنائے، جو علاج اس آفت کے دفعیہ کیلئے عنایت ہوا اس کو شریعت کہتے ہیں۔ اور اس علاج میں توجہ صورت نوعیہ اور اسکے کلی خواص کیطرف ہوتی ہے۔ کسی فرد جزی کی خاص استعداد کی طرف نہیں ہوتی۔ اور اسکی علت غائی یہ ہے کہ دنیا میں انسانی تظالم (ایک دوسرے پر ظلم کرنیسے) بچ جائیں۔ اور برزخ میں عذاب قبر اور آخرت میں حشر کے عذاب میں مبتلا ہونیسے بچ جائیں اور اسکی علت غائی یہ نہیں کہ ہر لطیفہ فنا وبقا سے واصل ہو جائے اور اُسے مرتبہ بقاء مطلق اور تمکین تام حاصل ہو جائے۔ جو کلام

Marfat.com

است بکسے کہ بر مراتب دیگر حمل می کند آرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بوجہے دیگر ارشاد آنہمہ مراتب فرمودہ است و افادہ آں ہمہ کمالات نمودہ و آں وجہ شبیہ بآں است کہ آفتاب خربوزہ را پختہ می کند گو آفتاب نداند کہ در زمین خربوزہ کاشتہ اند و گو خربوزہ نشناسد کہ تکمیل او بردست آفتاب شدہ است و مانند آں است کہ فصل زمستان مرد محرور را تر و تازہ می سازد گو ہر یکے دیگر را نشناسد و منت او قائل نباشد بہمیں اسلوب نفوس کلیہ کہ مبدأ فیض ایشاں را برائے مصلحت کلیہ بزمین فرود آوردہ است نفوس ناقصہ را مکمل می سازد و اینجا ہیچ پیغامے و کلامے درمیان نمی باشد آرے اذکیا نفوس بوجہے از وجوہ ایں منت را می شناسند و آں معنی حاصل بر آں می شود کہ از کلمات و اقوال آں برزخ بر سبیل اعتبار

کہ تمہیں خلاصہ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہنچے تو اس کا محمل فی الحقیقت بس یہی مقدار ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اوامر و نواہی کے مقاصد کو نہیں سمجھا اس شخص نے جس نے اسکو کسی دوسرے محل پر محمول کیا ہے۔ ہاں یہ بات ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دوسرے طریقہ پر ان تمام مراتب کا ذکر فرمایا ہے۔ اور ان تمام کمالات کیطرف رہنمائی فرمائی ہے اور وہ وجہ اس طرح ہے۔ جیسے آفتاب خربوزے کو پختہ کر دیتا ہے اگرچہ آفتاب یہ نہیں جانتا کہ زمین میں خربوزہ بویا ہوا ہے بعد اسی طرح خربوزہ کو بھی اس کا پتہ نہ ہو کہ اسکی تکمیل آفتاب پر موقوف ہے۔ اور اسکی مثال ایسی ہے کہ موسم سرما گرم مزاج آدمی کو خوب تر و تازہ بنا دیتا ہے۔ اگرچہ ایک دوسرے کو نہ پہچانتا ہو اور دوسرے کا احسان نہ مانتا ہو۔ اسی طرح نفوس کلیہ کہ جن کو مبدأ فیض نے مصلحت کلیہ سے زمین پر اسلئے اتارا ہے کہ وہ نفوس ناقصہ کو کامل بنا دیں اور یہاں کسی قسم کا پیغام اور کلام درمیان نہیں ہوتا۔ ہاں البتہ ذکی نفوس کسی نہ کسی طرح اس احسان کو پہچانتے ہیں۔ اور اس کا حاصل یہ نکلتا ہے کہ اس برزخ (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) کے کلمات اور اقوال سے بطور اعتبار اور اشارہ کے ان اسرار کا استنباط کرتے ہیں۔

Marfat.com

واشارہ استنباط آں اسرار کند۔

اما انچہ من ازاں برزخ اعظم دریافتہ ام، ہمیں است کہ آں اعتبارات را بقصدے کہ مرداں از لفظ قصد می فہمند، و تجدد ساعۃ فساعۃ خاصہ او است، ایں معانی را ارادہ نفرمودہ است، ارادہ طبعی کہ مثل ارادہ نار بجانب فوق باشد، و مانند ارادہ ارض بجانب تحت دیگر است چوں مرا داعیہ بخاطر ریختہ اند کہ تمیز قصد متجدد از قصد طبیعی کنم و خللے کہ از تسامح تعبیرات صوفیہ در ہر باب پیدا شدہ است بر اندازیم در امثال ایں موشگافیہا پیش اہل بصیرت معذور خواہم بود، واللہ علی مانقول وکیل۔

بالجملہ حاصل ایں تدبیر آں ست کہ در آدمی دو قوت ودیعت نہادہ اند، قوۃ ملکیہ، وقوۃ بہیمیہ و ہر یکے را خواص است کہ امداد او نماید، پس می باید کہ متحلی بخواص ملکیہ باشد تا قوی تر شود، و بہیمیہ بآداب او متادب گردد، و رنگ او پذیرد، نہ آنکہ از طبیعت خود برآید، و مزاج خود را بگذارد، و قلب حقیقہ بوے راہ یابد،

بہرحال وہ بات جو میں نے اس برزخ اعظم (صلی اللہ علیہ وسلم) سے دریافت کی ہے یہ ہے کہ ان اعتبارات کو اس قصد کیساتھ جس طرح لوگ لفظ قصد سے سمجھتے ہیں۔ اور ہر گھڑی تجدد (نیا ارادہ) اس کا خاصہ ہے، ان معانی کا ارادہ نہیں فرمایا۔ ارادہ طبعی جیساکہ آگ کا ارادہ اوپر کی طرف ہوتا ہے اور خاک (زمین) کا ارادہ نیچے کیطرف ہوتا ہے یہ اور ہے چونکہ میرے دل میں ایک داعیہ (ارادہ، خیال) ڈالا گیا ہے کہ میں قصد طبعی کو قصد متجدد اور وہ خرابی جو صوفیہ کی تعبیرات کے تسامح سے ہر باب میں پیدا ہوئی ہے۔ اس کو نظر انداز کر دوں۔ ان موشگافیوں میں اہل بصیرت کے نزدیک میں معذور سمجھا جاؤنگا۔ اور اللہ تعالیٰ نگران ہے ان باتوں پر جو ہم کہتے ہیں۔ اس تدبیر کا حاصل یہ ہے کہ آدمی کے اندر دو قوتیں ودیعت رکھی گئی ہیں۔ ایک قوۃ ملکیہ (فرشتوں جیسی قوت) اور دوسری قوۃ بہیمیہ (جانوروں جیسی قوت) اور ہر ایک کے خواص الگ ہیں جو اسکی امداد کرتے ہیں پس چاہئے کہ انسان خواص ملکیہ سے آراستہ ہو تاکہ یہ قوت اور زیادہ قوی ہو جائے۔ اور قوۃ بہیمیہ قوۃ ملکیہ کے آداب سے متادب ہو جائے اور اس کا رنگ اختیار کرلے یہ مطلب نہیں کہ قوت بہیمیہ اپنی طبیعت سے ہی باہر نکل

Marfat.com

پس خدائے تعالیٰ بر چہار خصلت متنبہ ساخت، و برعایت آنہا فرمود و از اضداد آنہا نہی نموذ اگر نیک بشگافی ہمہ انواع بِرّ شرح و بسط ایں چہار خصلت است، و ہمہ اقسام اِثم تفصیل و تفریع اضداد ایں خصلت ایں چہار خصلت چیزے است کہ ہمہ انبیاء باں دعوت نمودہ اند و باخذ آں فرمودہ نسخ را باں راہ نیست و تغییر و تبدیل را دراں گنجائش نہ، اختلاف شارع در اشباح و قوالب آں است نہ در حقیقت مغز آں ؎ دم بدم گر شود لباس بدل ۔ مرد صاحب لباس را چہ خلل،

یکے طہارت، و باں مناسبت ملائکہ پیدا می کند،

و دیگر خضوع، و باں محاکات ملاء اعلیٰ کسب می نماید،

سوم سماحت، و باں رنگہائے صفات رذیلہ بشری کہ از افعال سبعیہ و شہویہ پیوستہ دامن گیر

آئے اور اپنا مزاج ہی چھوڑ دے اور انقلاب حقیقت اس کی طرف راہ پالے ۔

پس اللہ تعالیٰ نے چار خصلتوں پر تنبیہ فرمائی ہے اور ان کی رعایت کا حکم دیا ہے اور ان کی ضد سے منع فرمایا اگر تم خوب اچھی طرح غور کرو تو تمہیں معلوم ہوگا کہ نیکی (بِر) کی تمام انواع اور اقسام ان ہی چار خصلتوں کی شرح اور تفصیل ہیں اور تمام اقسام برائی (اثم) کے ان چار خصلتوں کے افراد کی تفصیل و تفریع ہے یہ چار خصلتیں ایسی ہیں کہ تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے ان کی دعوت دی ہے اور انہیں اختیار کرنے کی تلقین فرمائی ہے اور نسخ کے لئے ان کی طرف کوئی راستہ نہیں (یعنی یہ منسوخ نہیں ہو سکتی) اور تغیر و تبدل کے لئے بھی ان میں کوئی گنجائش نہیں، شارع (پیغمبر علیہ السلام) کا اختلاف ان کے اشباح و قوالب میں ہے نہ کہ ان کی حقیقت اور مغز میں،

؎ دم بدم اگر لباس میں تبدیلی واقع ہو تو اس سے لباس پہننے والے میں کیا خرابی ہو سکتی ہے ۔

ان میں سے پہلی طہارت ہے اور اس خصلت کے ذریعہ آدمی فرشتوں کے ساتھ مناسبت پیدا کرتا ہے ۔

اور دوسری خصلت خضوع (عاجزی) ہے اور اسکے ذریعہ انسان کو ملاء اعلیٰ کیساتھ مشابہت پیدا ہو جاتی ہے

اور تیسری خصلت سماحت (فیاضی) ہے انسانی رذیل صفات کیوجہ سے آدمی میں درندوں جیسے افعال

Marfat.com

ناطقہ اوست از خود می افشاند و شستن و شوئے خوبی می دہد۔

وچہارم عدالت و بآں رضاء ملاء اعلیٰ و موافقت ایشاں و رحمت و رأفت ایشاں حاصل می شود و تدبیر شریعت متوجہ بدو جہت است یکے اصلاح بفعل اعمال برّ و ترک اعمال اثم بکبائر معبر می شود و اقامت شعائر ملت حقہ پس ایں سہ فصل را موقت و محدود فرمود و ہمہ مکلفین را التزام نمود و آں ظاہر شرع است و مسمیٰ باسلام

و دیگر تہذیب نفوس بحقیقت ایں خصال اربعہ و رسیدن از اشباح برّ بانوار آں و تجاوز کردن از کف صور اثم بکف از معانی آں و مفاسدے کہ نہی برائے آں بودہ است و ایں باطن شرع است و مسمیٰ باحسان

و چوں شرع ایشاں را بایں تدبیر برساخت و نخواہی و نخواہی بر ایں کار آورد و ایشاں در قبول

اور شہوانی حرکات جو اس کے نفس ناطقہ سے دامن گیر ہوتے ہیں اس خصلت کے ذریعہ انسان ان کے رنگ کو اپنے آپ سے جھٹک دیتا ہے، اور صفائی اور پاکیزگی کی اُسے خوبی حاصل ہوتی ہے۔

اور چوتھی خصلت عدالت ہے اور اس کے ذریعہ انسان ملاء اعلیٰ کی رضاء اور ان کی موافقت اور ان کی شفقت اور رحمت حاصل کرلیتا ہے۔ (انسانوں کی رہنمائی کیلئے) شریعت کی تدبیر دو طرف سے متوجہ ہے: ایک یہ ہے کہ انسان کی اصلاح اچھے اعمال کرنے سے اور بُرے کام جنکو کبائر سے تعبیر کیا جاتا ہے کے ترک کرنے سے اور ملت حقہ کے شعائر کو قائم کرنے سے اور ان تینوں باتوں کے لئے وقت اور حد مقرر کی ہے اور تمام مکلفین پر انکی پابندی لازم قرار دی گئی ہے اور اس کو ظاہر شریعت سے موسوم کیا جاتا ہے اور دوسری جہت نفوس کی تہذیب ہے ان چار خصلتوں کے ساتھ اور نیکی کے اشباح (مثالی صورتوں) سے ان کے انوار تک پہنچنا اور گناہ کی صورتوں سے رکنا ان کے معانی اور حقیقت سے رکنے ساتھ جنپر شریعت کیطرف سے نہی وارد ہوئی ہے اور یہ باطن شریعت ہے جسکو احسان سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اور جب شریعت نے ان لوگوں کی اسطرح تدبیر کی ہے تو خواہ نخواہ انکو

Marfat.com

آں اثر بحسب جبلت وکسب مختلف بودند لامحالہ سہ گشتند چنانکہ در قرآن عظیم بداں اشارہ رفتہ است ک
ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتَابَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ
سَابِقٌ بِالْخَیْرَاتِ یعنی وارث کتاب ساختیم امت محمدیہ را بہیئت اجتماعیہ از جمیع امم بہتر و برگزیدہ تراند
پس از یشاں بعض آں اثر را اندکے قبول کردند و بعض علی وجہ التمام و بعض بین بین تفصیل ایں اجمال آنکہ
چوں قوت ملکیہ با قوت بہیمیہ مصارعت کند از سہ حال بیروں نخواہد بود یا بہیمیہ غالب باشد و ملکیہ مقہور و
مغلوب کہ جز در بعض اوقات اثر او ظاہر نشود و بصفات مختصہ خود محظوظ نگردد و برایں شخص اگر اعمال خبیثہ
افعال ضارہ غالب تر باشد فاسق گویند و اگر ملکات سیئہ و اخلاق فاسدہ قوی تر بود منافق گویند بنفاق عمل
و اگر قوت بہیمیہ و قوت ملکیہ باہم مصارعت مے کنند و قوت ملکیہ گلوئے قوت بہیمیہ محکم گرفتہ است اما قوت
بہیمیہ را ہنوز دست و پا کشادہ است دست می اندازد و پائے می کوبد و قوت ملکیہ از گیر و دار وے فارغ نشد

اس کلام کیطرف لاتی ہے اور وہ لوگ اس کے اثر کو قبول کرتے میں جبلی اور کسبی طور پر مختلف واقع ہوئے ہیں، تو لامحالہ
تین گروہ ہو گئے جیساکہ قرآن کریم میں اس کی طرف اشارہ واقع ہوا ہے (جیساکہ اس آیت میں بیان کیا گیا ہے) یعنی
ہم نے کتاب کا وارث امت محمدیہ کو بنایا ہے جو اپنی ہیئت اجتماعیہ کیساتھ تمام امتوں سے بہتر اور برگزیدہ ہے پس
ان میں سے بعض نے اس اثر کو تھوڑا قبول کیا ہے اور بعض نے پورے طریقے پر اور بعض نے بین بین "اس اجمال
کی تفصیل یہ ہے کہ جب قوت ملکیہ قوت بہیمیہ کیساتھ متصادم ہوتی ہے تو تین حالتوں سے باہر نہیں ہو گی یا تو قوت بہیمیہ
غالب ہو گی اور قوت ملکیہ اس کے سامنے مقہور و مغلوب ہو گی بجز بعض اوقات کے اس کا اثر ظاہر نہیں ہوگا اور اپنی
خاص صفات سے بہرہ ور نہیں ہو گی، اور اس شخص پر اگر گندے اعمال اور ضرر دینے والے افعال غالب ہو گئے تو ایسے
شخص کو "فاسق" کہتے ہیں اور اگر برے ملکات اور فاسد اخلاق زیادہ قوی ہوں تو اس کو عملی "منافق" کہتے ہیں اور اگر
قوت بہیمیہ اور قوت ملکیہ کی باہم کشمکش ہو اور قوت ملکیہ نے قوت بہیمیہ کا گلا مضبوط طریقہ سے پکڑا ہو لیکن قوت
بہیمیہ کے ہاتھ پاؤں کھلے ہیں اور وہ ہاتھ ڈال رہی ہے اور پاؤں چلا رہی ہے اور قوت ملکیہ اس کی دار و گیر

Marfat.com

وازجہاد وے دست نہ کشیدہ ایں راصاحب الیمین گویند۔

وسبب بقاء بعض قوائے بہیمیہ درایں صورت یکے از دو وجہ خواہد بود

یا ایں است کہ دراصل فطرۃ قوۃ سبعیہ یا قوۃ عقلیہ ضعیف افتادہ است و مع ہذا اکثار اعمال بر می کند

پس ازیں اعمال آں قدر ثمرہ بدست نمی آید کہ می باید

یا ایں است کہ دراصل فطرۃ ایں قوۃ صحیح مخلوق شدہ است لیکن اکثار عمل خیر نکردہ است و اشتغال

معاش بروے غالب است

واگر قوۃ ملکیہ فیروز و منصور نشد و قوۃ بہیمیہ را اسیر کرد و بسلاسل واغلال مقید ساخت و بفاقہائے متواتر

کسر شہوۃ او نمود ایں شخص را سابق و مقرب گویند و دریں شخص دو چیز ضرور است ایں دو قوۃ می باید کہ صحیح

المزاج دروے آفریدہ شدہ باشد و اکثار اعمال بر نیز از وے بوجود آمدہ تا عقل بعقائد حقہ مہذب شود و قوۃ

(پکڑ دھکڑ) سے فارغ نہیں اور اس کے ساتھ کشمکش کرنے سے ہاتھ نہیں کھینچے تو ایسے شخص کو صاحب الیمین کہتے ہیں

اور اس صورت میں بعض قوائے بہیمیہ کے باقی رہنے کا سبب ان دو باتوں میں سے ایک بات ہوگی۔

یا تو یہ وجہ ہوگی کہ اصل فطرۃ میں قوۃ سبعیہ یا قوۃ عقلیہ ضعیف واقعہ ہوئی ہے اور باوجود اس کے وہ نیک

اعمال کرتا ہے۔ پس یہ اعمال اس کے لئے اسقدر مثمر و نافع نہیں ہونگے جس قدر ہونا چاہئے

یا یہ وجہ ہوگی اصل فطرۃ کے لحاظ سے تو یہ قوۃ صحیح پیدا ہوئی ہے لیکن اس نے اعمال خیر کی کثرت نہیں

کی اور معاش کا شغل اس پر غالب آگیا ہے۔

اور اگر قوۃ ملکیہ غالب و منصور ہو جائے اور قوۃ بہیمیہ کو اسیر (قید) کرلے اور طوق و سلاسل میں جکڑ

لے اور متواتر فاقوں سے اس کی شہوت کو توڑ دے تو اس شخص کو سابق اور "مقرب" کہتے ہیں۔ اور اس شخص میں

دو چیزیں ضروری ہیں۔ یہ دونو قوتیں اس میں صحیح المزاج پیدا کی گئی ہوں، اور اعمال خیر کی کثرت اس سے

صادر ہو تاکہ عقل عقائد حقہ سے مہذب (شائستہ) ہو۔ اور قوت عازمہ قلبیہ کو اپنی گرفت میں لے لے

Marfat.com

عازمہ قابیہ را در گیرد و تابع خود سازد و ایں قوۃ عازمہ کہ سبعیہ می نامیم ضبط نفس کند و آدمی بہمہ جہت شائستہ حضرتِ قرب شود

پس دریں مبحث لازم است کہ علامات ہر یکے از اصناف ثلثہ را شرح کنیم و قوانینے کہ شارع در تہذیب ایں سہ شعبہ و ایں سہ قوۃ افادہ فرمودہ است بسط نمائیم۔ بعد ازاں تمیز یکہ درمیان ایں تہذیب کہ عبارت از اصلاح است از تہذیب دیگر کہ حاصلش تغیر جبلت است نہادہ است و فرقے کہ میان ایں ہر دو بیان فرمودہ است ذکر کنیم و اللہ یہدی الی سواء السبیل

در ظاہر شرع کہ مسمّٰی باسلام است و ہو قولہ تعالیٰ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا "مبحوث عنہ لطیفہ جوارح است از اقرار آنچہ اقرار آں باید کرد و عمل آنچہ عمل بداں باید نمود و تحقیق ایں لطیفہ آنست کہ قلب و عقل و نفس باعتبار تقویم جوارح و آلہ بودن برائے تکمیل افعال جوارح و

اور اپنے تابع بنالے اور یہ قوت عازمہ کہ جس کو ہم سبعیہ کا نام دیتے ہیں نفس کو ضبط میں رکھے تاکہ آدمی تمام طریقوں سے حضرت قرب (اللہ تعالیٰ کی نزدیکی اور قرب) کے لائق ہو پس اس مبحث میں لازم ہے کہ ہم ان تینوں اصناف میں سے ہر ایک کی علامتیں بیان کریں۔ اور وہ قوانین جو شارع (علیہ السلام) نے ان تینوں شعبوں کی تہذیب کے سلسلہ میں اور ان تین قوتوں کے بارہ میں فرمائے ہیں ان کی تفصیل بیان کر دیں۔ اور اس کے بعد اس تہذیب کے درمیان جو اصلاح سے عبارت ہے اور دوسری تہذیب کے درمیان کہ جس کا حاصل جبلت کی تبدیلی ہے ان دونوں کے درمیان جو فرق شارع علیہ السلام نے رکھا ہے اسکی تفصیل پیش کریں اور ان کے درمیان فرق کو واضح کریں اور اللہ تعالیٰ ہی سیدھے راستے کیطرف رہنمائی فرماتا ہے۔ اور ظاہر شریعت میں جس کا نام اسلام ہے اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں کہ "اعراب نے کہا کہ ہم ایمان لائے ہیں آپ کہہ دیجئے کہ تم ہرگز ایمان نہیں لائے بلکہ یوں کہو کہ ہم نے صرف (ظاہری طور پر) تسلیم کرلیا ہے" ظاہر شرع میں لطیفہ جوارح سے ہی بحث کی گئی جس چیز کا اقرار ضروری ہے اس کا اقرار کرنا اور جس چیز پر عمل ضروری ہے اس پر عمل پیرا ہو جانا اور اس لطیفہ

Marfat.com

فنا در جوارح مسمٰی بلطیفہ جوارح می گردد۔

وبرائے تفہیم ایں لطیفہ برایں فقیر شترے ظاہر ساختند کہ مشرف برموت بود غیر رمقے از حیاۃ او باقی نماندہ وجمیع لطائف ثلثہ بارزہ او ضعیف گشتہ اما اورا در قطار بستہ بودند واو غیر از رفتن قوتے نداشت پس تا آخر از باقی روح راہ میرفت بعد ازاں بمرد از رفتن باز ماندنش ہماں بود و مردنش ہماں ودریں حال آگاہانیدند کہ ایں شتر فانی است در لطیفہ جوارح ومؤاخذہ اعمال شرائع برہمیں لطیفہ است و در شرائع اکثر بحث ازیں مقولہ است

بالجملہ علاج فاسق در شرع از خارج مقرر فرمودہ اند واورا از ہر جہت تنگ گرفتہ اند تا خواہی نخواہی ازاں کار باز ماند مثلاً نخست وجوہ ستر درمیان نساء و رجال تعیین کردند اگر آنرا استوار دارند شرے

تحقیق یہ ہے کہ قلب، عقل، اور نفس اس اعتبار سے کہ جوارح کا قیام ان سے وابستہ ہے اور یہ جوارح کے افعال کی تکمیل کے لئے آلہ ہیں اور جوارح میں فنا ہیں، اس اعتبار سے ان کو "لطیفہ جوارح" سے موسوم کیا جاتا ہے۔

اور اس لطیفہ کو سمجھانے کے لئے اس فقیر پر ایک اونٹ ظاہر کیا گیا جو کہ بالکل قریب المرگ تھا اور سوائے ایک رمق کے اسکی زندگی میں سے کچھ بھی باقی نہیں تھا اور تمام لطائف بارزہ اسکے ضعیف ہو گئے تھے لیکن اس اونٹ کو قطار میں باندھا ہوا تھا اور وہ سوائے چلنے کے اور کچھ بھی قوت نہ رکھتا تھا پس روح کے نکلنے کے آخری وقت تک وہ چلتا رہا اور اسکے بعد وہ مر گیا اور اس کا مرنا بھی وہی تھا اور چلنے سے رکنا بھی وہی، اس حالت میں مجھے آگاہ کیا گیا ہے کہ یہ اونٹ لطیفہ جوارح میں فنا تھا۔ اور اعمال شرع کا مواخذہ بھی اسی لطیفہ پر ہوتا ہے۔ اور شریعت کے اندر اسی مقولہ سے بحث کی جاتی ہے۔

حاصل یہ ہے کہ فاسق کا علاج شریعت نے خارج میں مقرر کیا ہے اور اس کو ہر طرف سے تنگ کیا گیا ہے تاکہ مجبوراً وہ اس کار بد سے باز رہے۔ مثلاً سب سے پہلے مردوں اور عورتوں کے درمیان پردہ کرنے کا قانون مقرر کیا ہے۔ اگر اس پر کاربند رہیں تو کوئی شر ظاہر نہیں ہوگا۔ اس کے بعد زناء کے مقدمات

Marfat.com

پدید بیاید، آنگاہ بر مقدمات زنا از نظارہ جمال نساء و اختلاط باہم وغیر آں تعزیر را راہ کشادہ ساختہ اند آنگاہ بہ زنا حدے زاجر مشروع نمودہ اند، و مثلاً ساختن شراب و فروختن آں منع فرمودہ اند آنگاہ بر شارب حدے زاجر مقرر نمودہ، و علی ہٰذا القیاس، بوجہے کہ اگر امر خلافت کما ینبغی منتظم شود، فسق از میاں برخیزد، و ایں مبحث وظیفہ ایں کتاب نیست۔

اما منافق را اقسام اصلی سہ اند، منافقے کہ قوت طبیعیہ و نفس شہویہ او غالب است، و قلب و عقل تابع او شدند و نفس سبعی و دراکہ ممد او آمدند، حال ایں شخص آں ست بے اذن شرع و عقل ہر جا کہ خواہد رود، و ہر کارے کہ خواہد کند، با معشوقہ در آویزد، اگرچہ عقل و شرع ازاں منع کنند، و اگر در قاعدہ رسم و عرف عارے عظیم بہم رسد، و بے ہیچناں در کارے خود گاہ باشد کہ از شرع رخصتے را دست آویز خود ساختہ بود، و باں حیلہ از دار و گیر مردماں خلاص شدہ، و نزدیک خود نیز دراں کار عذرے نہادہ و خاطر

مثلاً عورتوں کا نظارہ جمال اور مردوں عورتوں کا آپس میں اختلاط وغیرہ پر تعزیر مقرر کی گئی ہے۔ اور پھر زنا پر ایک زاجر حد مقرر کی گئی ہے۔ اور اسی طرح مثلاً شراب کی خرید و فروخت کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اور پھر شراب پینے والے پر حد مقرر کی ہے۔ علی ہٰذا القیاس اگر خلافت کا معاملہ صحیح طریقہ پر منظم ہو جائے تو فسق کا سلسلہ ہی برخاست ہو جائیگا اور یہ مبحث اس کتاب کا وظیفہ نہیں ہے۔

بہر حال منافق کی اصلی قسمیں تین ہیں۔ ایک وہ منافق کہ قوت طبعیہ اور نفس شہوانی اس پر غالب ہو اور قلب اور عقل اس کے تابع ہو جائیں اور نفس سبعی (درندہ صفت نفس) اور نفس دراکہ (سمجھ رکھنے والا نفس) بھی اس کے مدد و معاون بن جائیں۔ اس شخص کا حال یہ ہے کہ یہ شریعت اور عقل کے اذن کے بغیر جس جگہ چاہتا چلا جاتا ہے اور جو کام چاہتا ہے کر گذرتا ہے یہ اپنی معشوقہ سے چمٹ جاتا ہے اگرچہ عقل اور شرع اس سے منع کرتے ہوں اور رسم و رواج کے قاعدہ کے مطابق اس میں بڑا عار کیوں نہ ہو، وہ شخص بدستور اپنے کام میں مصروف رہتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ شرع کی کسی رخصت کو اپنے کام کیلئے اجازت کی سند اور دستاویز بنا لیتا ہے

Marfat.com

شرع را بحکم ذرہ ایمان کہ بدل مضمر دارد باں عذر دفع می کند و ایں را خدا تعالیٰ بخداع تعبیر فرمود، یُخَادِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ و بہ پیچانیدن سینہ اشارت کرد اَلَآ اِنَّهُمْ یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ زیرا کہ صدر را اینجا بر علوم صدر اطلاق کردہ شد و پیچانیدن آنست کہ خاطر حق را بخاطر باطل مستور می کند و علم خود را جہل می سازد۔

وگاہے ازینجا نیز فرود تر رود و اصلا خاطر شرع زجر او نکند و ہماں عذر نا مسموع مطمئن گردد و تنازع و تناقض درمیان سینہ او بر آید، وگاہے ازینجا نیز فرود تر آید و آں رخصت را دست آویز نسازد و ازاں زاجر حسابے نگیرد و ذہول صرف ورزد، وگاہے ازینجا فرود تر رود و استحسان آں نماید و اثبات حسن آں کند و در ایں صورت خطیئہ احاطہ بوے کردہ باشد قال اللّٰہ تعالیٰ وَاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِیْٓئَتُهٗ

اور اس حیلے سے لوگوں کی گرفت سے چھوٹ جاتا ہے اور اپنے خیال میں بھی اس کام کے لئے عذر رکھتا ہے اور شرع کی خیال کو جو اس کے دل میں ایمان کے ذرہ کے بموجب ہے اسی عذر سے اس کو دفع کرتا رہتا ہے اور ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ نے خداع (دھوکہ باز) سے تعبیر فرمایا ہے جیسا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کے بارہ میں ارشاد فرمایا ہے کہ "یہ فریب دیتے ہیں اور دھوکہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ بھی ان سے ویسا ہی معاملہ کرتا ہے" اور ایسے لوگوں کے حق میں اللہ تعالیٰ نے سینے کو موڑنے سے اشارہ فرمایا ہے جیسا کہ اس آیت میں "سنو بیشک یہ لوگ اپنے سینوں کو موڑتے اور پھیرتے ہیں" اس لئے کہ صدر اس جگہ علوم صدر پر اطلاق کیا گیا ہے اور موڑنے سے مراد یہ ہے کہ حق کے خیال کو باطل کے خیال سے چھپاتے ہیں اور اپنے علم کو جہل بنا دیتا ہے (گویا اسے اس کا علم ہی نہیں)۔ اور کبھی اس سے بھی نیچے اتر آتا ہے اور شرع کا خیال بالکل اسکے لئے زاجر نہیں ہوتا اور اسی ناقابل مسموع عذر سے اپنے آپ کو مطمئن رکھتا ہے اور تنازع اور تناقض (حق و باطل کی کشمکش) جو اس کے سینہ میں تھی وہ نکل جاتی ہے۔ اور کبھی اس درجہ سے بھی نیچے اتر آتا ہے اور اس رخصت کو بھی اپنے لئے دستاویز نہیں بناتا اور اس شرعی زاجر کی قطعاً پرواہ نہیں کرتا بلکہ بالکل اس کو بھول جاتا ہے اور کبھی اس درجہ سے بھی نیچے اتر

Marfat.com

فاولئک اصحاب النار هم فیها خلدون نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا
و بر ہمیں مراتب تہالک بر طعام لذیذ و شراب مسکر و مفتر و استماع مزامیر و ارتکاب شطرنج و لعب حمام
و تحریش بہائم و استحسان دعۃ و طلب کردن ثیاب ناعمہ و بیوت منقوشہ و بساتین رائقہ و مراکب فارہ
بذہن خود تصویر باید کرد و در ہر یکے التذاذ نفس و سرگرم شدن قلب و سعی کردن عقل بحسب آں باید
شناخت چگونہ رضا قلب بارتکاب ایں امور و سخط از مخالف آں و دوست داشتن ہر چہ بداں رساند
و نفور شدن از ہر چہ ازاں باز دارد و در صورت دوستی بذل مال و خدمت بدن در کار او کردن و در صورت
نفرت شتم و سب بل ضرب و قتل سہل دانستن و زمان دراز بدل حقد مضمر داشتن پدید می آید و چگونہ عقل
تصویر صورت التذاذ و تقدیر حیل وجدان آں و دفع موانع آں و ترخص بآنچہ پیش خود معذور دارد

جاتا ہے۔ اور اس صورت میں وہ ان (باطل خیالات اور ان برائیوں) کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور ان کی خوبی
کرتا ہے اور اس صورت میں گناہ (خطیئتہ) نے اس شخص کا احاطہ کیا ہوتا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور گھیر لیا
اس کو اس کے گناہوں نے پس یہی لوگ ایسے ہیں جو دوزخ والے ہیں اور وہ اسمیں ہمیشہ رہینگے "اللہ تعالیٰ ہمیں ہمارے
نفسوں کے شر سے اور ہمارے اعمال کی سیاہ کاریوں سے بچائے" اور اسیطرح انہی مراتب پر وہ شخص عمدہ اور لذیذ کھا
اور نشہ آور اور خمار انگیز شرابوں اور مزامیر کے سماع اور شطرنج کھیلنے اور کبوتر بازی اور جانوروں کے لڑانے
آرام و آسائش میں رہنے کو پسند کرنے اور اچھے سے اچھے کپڑے طلب کرنے اور نقش و نگار سے آراستہ مکانات
اور سرسبز و خوش منظر باغات اور اعلیٰ درجے کی سواریوں، جنکو تم اپنے ذہن میں تصور کر سکتے ہو میں منہمک ہوتا ہے
ان میں سے ہر ایک سے نفس کا لذت اندوز اور قلب کا سرگرم ہونا اور عقل کی کوشش و سعی کرنا واضح ہے) اور اس سے
معلوم کر لینا چاہئے کہ اس کے دل نے کسطرح ان امور کے ارتکاب میں رضامندی کا اظہار کیا ہے اور ان کے مخا
امور پر غضب و ناراضگی کا اظہار کیا ہے اور ایسی تمام چیزوں کو دوست رکھنا جو ان (منہیات) تک پہنچائیں
ان چیزوں سے نفرت کرنا جو ان سے باز رکھنے والی ہوں اور دوستی کی صورت میں مال کا صرف کرنا اور بدن سے

Marfat.com

می نماید، و ایں صورتہا باندک تامل می تواں شناخت،

ومنافقے کہ قوۃ سبعیہ او افراط کردہ است، ونفس وعقل مقتدی او شوند حال ایں شخص آنست کہ دلش پیوستہ غلبہ بر اقران وانتقام از مزاحمت کنندگاں دوست دارد، ومدتہا حقد در دل مضمر کند، وپیوستہ در خیال کشتن، یا زدن، یا مصادرہ کردن، یا اہانت نمودن خصوم باشد، ہر کہ منقاد اوست مسلّم داشتن، وہر کرا ہمسر اوست از پا افگندن، و در ادنی حرفے غیرت بہم آوردن، می گوید من ازاں ناکساں نیستم کہ سخن کسے بردارم، یا بر بے حمیتی وبے عزتی صبر کنم، درایں راہ ہر چہ شود گو شود "اخترت النار علی العار" مذہب اوست، در طلب عزت ودر دور رفتن مشرب او ودریں راہ نفس مطاوع اوست، وعقل معاون او

خدمت کرنا، اور نفرت کی صورت میں گالی گلوچ پر ہی اکتفا نہ کرنا، بلکہ مار پیٹ اور قتل تک کو سہل جاننا، اور زمانہ دراز تک دل میں کینہ رکھنے کا سلسلہ ظاہر ہوتا ہے اور پھر یہ کہ عقل کیسے کیسے عجیب حیلوں سے اسکی صورت التذاذ کو سامنے لاتی ہے اور اس کے پانے کی ہر ممکن کوشش، اور اس کے موانع کو دفع کرنے کی کوشش کرتی ہے اور عقل ایسی چیزوں سے رخصت پکڑتی ہے جن کی وجہ سے وہ اپنے سامنے اپنے لئے عذر رکھتی ہے اور اسکے لئے کوشش کرتی ہے اور یہ تمام صورتیں تھوڑے سے غور وفکر سے پہچانی جا سکتی ہیں۔

اور دوسری قسم کا منافق وہ ہے جسکی قوت سبعیہ متجاوز اور غالب ہوتی ہے اور نفس اور عقل اسکی اقتدا کرنیوالے ہوتے ہیں۔ اس شخص کا حال ایسا ہے کہ اس کا دل مسلسل اپنے اقران (برابری والوں) پر غلبہ او اقتدار چاہتا ہے اور مزاحمت کرنیوالوں سے انتقام لینے کو پسند کرتا ہے اور مدتوں تک دل میں کینہ مخفی رکھتا ہے اور برابر قتل کرنے یا مار پیٹ یا مال اسباب چھیننے کی فکر میں لگا رہتا ہے، یا خصومت کرنے والوں کی توہین وتذلیل کے خیال میں رہتا ہے جو اس کا مطیع ہو اُسے تسلیم کرتا ہے اور جو اس کا ہمسر ہو اس کو پاؤں سے گرانا چاہتا ہے۔ اور معمولی سی بات پر غیرت میں آجاتا ہے اور کہتا ہے کہ میں ان نالائق لوگوں میں سے نہیں ہوں کہ کسی کی بات سہہ سکوں یا بے عزتی اور بے حفاظتی پر صبر کر سکوں اس راہ میں جو ہوتا ہے سو ہو میں نے نار (آگ) کو عار (شرم) پر اختیار کر لیا

در امضائے غضب ہر محنتے کہ کشد بروے گوار است، و در اجرائے حقد و انتقام ہر منصوبہ و دور اندیشی ہموار است، یا آنست کہ دوستی قومے یا رسمے دامنگیر حال اوست، و در آن باب مساعی جمیلہ صرف می کند و از دفع شرع و عقل آں را حسابے نمیگیرد، می گوید وفا بدوستاں دین من است، و لازم گرفتن وضع خود آئین من ازاں بے حفاظاں نیستم کہ ہر روز دوستے گیرند، و ہر زمانے وضع اختیار کنند، و نزدیک جہال، اصحاب قوۃ سبعیہ بر جولیت متصف باشند، و در نظر ایشاں از شہویان فاضلتر نمایند ؎

والنّاس فیما یعشقون مذاھب،

و منافقے کہ قوت دراکہ او مشوش شدہ است، یا این است کہ عقل صحیح المزاج دارد اما در شبہات

لیا ہے" اس کا مذہب ہے، عزت کی طلب ہیں اور اسکے مترتب کے اس قدر دور ہو جاتے ہیں اس راہ میں نفس اس کا موافق ہے اور عقل اسکی معاون، اور غضب کے نافذ کرنے میں جو بھی مشقت ہو وہ اسے گوارا ہوتی ہے اور کینہ اور انتقام لینے میں ہر منصوبہ (تدبیر و حیلہ) اور دور اندیشی اس کی عقل کے سامنے ہموار (تیار) ہوتی ہے۔ یا اس شخص کا ایسا حال ہے کہ کسی قوم کی دوستی، یا کسی قوم کا رسم و رواج اس کے حال پر دامنگیر ہے اور اس سلسلے میں وہ اپنی بڑی کوششیں اور مساعی جمیلہ صرف کرتا ہے اور شرع اور عقل کے منع کرنے کو کسی حساب میں نہیں شمار کرتا اور کہتا ہے کہ دوستوں سے وفاداری کرنا میرا دین ہے، اور اپنی وضع کو لازم پکڑنا میرا آئین ہے اور میں ایسے لوگوں میں سے نہیں ہوں جو اپنی وضعداری کی حفاظت نہیں کر سکتے، جو ہر روز نیا دوست بناتے ہیں اور ہر زمانے میں نئی وضع اختیار کرتے ہیں، اور جاہلوں کے خیال میں قوت سبعیہ والے جو رجولیت (قوت مردمی) سے متصف ہوتے ہیں، اُن کی نگاہ میں قوت شہوانیہ والوں سے زیادہ افضل دکھائی دیتے ہیں۔

؎ اور لوگ جس چیز کو چاہتے ہیں اس کے بارہ میں جدا جدا مذہب رکھتے ہیں۔

تیسری قسم کا منافق وہ ہے جس کی قوت دراکہ (سمجھ اور ادراک والی قوت) مشوش اور پراگندہ ہو گئی ہو، (اور اس کی وجہ یہ ہے) یا تو وہ شخص عقل صحیح المزاج رکھتا ہو گا لیکن ایسے شبہات میں گرفتار ہو گیا ہو گا۔

تجسم وتشبیه واشتراک وتعطیل درماندہ است' یا در قرآن عظیم ورسول کریم ومعاد ومجازات شکوک بسیار بہم رسانیدہ است' اگرچہ تا آنجا نرسیدہ کہ خلع ربقۂ اسلام کند' یا این است کہ افکار ردیہ ظلمانیہ بر دراکہ او غالب آمدہ است' ویقینے نمی تواند بخاطر نشاند' وعزمے نمی تواند بسرانجام داد اگرچہ جہت تخالف ہم راسخ نشدہ است' یا این است کہ بشعر وریاضی ومثل آں دور رفتہ' وتا آنجا عقل او وسعت ندارد کہ خوض در شرع نیز کند'۔

بالجملہ اقسام منافقین در اصل تقسیم سہ اند' بعد ازاں بہ سبب اختلاط بعض اقسام بہ بعض قلت وکثرت' وباعتبار یک جہت' ویک کار ازیں قسم شدن' وباعتبار جہتہ دیگر وکار دیگر از قسم دیگر بودن اقسام بسیار پیدا شدند کہ حصر آں مقدور عقل نباشد'

جس کی بنا پر وہ اللہ تعالیٰ کے جسم ہونے یا اسکی مثل ہونے میں یا شرک اور تعطیل (یعنی اللہ تعالیٰ کو بالکل معطل اور بیکار سمجھنے) میں مبتلا ہو کر درماندہ ہوگیا ہوگا۔ یا پھر وہ ایسا ہوگا کہ قرآن کریم اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قیامت (معاد) اور جزا وسزا کے بارہ میں اسے بہت سے شکوک وشبہات نے گھیر لیا ہوگا اگرچہ نوبت نہ پہنچی ہو کہ اسلام کا قلادہ اپنی گردن سے اس نے اتار دیا ہو' اور یا یہ صورت ہوگی کہ بہت سے ردی اور برے ظلمانی فکروں نے اس کی قوت دراکہ پر غلبہ پالیا ہوگا' جس کی بنا پر کسی قسم کا یقین اس کے دل میں نہیں جمتا اور کسی چیز کا قصد وعزم وہ پورا نہیں کر سکتا' اگرچہ اس کی جہت تخالف بھی ابھی پختہ اور مضبوط نہیں ہوئی' یا یہ صورت ہوگی کہ شعر واشعار اور فن ریاضی وغیرہ میں وہ اس قدر دور چلا گیا ہے کہ وہاں اسکی عقل اس قدر وسعت اور پھیلاؤ نہیں رکھتی کہ وہ شریعت میں بھی غور وخوض کر سکے' حاصل یہ ہے کہ منافقین اصلی تقسیم کے لحاظ سے تین قسم ہیں' اور اسکے بعد بعض قسموں کا بعض کیساتھ خلط ملط ہونے سے اور بوجہ قلت وکثرت کے اور باعتبار ایک جہت اور ایک کام ایک قسم سے ہونا اور دوسری جہت اور دوسرے کام کیوجہ سے دوسری قسم میں داخل ہونا اس طرح بہت سی ذیلی قسمیں پیدا ہوگئی ہیں جنکا حصر (احاطہ) عقل کی طاقت سے باہر ہے۔

Marfat.com

علاجے کہ شارع در حق منافقین معین فرمود، تسلیط نفس سبعیہ برنفس شہویہ وہر تسلیطے رابعملے کہ مؤید اوست مربوط ساختن پس می باید کہ اثبات معبود حق کنند واو را مرسل رسل و منزل کتب و حلال کنندہ حلال و حرام کنندہ حرام و جزا دہندہ بر اعمال عباد و دانندہ سر و علانیہ اعتقاد کنند و آں را خدا تعالیٰ بتذکیر بآلاء اللہ و بایام اللہ و بالموت و مابعدہ مضبوط ساخت و باعمالے کہ محض بایں نظر صادر شوند از صلوٰۃ و صوم وغیر آں مربوط نمود تا چوں بجزم عقل بایں امور حاصل شود طبیعت نفس سبعیہ باصلاح آید و خوف و رجاء او از ثواب و عذاب باشد و محبت او باخدا و شعار او بود و نفس در ہر زورے کہ در اصل فطرت دارد دریں ہمیں خوف و رجاء و محبت صرف کند و بر بہیمیہ قہر نماید و او را از افعال او باز دارد و لطف فرمود بعقل تا باو بحسب جبلت او مکالمہ کرد و اندکے در فہم صفات اللہ

اور شارع نے جو علاج منافقوں کے لئے مقرر کیا ہے وہ ہے نفس سبعیہ کو نفس شہوانی پر مسلط کرنا اور وہ اعمال جو اسکے مؤید ہوں ان کے تسلط کرنے کے ساتھ اسکو مربوط کر دینا پس چاہیئے کہ معبود برحق کا اثبات کرے اور اس کو رسولوں کا بھیجنے والا اور کتابوں کا نازل کرنے والا اور حلال کو حلال کرنیوالا اور حرام کو حرام کرنیوالا اور بندوں کو ان کے اعمال پر جزا دینے والا اور پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا اعتقاد کرے اور اس کو اللہ تعالیٰ نے تذکیر بآلاء اللہ (یعنی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے ذریعہ یاد دلانی) اور تذکیر بایام اللہ (یعنی اللہ تعالیٰ نے دنیا میں جن قوموں کو سزا دی ہے اسکی وجہ سے عبرت دلانا) اور موت اور بعد الموت کے واقعات کے ساتھ نصیحت دلانے سے مستحکم و مضبوط کیا ہے اور جو اعمال اس نظر اور اعتقاد سے صادر ہونگے مثلاً نماز، روزہ وغیرہ ان کیساتھ اس کو مربوط کر دیا ہے تاکہ جب عقل کو ان امور کا جزم و یقین حاصل ہو جائے تو نفس سبعیہ کی طبیعت کی اصلاح ہو جائیگی اور اس میں خوف و رجاء ثواب و عذاب سے پیدا ہو اور اسکی محبت اللہ تعالیٰ اور اس کے شعائر کے ساتھ پیدا ہو جائے اور نفس جسقدر زور اپنی اصل فطرت میں رکھتا ہے اسے اسی خوف و رجاء اور محبت میں صرف کرتا ہے اور قوت بہیمیہ پر دباؤ ڈالتا ہے اور اس کو اس کے افعال سے باز رکھتا ہے اور اس (اللہ تعالیٰ) نے لطف فرمایا

Marfat.com

ارخاء عنان نمود و شکوک و شبہات اورا دفع کرد و لطف کرد بتسلیط او بر سبعیہ تا بوفق جبلۂ سبعیہ معاملہ کرد، از ارشاد خوف و عذاب و رجاء ثواب و حب منعم و از میان صفت سبعیہ این صفات را برگزید و آنرا درباب معاد صرف نمود و لطف کرد بتسلیط سبعیہ بر بہیمیہ پس حوالہ امورے کہ مرغوب بہیمیہ است بر آخرت نہاد و شبیہ باں شد کہ مرغوب عاجل را بہ نفع آجل فروخت۔

و بالجملہ این علاج محاکات فطرت سلیمہ است و راست شد آں مثل کہ می گفتند صناعت اقتدا طبیعت است پس طب جسمانی اقتدا است بطبیعت بدن و طب روحانی اقتدا است بجبلت نفس قویہ سلیمہ۔

تفصیل این اجمال آنکہ افراد ہر نوعے کہ باشد بایکدیگر مختلف اند بعضے منصہ صورت نوعیہ بر وجہ

ہے عقل کے ساتھ کہ اس کی اصل فطرت اور جبلت کے اعتبار سے اس کے ساتھ مکالمہ فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ کی صفات کے سمجھنے میں اس کی باگ کو تھوڑا سا ڈھیلا کر دیا ہے اور اس کے شکوک شبہات کو دفع کیا ہے اور نیز اس نے لطف (مہربانی) فرمایا ہے کہ اس (عقل) کو قوت سبعیہ پر مسلط کر دیا ہے تاکہ اس کے ساتھ سبعی جبلت کے مطابق معاملہ کیا جاسکے کہ اسے عذاب کا خوف اور ثواب کی امید ہو منعم (انعام دینے والے) کی محبت کیطرف رہنمائی فرمائی۔ اور صفات سبعیہ میں سے صرف ان صفات کو منتخب کیا اور ان کو معاد کے باب میں (قیامت کے بارہ میں) صرف کیا ہے۔ اور نیز اس نے یوں بھی لطف و مہربانی فرمائی ہے کہ قوت سبعیہ کو بہیمیہ پر مسلط کر دیا اور ان امور کو جو قوت بہیمیہ کے لئے مرغوب خاطر تھے آخرت کے حوالہ کر دیا ہے اور اس کے مشابہ حالت ہوگئی کہ جو چیز اسے جلدی مرغوب تھی اسے دیر میں حاصل ہونے والی چیز سے فروخت کر دیا۔

حاصل یہ ہے کہ یہ علاج فطرت سلیمہ کے ساتھ مشابہت پیدا کرنا ہے اس سے وہ مثال درست ثابت ہوتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ صنعت طبیعت کی اقتدا کا نام ہے۔ اسلئے طب جسمانی اقتدا ہے بدن کی طبیعت کے ساتھ اور طب روحانی اقتدا ہے نفس قوی سلیم کی جبلت کے ساتھ۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ افراد جس نوع کے بھی

Marfat.com

کمال شدہ است، وبعض آخر بہ حکم نقصان مادہ آثار نوع را وجہ اتمام قبول نہ کردہ، ودر بعض ہیئتے منافی
احکام نوع قائم شدہ، مثل آنکہ صورت نوعیہ انسانیہ مقتضی آں است کہ شبق وغضب وجرأت در مرد علی وجہ
الکمال ظاہر شود، پس در بعض افراد علی وجہ الکمال ظاہر است، ودر بعض دون ازاں، ودر بعضے آخر غضب وجبن
مفرط بہ سبب فساد مادہ پیدا شد، ہمچنیں مزاج نفس انسانی مقتضی آنست کہ عقل بر نفس سبعیہ مسلط باشد و
ونفس سبعیہ بر نفس شہویہ بداں ماند کہ شخصے بر اسپ سوار شدہ، وپس پشت خود یوزے را نشاندہ تا بواسطہ
او شکار کند، مقتضی طبیعی دریں صورت آنست کہ مرد غالب باشد بر یوز، ویوز توانا بر دابہ۔

پس شرع نیست مگر موافقت طبع سلیم انسانی، وایں معنی در حدیث مبین شدہ جائیکہ فرمودہ اند "ما
من مولود الا یولد علی الفطرة ثم ابواہ یہودانہ وینصرانہ ویمجسانہ کما تنتج البہیمة جمعاء ہل
تحس فیہا من جدعاء" پس اگر عقل بر نفس سبعی مسلط وغالب شود، ونفس سبعی بر قوت بہیمی غالب آ

ہوں وہ باہم دیگر مختلف ہوتے ہیں، بعض تو پورے طریقہ پر صورت نوعیہ کا مظہر ہوتے ہیں اور بعض مادہ کے نقص
کی وجہ سے نوع کے آثار کو پوری طرح قبول نہیں کرتے، اور بعض میں احکام نوع کے خلاف ایک ہیئت اد
پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کی مثال یہ ہے کہ مثلاً صورت نوعیہ انسانیہ کا تقاضا ہے غلبہ شہوت، غصہ، جرأت
مرد میں ظاہر ہوں تو اب بعض افراد میں یہ پوری طرح (علی وجہ الکمال) ظاہر ہوتے ہیں اور بعض میں ا
کمتر ظاہر ہوتے ہیں اور بعض دوسرے افراد میں غصہ اور انتہائی درجہ کی بزدلی مادہ کے فساد کیوجہ سے پ
ہو جاتی ہے اسیطرح نفس انسانی کے مزاج کا مقتضیٰ یہ ہے کہ عقل نفس سبعیہ پر مسلط ہو اور نفس سبعیہ
مثال اس شخص کی سی ہے جو گھوڑے پر سوار ہو اور اپنے پیچھے اس نے ایک چیتے کو بٹھا لیا ہو تاکہ اسکے ذریعہ ش
کر سکے، اس صورت میں طبعی تقاضا یہ ہے کہ مرد چیتے پر غالب ہو گا اور چیتا اس جانور (شکار) پر طاقتور ہو گا

پس شرع انسانی طبع سلیم کی موافقت کے سوا اور کچھ نہیں، اور یہ معنی حدیث میں بیان کیا گیا ہے جہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو بچہ پیدا ہوتا ہے وہ فطرة (سلیمہ) پر پیدا ہوتا ہے، پھر اسکے ما

Marfat.com

اعتدال انسانی پیدا شود، و قوت بہیمی را مصرفے معین کنند تا بآن مصرف ہر چہ ضروری است از مطعم و مشرب، و ملبس، مسکن، و منکح بکار بروجہے کہ نہ مخالف عقل شود نہ مزاحم قوت سبعیہ و از تقاضا مزاحمت باز ماند، و ایں اصلاح قوت بہیمیہ است، و قوت سبعی را وسعتے دہند تا بدو کار مشغول باشد در معاش خود باعتدال تصرف کند، نہ با عقل عصیان ورزد، و نہ قوت بہیمیہ را از ہم پاشد، و با پروردگار خود محبت، و وفا، و خوف و رجاء است دارد، و علی ہذا الاسلوب، عقل در ہر دو کار صرف ہمت نماید کما لا یخفی، و انقیاد بہیمیہ زیر لجام سبعیہ و عقل و ورزشے مقرر ساختند، و آں صوم است، و کفارات است، تا عقل و سبعیہ جمع شدہ تقاضائے کارے کنند، و بہیمیہ را نخواہی نخواہی بر سر آں آورد، و تہذیب سبعیہ را راہے تعین کردند، و آں دوام عبودیت و اقامت سماحت است۔

اگر یہودی ہیں تو اسے یہودی بنا ڈالتے ہیں اور اگر نصرانی ہیں تو نصرانی بنا دیتے ہیں اور اگر مجوسی ہیں تو مجوسی بنا دیتے ہیں جیسا کہ ایک جانور جب بچہ جنتا ہے تو بالکل صحیح سلامت اعضاء والا ہوتا ہے۔ کیا تم پیدا ہوتے وقت ان جانوروں میں سے کسی کا کان ناک وغیرہ کٹا ہوا دیکھتے ہو؟" اگر عقل نفس سبعی پر مسلط اور غالب ہو اور نفس سبعی قوۃ بہیمی پر غالب آئے تو اس سے انسانی اعتدال پیدا ہوتا ہے اور یہ قوت بہیمی کے لئے ایک مصرف معین کر دیتی ہے تاکہ اس مصرف میں جو چیز ضروری ہے مثلاً کھانا پینا، لباس، مکان، نکاح وغیرہ کو اس طریق پر سرانجام دے کہ نہ عقل کے مخالف ہو اور نہ قوت سبعیہ کے مزاحم ہو اور مزاحمت کے تقاضے سے باز رہے اور یہ قوت بہیمیہ کی اصلاح ہے اور قوت سبعیہ کو وسعت دیتے ہیں تاکہ وہ دو کاموں میں مصروف ہو (ایک یہ کہ) اپنی معاش میں اعتدال سے تصرف کرے نہ تو عقل کی نافرمانی کرے اور نہ قوت بہیمیہ کو پراگندہ کرے اور (دوسرا یہ کہ) اپنے پروردگار کے ساتھ جو محبت اور وفاداری اور خوف و رجاء ہے وہ درست رکھے اور اسی طریق پر عقل دو کاموں میں ہمت صرف کرے اور قوۃ بہیمیہ کو قوۃ سبعیہ اور عقل کے تابع کرنے کے لئے ورزش مقرر کی ہے اور وہ روزہ اور کفارات ہیں تاکہ عقل اور سبعیہ اکٹھے ہو کر کام کا تقاضا کریں اور بہیمیہ کو خواہ مخواہ اس پر لائیں اور مصروف رکھیں، اور

Marfat.com

بالجملہ مہذباں بایں تہذیب نیز سہ قسم اصلی دارند مہذب یکہ لطیفہ قلبیہ او مہذب تراست ایشاں را صدیقین و شہدا و عباد گویند دوستی با خدا و رسول او و دوام عبودیت بر ایشاں غالب است و صرف قوۃ غضبیہ در جہاد اعداء اللہ می کنند و مہذب یکہ لطیفہ شہویہ او شائستہ تر شد و ایشاں را زہاد گویند ترک حظوظ فانیہ بر ایشاں غالب تر است و مہذب یکہ لطیفہ عقلیہ او زور آور تر است و ایشاں را راسخین فی العلم گویند و جماعۃ کہ تہذیب کامل حاصل نکردند و از شرارت نفاق نیز قدرے خلاص یافتہ اند اصحاب یمین اند

و عدا ایں فرق بسطے می طلبد کہ وظیفہ ایں کتاب نیست تا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم علامات منافقاں و مقرباں و اصحاب الیمین علی الوجہ الاتم بیان فرمودہ اند "قال ثلث من کن فیہ کان منافقا خالصا اذا عاھد غدر و اذا خاصم فجر و اذا ائتمن خان" و خدا تعالیٰ در قرآن عظیم صور تہا ہر سہ فریق

قوت سبعیہ کی تہذیب کیلئے بھی ایک راستہ متعین کیا ہے اور وہ ہے دوام عبودیت اور سماحت کو اختیار کرنا اور اسے قائم رکھنا

حاصل یہ ہے کہ اس تہذیب سے جو مہذب ہوتے ہیں ان کی بھی اصلی تین قسمیں ہیں، ایک وہ مہذب ہے جس کا لطیفہ قلبیہ زیادہ شائستہ ہے ایسے لوگوں کو صدیق، شہید اور عابد کہتے ہیں، اللہ اور رسول کے ساتھ دوستی اور اس کی عبودیت پر دوام ان لوگوں پر غالب ہوتا ہے اور یہ اپنی قوۃ غضبیہ کو اعداء اللہ کے ساتھ جہاد کرنے میں صرف کرتے ہیں اور دوسرا وہ مہذب ہے کہ جس کا لطیفہ شہوانی زیادہ شائستہ ہوتا ہے اور ایسے لوگوں کو زاہد کہتے ہیں، فانی حظوظ کا ترک کرنا ایسے لوگوں پر غالب ہوتا ہے (یعنی دنیائے فانی کی لذات سے بچتے ہیں) اور تیسرا مہذب وہ ہے کہ جس کا لطیفہ عقلیہ زیادہ زور آور (طاقتور) ہوتا ہے۔ اور ایسے لوگوں کو "راسخین فی العلم" کہتے ہیں۔ اور وہ جماعت کہ جس نے پورے کامل طور پر تہذیب نہیں حاصل کی اور کسی قدر انہوں نے نفاق کی شرارت سے بھی خلاصی حاصل کر لی ہے وہ "اصحاب الیمین" ہیں۔

اور اس سے زیادہ ان فرقوں کا شمار کرنا بہت بسط کو چاہتا ہے اور اس کتاب میں اسکی گنجائش

Marfat.com

را باشباع تمام شرح داد، و آنچہ جہال دریں طب روحانی خلط کردہ بودند برانداخت، لہٰذا از وصال و دوام صیام منع فرمود، و ترک سحور را مکروہ داشت، و تبتل را مستقبح دانست تا حکم ایں اعتدال مزاج و موافقت صناعت بطبیعت سلیمہ کہ میزان طب روحانی است از دست نرود وَذَالِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۔

فصل پنجم

(در تہذیب لطائف خمس بروش سید الطائفہ جنید قدس سرہ و آن بطریقت و معرفت مسمی می گردد)

و بعد انقضاء عصر صحابہ و تابعین جمعے پیدا شدند کہ بہ تعمق[1] و تشدد افتادند، و احتیاط و کسر نفس

نہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین اور مقربین، اور اصحاب یمین کی علامتیں پوری طرح بیان فرمائی ہیں مثلاً آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ "تین باتیں جس شخص میں پائی جائیں وہ خالص منافق ہوگا جب کسی سے عہد کرے تو غدر (عہد شکنی) کردے۔ اور جب کسی سے جھگڑے تو گالی گلوچ بکنے لگے اور جب اسکے پاس امانت رکھی جائے تو اسمیں خیانت کرے" اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں تینوں فریق کی صورتیں پورے سیر حاصل طریق پر بیان فرمائی ہیں۔ اور وہ چیزیں جو جاہلوں نے اس طب روحانی میں (اپنی طرف سے) ملا جلا دی تھیں ان کو دور اور رد کردیا۔ اسی وجہ سے صوم وصال اور مسلسل روزے رکھنے سے منع فرمایا، اور ترک سحور کو مکروہ قرار دیا۔ اور تبتل (ترک دنیا) کو قبیح اور برا کہا ہے تاکہ اس سے اعتدال مزاج کا حکم اور صناعت کی موافقت طبیعت سلیمہ کے ساتھ جو کہ طب روحانی کی میزان ہے ہاتھ سے نہ جائے" اور یہ اندازہ ہے ٹھہرایا ہوا غالب اور علم والے خداوند کریم کا۔

---

[1] بہت زیادہ گہرائی میں اتر جانا اور بال کی کھال نکالنا اسی کو تعمق کہتے ہیں۔ تعمق اور غلو فی الدین یعنی حد سے تجاوز کرنا اور اسی طرح تشدد یعنی معمولی چیز پر بہت زیادہ سختی کرنی۔ یہ تینوں باتیں دین میں ناپسندیدہ ہیں اسی طرح تعصب بھی مذموم ہے لیکن تصلب فی الدین محمود ہے یعنی دین پر پختہ اور ثابت قدم رہنا۔ شکوک و شبہات اور اغراض و اہوا اور رسم و رواج وغیرہ کے پیش آجانے پر بھی انسان دین پر مضبوطی سے جما رہے اور ان چیزوں کے سامنے کمزوری نہ دکھائے۔ ۱۲ سوانی

Marfat.com

کہ از شرع بگوش ایشاں رسیدہ بود بغیر رعایت وزن و تشخیص ہر دوائے برائے ہر دائے پیش گرفتند و گفتند

کہ مانع بجز نفس و عادت و رسم نیست پس اقصی الغایۃ سعی باید کرد و نفسے شہوی و سبعی را کسر باید نمود

پس ترک جماع و طعام لذیذ و لباس ناعم اختیار کردند تا آنکہ طبیعت ایشاں مثل طبیعت

ناقہین گشت کہ تقاضا ہا را فراموش کردہ باشند یا مثل طبیعت متقشفین کہ با تنعمات اہل حضر آشنا

نباشند

بعد اللتیا و اللتی قسطے از ضروریات زندگی نفس دادند مثل دادن دوا از مر تا بدن از ہم نپاشد

پانچویں فصل

(سید الطائفہ حضرت جنید بغدادیؒ کے طریقہ پر لطائف خمسہ کی تہذیب کا بیان اور اسکو طریقت اور معرفت سے تعبیر کیا جاتا ہے)

صحابہ اور تابعین کا دور گذر جانے کے بعد کچھ ایسے لوگ پیدا ہو گئے جنہوں نے تعمق اور تشدد کی راہ اختیار

کر لی اور احتیاط اور کسر نفس کے بارہ میں جو بات انکے کانوں میں شریعت کیطرف سے پڑی تھی تو ان لوگوں نے

وزن (مقدار) اور تشخیص کے بغیر ہی ہر دوا ہر بیماری کیلئے تجویز کی اور انہوں نے یہ کہا کہ نفس اور عادت اور رسم

و رواج کے علاوہ کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے تقرب سے مانع نہیں پس انہوں نے کہا کہ انتہائی درجہ کی کوشش کرنی

چاہیئے اور نفس سبعی کو خوب روندنا اور توڑنا چاہیئے۔

پس ان لوگوں نے مجامعت، لذیذ کھانا، اور اچھا لباس پہننا ترک کر دیا بالآخر ان کی طبیعت ایسی ہو

گئی جیسے بیماری سے اٹھنے کے بعد ناتوانوں کی طبیعت ہوتی ہے جسکی بنا پر وہ نفس کے تمام تقاضوں کو بھول گئے

ہو یا ان کی طبیعت ایسی ہو گئی جس طرح انتہائی خشک مزاج زاہد لوگوں کی طبیعت ہوتی ہے جو شہر والے لوگوں

کی نعمتوں سے بالکل آشنا نہیں ہوتے۔

اس تمام کارگذاری کے بعد اور کچھ تدبیر و حیلے کے بعد انہوں نے کچھ ضروریات زندگی نفس کو دیں جیسے

Marfat.com

وہم چنیں خود را در ذل افگنند و سیاحات اختیار کردند و مشغول کردند نفس را باشتغال کہ بسبب
آں حب جاہ و حب غلبہ و حرص مال مطلقاً فراموش کند و ہمیشہ در بیابانہا می گذرانیدند و موت
احمر و موت ابیض و موت اسود لازم گرفتند نہ ایشاں را با دنیا کارے و نہ دنیا را با ایشاں راہے
و قوت دراکہ را ریاضت کردند تا غیر معانی اذکار نہ دریابد و احادیث نفس بخاطر نہ گذرد و در
عبادات و معاملات خروج از اختلاف فقہاء و دور بودن از شبہات مطمح نظر ساختند و اوقات خود
را چناں بعبادات مشغول نمودند کہ زیادہ بر آں متصور نبود ایں ہمہ تصوف عوام است کہ بے وزن
ریاضت کشند و اول و آخر راہ را نشناسند و اول کسے کہ ایں را قاعدہ نہاد حارث محاسبی است

کڑوی دوا دیتے ہیں اور یہ بھی اس لئے تاکہ بدن کا نظام درہم برہم نہ ہو جائے اور اس طرح اپنے آپ کو انہوں
نے ذلت میں ڈال دیا اور مزید براں سیاحت اختیار کی اور اپنے نفس کو ایسے کاموں میں مشغول کر دیا کہ ان کی
وجہ سے حب جاہ (اقتدار کی محبت) اور حب غلبہ (اقران و امثال پر غالب آنے کی محبت) اور مال کی حرص کو نفس فراموش
کر دے اور ہمیشہ بیابانوں اور جنگلات میں زندگی بسر کرنے لگے اور سرخ، سفید اور سیاہ موت کو انہوں نے لازم پکڑ
لیا نہ ان کو دنیا سے کچھ سروکار رہا اور نہ دنیا کو ان کی طرف راہ۔

اور انہوں نے قوت دراکہ کی ریاضت کی تاکہ سوائے معانی اذکار کے اور کچھ بھی نہ پائے اور احادیث نفس
دل میں نہ گذریں اور عبادات اور معاملات میں فقہاء کے اختلاف سے نکلنا اور شبہات سے دور رہنا انہوں نے
اپنا مطمح نظر بنا لیا اور اپنے اوقات کو اس قدر عبادات میں مشغول کر دیا کہ اس سے زیادہ متصور نہیں ہو سکتا یہ
سب عوام کا تصوف ہے جنہوں نے بے وزن ریاضتوں کی مشقت کھینچی اور راستہ کی ابتدا انتہا نہ معلوم کر سکے

ـ۵ل -

ودراین کلمات چند که نوشتم عمدۂ ایں مشرب را درج نمودہ ام فہم من فہم۔

بعد ایں ریاضات شاقہ بعض مستعدان حالتے مثل ملائکہ سفلیہ پیدا می کردند بعض ملہم می شدند

کہ در امور بنی آدم تصرف کنند مثل تصرف ملائکہ سفلیہ وایشاں ابدال می شوند و بعض ملہم بایں قسم

نمی شدند اما بعض قوائے مثالیہ در ایشاں جستہ جستہ ظہور می کرد وکشف و رؤیا صادقہ و ہاتف

بلکہ طی ارض ومشی علی الماء بہ روئے کار می آید۔

سید الطائفہ جنید اول کسے است کہ ازیں تعمق بر آمدہ راہ متوسط اختیار کرد و ہر ریاضتے را بجائے خود

نہاد و ہر کہ بعد از جنید پیدا شدہ است از متصوفین براہ او رفتہ است و منت جنید در گردن او ست دا

یانداند و صاحب قوۃ القلوب کہ ابوحنیفہ صوفیاں است ہم روش جنید را شرح وبسط کردہ اما فی الجملہ

اور سب سے پہلے جس نے یہ راستہ نکالا اور اسکے قواعد مقرر کئے وہ حضرت حارث محاسبی تھے اور یہ چند کلمات جو

ہم نے تحریر کئے ہیں انمیں اس مشرب کا عمدہ حصہ (خلاصہ) درج کردیا ہے جو صاحب فہم ہوگا وہ سمجھ لیگا۔

ان ریاضات شاقہ کے بعد بعض مستعد لوگوں میں ملائکہ سفلیہ کی طرح ایک حالت پیدا ہوجاتی ہے اور بعض

کو الہام ہوتا ہے کہ انسانوں کے کاموں میں وہ تصرف کریں، جس طرح ملائکہ سفلیہ تصرف کرتے ہیں اور یہ ابدال

ہیں اور بعض کو اس قسم کا الہام نہیں ہوتا لیکن بعض قوائے مثالیہ ان میں جستہ جستہ (کچھ کچھ) ظاہر ہوتی ہیں اور کشف

رؤیائے صادقہ اور غیب سے آوازوں کا سننا (ہاتف) بلکہ اس سے بڑھ کر طی ارض (لمبی چوڑی زمین کو بہت تھوڑے

سے وقت میں طے کرجانا) اور پانی پر چلنا وغیرہ جیسے کام رونما ہوتے ہیں۔

حضرت جنید سب سے پہلے وہ شخص ہیں کہ اس تعمق سے باہر نکل کر جنہوں متوسط راہ اختیار کی اور ہر ایک ریا

کو اپنی جگہ پر رکھا جو صوفیاء کرام بھی حضرت جنید کے بعد پیدا ہوئے ہیں وہ ان کے راستہ پر چلے ہیں، اور حضرت

جنید کا احسان ان کی گردن پر ہے۔ اور صاحب قوۃ القلوب جو کہ صوفیاء کے ابوحنیفہ ہیں (یعنی جس طرح فقہ

اور مجتہدین میں حضرت امام ابوحنیفہ صاحب عظمت ہیں اسیطرح قوۃ القلوب والے صوفیاء کرام میں) وہ بھی

Marfat.com

محاسبیؒ مخلوط ساختہ است زیراکہ درآں عصر بالکلیہ ازاں تشدد منقح نشدہ بود واللہ اعلم ۔

بالجملہ بناء سلوک سیدالطائفہ جنیدؒ بر تہذیب پنج لطیفہ است نفس و قلب و عقل و روح و سر و ہر یکے را تہذیبے است و خاصیتے و مکانے از جسد ابن آدم و تہذیب نفس و قلب و عقل را باصطلاح ایشاں طریقت گویند و تہذیب روح و سر را معرفت نامند و دریں مقام از تسامح تعبیرات صوفیہ خللے پدید آمدہ است و مامی خواہم کہ بر اصل آں خلل مطلع سازیم تا مؤنتہ تفاصیل آں کشیدن در ہر بابے لازم نیاید

بدانکہ ایں الفاظ بر معانی بسیار اطلاق کردہ می شود گاہے نفس گویند و مبدا حیات ارادہ کنند و بایں معنی مرادف روح باشد ۔

و گاہے نفس گویند و طبیعت بشریہ کہ مقتضی اکل و شرب است ارادہ کنند و گاہے نفس گویند و نفس

جنیدؒ کی روش پر چلے ہیں اور حضرت جنیدؒ کے طریق کی شرح و تفصیل بیان کی ہے ۔لیکن فی الجملہ انہوں نے حضرت محاسبیؒ کے طریق کو بھی اس میں ملا دیا ہے ۔ اس لئے کہ اس زمانہ میں تصوف پورے طور پر اس تشدد سے منقح نہیں ہوا تھا اور اللہ تعالیٰ ہی سب سے بہتر جاننے والا ہے ۔

حاصل یہ ہے کہ حضرت جنیدؒ کے سلوک کی بنیاد پانچ لطائف کی تہذیب پر ہے نفس، قلب، عقل، روح، سر اور ان میں سے ہر ایک کیلئے ایک خاص تہذیب اور خاص جگہ ہے انسان کے جسم میں، اور نفس، قلب اور عقل کی تہذیب ان کی اصطلاح میں طریقت کہلاتی ہے اور روح اور سر کی تہذیب کو معرفت سے موسوم کرتے ہیں ۔اور اس مقام میں صوفیا کی تعبیرات کے تسامح کیوجہ سے خلل پیدا ہو گیا ہے ۔ہم چاہتے ہیں کہ اس خلل کے اصل پر مطلع کر دیں تاکہ ان کی تفصیل کی مشقت ہر باب میں نہ اٹھانی پڑے ۔

پس جان لو کہ یہ الفاظ (نفس، قلب، عقل) بہت سے معانی پر بولے جاتے ہیں ۔کبھی نفس بولتے ہیں اور مبدأ حیات مراد لیتے ہیں اور اس معنی سے یہ روح کے مترادف (ہم معنی) ہو گا ۔

اور کبھی نفس بول کر طبیعت بشریہ مراد لیتے ہیں جس کا مقتضیٰ اکل و شرب ہوتا ہے ۔اور کبھی نفس بول کر نفس شہوانی

Marfat.com

شہوانی ارادہ می کنند و تفسیر آں سابقاً ذکر کردیم کہ طبیعت بشریہ حکمرانی می کند بر قلب و عقل و ہر دو را خادم خود می سازد و ازیں جا رذائل بسیار متولد شوند و مجموع آں رذائل را نفس می گویند

و ہم چنیں گاہے قلب گویند و مضغہ صنوبری ارادہ کنند و گاہے قلب گویند و لطیفہ دراکہ خواہند و بایں معنی مرادف عقل باشد لیکن آنچہ ما قصد می کنیم آنست کہ ارواح قلبیہ حمل صفات نفسانیہ از غضب و حیا می کند و عقل و نفس ممد او می شوند پس ایں را قلب می گوئیم و عقل گاہے بمعنی دانستن یا قوتے کہ دانستن بسبب آں باشد اطلاق کردہ می شود بایں معنی عرضے باشد از اعراض نہ جوہر قائم بنفسہ و گاہے عقل گویند و جوہر روح را خواہند بجسب بعض افعال او کہ ادراک است و ما از عقل آں ارادہ می کنیم کہ قوای ادراکیہ تصور و تصدیق نماید و قلب و نفس تابع او شوند و ہیئتہ اجتماعیہ میان مزاج قوت دراکہ و امداد قلب و نفس او را حادث شود

مراد لیتے ہیں اور اس کی تفسیر پہلے ہم بیان کر چکے ہیں کہ طبیعت بشریہ قلب و عقل پر حکمرانی کرتی ہے اور دونوں کو اپنا خادم بنا لیتی ہے۔ اور یہاں سے پھر بہت سے رذائل (خرابیاں) پیدا ہوتے ہیں اور ان خرابیوں کے مجموعہ کو نفس کہتے ہیں۔

اور اسیطرح کبھی قلب بولتے ہیں اور مضغہ صنوبری (صنوبر کی شکل کا لوتھڑا) مراد لیتے ہیں۔ اور کبھی قلب بول کر لطیفہ دراکہ (سمجھنے والا جوہر) مراد لیتے ہیں۔ اور اس معنی سے پھر یہ عقل کے مرادف ہوگا لیکن جس کا ہم ارادہ کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ ارواح قلبیہ صفات نفسانیہ مثلاً غضب اور حیا وغیرہ کو اٹھاتی ہیں اور عقل اور نفس ان کے ممد و معاون ہو جاتے ہیں پس اس کو ہم قلب کہتے ہیں اور عقل کبھی تو دانستن (جاننے) کے معنی پر بولتے ہیں یا اس قوت پر اطلاق کرتے جسکی وجہ سے جاننا ہوتا ہے اس معنی سے پھر یہ (عقل) اعراض میں سے ایک عرض ہوگا نہ کہ جوہر جو قائم بنفسہ ہوتا ہے اور کبھی عقل بول کر جوہر روح مراد لیتے ہیں اسکے بعض افعال کیوجہ سے جو کہ ادراک ہے اور ہم عقل سے یہ مراد لیتے ہیں کہ قوائے دراکہ تصور اور تصدیق کو ظاہر کریں اور قلب و نفس ان کے تابع ہوں۔ اور قوت دراکہ کے مزاج کے درمیان اور قلب و نفس کی اس امداد کے درمیان جو اسے حاصل ہے ایک ہیئتہ اجتماعیہ پیدا ہو جائے۔

Marfat.com

پس ازیں تحقیق دانستہ شد کہ ایں ہر سہ لطیفہ در تمام بدن ساری اند اما پائے قلب بمضغہ صنوبریہ مربوط است و پائے نفس بکبد و پائے عقل بدماغ و ہمچنیں روح گاہے اطلاق کردہ می شود بر مبدأ حیات و گاہے بر نسیم طیب کہ در بدن لحمی ساری است و گاہے بر روح ملکوت کہ پیش از آفرینش آدمی بدو ہزار سال مخلوق شد و اخذ میثاق نیز نمائشے از بعض تنزلات او بود و مراد ما اینجا از روح ہماں قلب است، چوں احکام سفلانیہ را بگذارد و مشابہت روح ملکوت و نفس ناطقہ بروے غالب آید۔

و ہمچنیں سر در اصل لغت و شرع برائے ہیچ معنی موضوع نیست و بحسب لفظ دلالت بر اختفا می کند و ہر لطیفہ از لطائف نفس مختفی است و ازینجا است کہ گاہے عقل را سر گویند و گاہے روح را اما آنچہ ما ارادہ می کنیم ہماں عقل است چوں اخلاد بارض بگذارد و احکام علوی بروے غالب آید و مشاہدہ تجلی اعظم او را میسر شود،

پس اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ تینوں لطائف تمام بدن میں سرایت کئے ہوئے ہیں لیکن قلب کے پاؤں مضغہ صنوبری کے ساتھ باندھے ہوئے ہیں۔ اور نفس کے پاؤں جگر کے ساتھ اور عقل کے دماغ کے ساتھ، اور اسیطرح روح کا اطلاق کبھی مبدأ حیات پر کیا جاتا ہے اور کبھی نسیم طیب (پاکیزہ ہوا۔ آکسیجن) پر کیا جاتا ہے جو لحمی بدن (یعنی گوشت و پوست کے جسم) میں سرایت کرنے والی ہے۔ اور کبھی روح ملکوت پر اطلاق کیا جاتا ہے جو کہ آدمی کی پیدائش سے دو ہزار سال قبل پیدا کی گئی ہے اور میثاق کا لینا بھی اسی کے بعض تنزلات کی نمائش میں سے ہے (میثاق سے الست بربکم کا عہد و پیمان مراد ہے جو تمام ارواح سے اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت کے اقرار کے لئے لیا تھا) اور ہماری مراد یہاں روح سے وہی قلب ہے جبکہ وہ سفلی احکام چھوڑ دے، اور روح ملکوت اور نفس ناطقہ کی مشابہت اس پر غالب آجائے۔

اور اسیطرح سر اصل لغت اور شرع میں کسی خاص معنی کے لئے نہیں وضع کیا گیا۔ اور لفظ کے اعتبار سے یہ انتفا (مخفی ہونے) پر دلالت کرتا ہے اور اس لحاظ سے نفس کا ہر ایک لطیفہ مخفی ہے اور یہی وجہ ہے کبھی عقل کو سر کہتے ہیں اور کبھی روح کو۔ لیکن جو کچھ ہم ارادہ کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ سر سے ہم وہی عقل مراد لیتے ہیں جبکہ وہ اخلاد الی الارض (زمین کیطرف جھکنا اور ادنی چیزوں میں جو زمینی ہیں لگاؤ رکھنا) چھوڑ دے اور احکام علوی (عالم بالا ملاء اعلیٰ اور حظیرۃ

Marfat.com

ازیں تحقیق دانستہ شد کہ لطیفہ روح از جسد برتر است۔ امّا او را نظرے ہست خاص بمضغہ قلب و لطیفہ سر از جسد برتر است امّا او را نظرے ہست بدماغ، بالجملہ از اختلاف اصطلاحات ایشاں انفہام مراد و صعوبت فہم مرام پیش آمد، و بعض صوفیہ حالے را از احوال قلب تقریر کنند و در بیان آں تعمق نمایند، و حال روح را بطن او نہند مثلاً محبت قلب را تقریر کنند و بطنے از والفت وانس وانجذاب نہند، و آں از احوال روح است نہ از احوال قلب، و ہمچنیں یقین را کہ کار عقل است کشیدہ کشیدہ برند، و بطون مختلفہ ازاں منشعب سازند، گویند کہ مرتبہ اول علم الیقین است، و مرتبہ ثانی عین الیقین، و مرتبہ ثالث حق الیقین، پس لبیب متفطن را باید کہ ایں کلیہ را یاد گیرد، و از اختلاف عبارات ایشاں مشوش نشود، و باید دانست کہ میان قلب و نفس و ہمچنیں میان عقل و قلب، علاقہ قوی واقع است و بایکدیگر گرہے خوردہ اند، و اتصالے پیدا کردہ، مثل آں گرہ مثل کمان

القدس کے احکام) اس پر غالب آجائیں اور تجلی اعظم (جو شخص اکبر کے قلب پر پڑتی ہے) کا مشاہدہ اسے میسر ہو جائے۔

اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ لطیفہ روح جسم سے بلند و برتر ہے لیکن اس کی نگاہ خاص قلب کے ٹکڑے پر لگی ہوئی ہے اسیطرح لطیفہ سر جسم سے بلند و برتر ہے لیکن اس کی نگاہ بھی دماغ پر ہے۔ حاصل یہ ہے کہ ان صوفیہ کی اصطلاحات کے اختلاف سے مراد کا سمجھانا اور مقصد کے سمجھنے میں مشکل درپیش آتی ہے بعض صوفیہ قلب کے احوال میں سے کسی ایک حال کو پختہ طریقے پر ٹھہرا لیتے ہیں اور اس کے بیان میں تعمق کرتے ہیں اور روح کے حال کو اس کا بطن قرار دیتے ہیں۔ مثلاً محبت قلب کو ٹھہراتے ہیں اور الفت، انس، اور انجذاب (اسکی کشش) کو اس کا بطن قرار دیتے ہیں حالانکہ وہ روح کے احوال میں سے ہے نہ کہ قلب کے، اور اسیطرح یقین کو جو کہ عقل کا کام ہے کھینچتے کھینچتے لے جاتے ہیں اور مختلف بطون اس کے بناتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مرتبہ اول علم الیقین (جو سننے سے معلوم ہوتا ہے) اور مرتبہ دوم عین الیقین ہے (جو سننے کے بعد دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے) اور تیسرا مرتبہ حق الیقین کا ہے (جس میں سننے دیکھنے کے علاوہ مشاہدہ بھی شامل ہوتا ہے) پس عقلمند اور سمجھدار شخص کو چاہئے کہ اس کلیہ کو خوب یاد رکھے اور ان صوفیہ کرام کی عبارات کے اختلاف سے پریشان نہ ہو۔ اور جاننا چاہئے کہ قلب

Marfat.com

است کہ دروے قرون حیوانات وخشب را ترکیب دادہ اند و گرہ زدہ۔

پس ہر یکے بحکم اتصال ومجاورت از خاصیت دیگر بہرہ می گیرد در حقیقت بآتش نرم شدن خاصیت شاخ است و بالفعل خشت نیز بگردش آں ٹی گردد و بحرکت آں حرکت می نماید و صلابت و کرخت بودن کار چوب است و بالفعل شاخ نیز حکم چوب گرفتہ است اما چوں اصلاح قوس خواہند و ارادہ کنند کہ آنرا بمیزانے کہ اعتدال صورت قوسیہ تقاضای کند، موزوں سازند لابد است کہ ہر حکمے را بمنبع آں منسوب کنیم و قدر ظہور ہر اثرے بہ قدر قوۃ اصل مربوط نمائیم یا مثل سیماب کہ دروے دو جز بہم آمدہ اند سیلان از ما است و ثقل از فضہ عجائب آثار کہ از سیماب ظاہر می شود، اثر ہمیں گرہ است اگر فرض کنند کہ آب و فضہ از ہم جدا شوند مانند رہے باشند کہ در یک غرفہ آب نہادہ شود اینجا آں اعاجیب ہمہ نابود گردد و آں نمائش باہم مختفی شود۔

نفس کے درمیان، اور اسیطرح عقل اور قلب کے درمیان قوی درجہ کا علاقہ ہے اور یہ ایک دوسرے کیساتھ گرہ کھائے ہوئے ہیں اور آپس میں انہوں نے اتصال پیدا کیا ہوا ہے اور اس گرہ کی مثال اس کمان جیسی ہے جس میں جانوروں کے سینگ اور لکڑیاں رکھ کر چھوڑ دی گئی ہوں اور گرہ لگائی ہوئی ہو۔

پس ہر ایک نے اتصال کیوجہ سے اور ایکدوسرے کیساتھ مجاورت کے سبب سے ایکدوسرے کی خاصیت سے کچھ حصہ پالیا ہے، آگ سے نرم ہونا درحقیقت سینگ کا خاصہ ہے اور بالفعل لکڑی بھی اسکی گردش سے پھر جاتی ہے اور اسکی حرکت سے حرکت کرنے لگتی ہے اور سخت اور درشت ہونا لکڑی کا خاصہ ہے اور بالفعل سینگ نے بھی لکڑی کا خاصہ اختیار کرلیا ہے۔ بہرحال جب کمان کی اصلاح کا ارادہ کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اس کو کسی ایسی میزان میں رکھیں جس کا تقاضا کمان کی صورت کرتی ہے تو ضروری امر ہے کہ ہم ہر ایک حکم کو اس کے منبع سے منسوب کریں، اور ہر اثر کے ظاہر ہونے کی مقدار کو اس کی اصل قوۃ کے اندازہ کے ساتھ مربوط کردیں یا اس گرہ کی مثال پارہ جیسی ہے جس میں دو جز اکٹھے ہوگئے ہیں سیلان تو پانی کا اثر ہے اور ثقل چاندی کیوجہ سے وہ عجیب آثار جو پارہ سے ظہور پذیر ہوتے ہیں وہ اسی گرہ کیوجہ سے ہوتے ہیں اگر فرض کریں کہ پانی اور چاندی ایکدوسرے سے جدا ہوگئے ہیں تو پارہ درہم کی طرح ہو جائیگا۔ جو

Marfat.com

ہم چنیں بسیارے از احوال متصوفہ بہ سبب ایں گرہ ظہور می کند، وچوں صحو صرف، وتمکین محض و بقاء مطلق بوجود آید، وہر لطیفہ بکار خود مقید باشد، بغیر اختلاط بدیگرے ایں نمائشہا ہمہ نیست گردد، نہ وجد ماند، و نہ شطح، وصوفی از عامی شناختہ نہ شود،

باید دانست کہ مقام صفتے است کہ در سلوک راہ خدا تعالی کسب می باید کرد تا سلوک او تمام شود، ولا بد حد متسع است کہ اختلاف احوال، واوقات، واستعدادات را گنجائش دارد و زید را الطریقے پیش آید، وعمر را بوضعے،

وحال — نام ثمرۂ ایں مقام است، یا نام وضع خاص او باشد کہ دریں شخص دریں وقت بحسب استعداد خاص او ظہور نمودہ است، لہٰذا مقام را مکتسب گویند وحال را موہبت شمرند، مثلاً ترک مقتضیات

ایک چلو پانی میں رکھا ہوا ہو اب یہاں وہ تمام عجائبات نابود ہو جائینگے اور وہ تمام نمائش بھی چھپ جائیگی۔

اسی طرح بہت سے احوال تصوف والوں کے اس گرہ کی وجہ سے ظاہر ہوتے ہیں اور جب خالص صحو کی حالت، اور نما ہوتی ہے اور تمکین محض، اور بقاء مطلق ظاہر ہوتا ہے اور ہر لطیفہ اپنے کام میں مقید ہوتا ہے بغیر دوسرے کے ساتھ اختلاط کے، تو یہ تمام نمائشیں بالکل نیست ہو جاتی ہیں نہ وجد باقی رہتا ہے اور نہ شطح (یعنی سکر کی حالت میں ایسے کلمات کا سرزد ہونا جن کا مطلب و مفہوم خلاف شرع معلوم ہو اور بحالت افاقہ ایسے کلمات کے اظہار کی جرأت کبھی نہیں ہو سکتی) اور صوفی اس حالت میں ایک عام آدمی سے ممتاز نہیں ہوتا۔

جاننا چاہئے کہ مقام ایک صفت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں چلنے والے شخص کو یہ صفت حاصل کرنی چاہیئے تاکہ اس کا سلوک تمام ہو اور ایک وسیع حد کا ہونا ضروری ہے جو کہ احوال اور اوقات اور استعداد کی گنجائش رکھتی ہو اور اس لئے زید کیلئے ایک طریقہ پیش آتا ہے اور عمر کے لئے ایک دوسری وضع پیش آتی ہے اور حال نام ہے اس مقام کے ثمرہ کا یا اسکی خاص وضع کا جو اس شخص میں اسکی خاص استعداد کیمطابق اس وقت ظاہر ہوتی ہے۔ اس لئے مقام کو مکتسب (یعنی کسب کیا ہوا) اور حال کو (اللہ تعالیٰ کیطرف سے) بخشش شمار

Marfat.com

نفس شہویہ، ونفس سبعیہ مقام است، وثمرہ کہ عقیب آں آید از جنس نورانیت، وصفا، وجہ روح حال است
وہمچنیں صورت اثر کردن پند در دل سالک، وبمقام توبہ رسانیدن حال است، چوں اصل جبلت نفس
تقاضائے شہوات است، لاجرم تہذیب او توبہ وزہد باشد، وچوں اصل جبلت او طیش، وسبکسری است
در طلب مقتضیات خودش، لاجرم علاج او تسلیط نفس سبعیہ بروے بود، تا آدمی خود بر خود جوش زند، وخود
را خود مکروہ داند، وخود بر خود حاکم باشد۔

چنانکہ بسیاری بینیم کہ آدمی خود را عتاب می کند، واز خود باز خواست می نماید، وندامت وخجالتش روئے
می دہد، وایں تسلط نفس سبعی است بر نفس شہوی، وایں معنی بغیر فہم نکتہ، وفرو رفتن آں در دل وچابک نے دن
آں بر دل میسر نشود، چنانکہ بسیاری بینیم کہ بعض سخنہا بدل اثر می کند ومدتے آں اثر می ماند وایں تسلط قوت دراکہ است

کرتے ہیں مثلاً نفس شہوانی اور نفس سبعی کے مقتضیات کے ترک کو مقام کہتے ہیں اور وہ ثمرہ (نتیجہ) جو اس کے پیچھے آتا
ہے جو از جنس نورانیت ہو یا روح کی صفائی وغیرہ تو اس کو حال کہتے ہیں اور اسی طرح سالک کے دل میں نصیحت کی
اثر کرنے کی صورت، اور توبہ کے مقام تک پہنچانا یہ حال ہے اور جب نفس کی اصل سرشت شہوات کا تقاضا کرتی
ہے تو ضروری امر ہے کہ اس کی تہذیب توبہ اور زہد سے ہو اور اسی طرح جبکہ اصل سرشت اس کی طیش (غصہ) اور
ہلکا پن (سبکسری) ہے اپنے مقتضیات کی طلب میں تو ضرور اس کا علاج اس طرح ہو گا کہ نفس سبعی اس پر مسلط کر
دیا جائے تاکہ آدمی خود بخود جوش میں آئے اور خود اپنے آپ کو مکروہ جانے اور خود بخود اپنے اوپر حاکم ہو۔
جیساکہ بسا اوقات ہم دیکھتے ہیں کہ آدمی خود اپنے آپ کو مورد عتاب بناتا ہے اور خود اپنے آپ سے
باز پرس کرتا ہے اور پھر اسے ندامت اور شرمندگی ہوتی ہے اور یہ نفس سبعی کا تسلط ہے نفس شہوانی پر اور یہ
معنی بغیر ایک نکتہ کے سمجھنے کے، اور دل میں اتر جانے کے اور اس کے دل پر چابک رسید کرنے کے میسر نہیں
ہوسکتا۔ جیساکہ اکثر ہم دیکھتے ہیں کہ بعض باتیں دل میں اثر کرتی ہیں اور ایک مدت تک وہ اثر باقی رہتا ہے
اور یہ قوت دراکہ کا تسلط ہے دل پر۔

Marfat.com

برقلب ولہذا اکابر صوفیہ مفتاح توبہ زاجر را نہادہ اند باشد کہ تقلب دنیا بہ بیند و بیک دفعہ خود بپیچد و از معاصی دست باز دارد و باشد کہ سخن واعظ شنود و وقتے عجیب مصادفت نماید و بیکدفعہ دل بجانب او گردد و باشد کہ طول صحبت باہل اللہ آہستہ آہستہ او را میل استقامت بدل رساند و درینصورت زاجر دفعی نباشد بلکہ تدریجی و زاجر سبب انبعاث وجد شود و حقیقت وجد تغیر قلب است بوجہے کہ ایں تغیر جمیع جوانب را درگیرد و استمساکے کہ قلب را در جوارح بودہ است برہم زند و ایں وجد گاہے صعق باشد یعنی بیہوشی و گاہے خرق و حرکت باشد و گاہے بکا و حزن و گاہے مجرد نفرت از ماسوا و منجذب شدن بجانب حق و زاجر افاضہ عقل است بر قلب و وجد کار قلب است و مقید شدن نفس است بدست قلب

و بعد ازاں تیقظہ باشد و آں ہوشیاری و خبرداری است و مخالفات را مخالفات دانستن و ازاں بدظن بودن

اس لئے اکابر صوفیہ نے مفتاح توبہ (توبہ کی چابی) زاجر کو قرار دیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ دل دنیا کے تغیر کو دیکھ کر ایک دفعہ ہی خود بخود ہی پیچ و تاب کھا کر گناہوں سے دستبردار ہو جائے (توبہ کرلے) یا ایسا ہو کہ کسی واعظ کی بات سنے اور اس کے لئے عجیب وقت موافق ہو جائے اور ایک دم ہی دل اس کی طرف پھر جائے اور ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ اہل اللہ کے ساتھ ایک عرصہ تک رہنے کے بعد اسکے دل میں آہستہ آہستہ استقامت کیطرف میلان پیدا ہو جائے تو اس صورت میں زاجر (گناہ سے منع کرنیوالا جذبہ وغیرہ) دفعی نہ ہوگا بلکہ تدریجی ہوگا اور زاجر وجد کے اٹھ کھڑے ہونے کا سبب بن جاتا ہے اور وجد کی حقیقت یہ ہے کہ قلب میں اس طرح تغیر پیدا ہو کہ یہ تغیر تمام اطراف کو گھیر لے اور دل کے لئے جو اعضاء و جوارح میں ایک قسم کی گرفت حاصل تھی اسے درہم برہم کر دے۔ اور یہ وجد کبھی تو بیہوشی کیصورت میں نمودار ہوتا ہے اور کبھی کپڑے پھاڑنے اور حرکت کرنے کیصورت میں اور کبھی رونے اور غمزدہ ہونے کی صورت میں اور کبھی صرف ماسوی اللہ سے نفرت کرنے اور حق تعالیٰ کی طرف کھچنے کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اور زاجر عقل کا فیضان ہے قلب پر اور وجد دل کا کام ہے اور نفس کا مقید ہونا ہے دل کے ہاتھ میں

اور اس کے بعد بیداری (تیقظہ) کا مرحلہ ہوتا ہے اور یہ ہوشیار اور خبردار ہونے کا نام ہے اور مخالف چیزوں

ونفرت پدید آمدن و آں امداد عقل است و جریان عقل بر وفق حکم قلب و ادراک او مصروف شدن در مقتضیات قلب است و بعد ازاں اقلاع است از مخالفات و تغیر اوضاع قدیم خود و لازم گرفتن طاعات و نفس را بر مکائد آں صبر فرمودن و سرکشی او زائل کردن و ایں تسخیر قلب است جوارح و عادات را و در زیر حکم خود آوردن و بمذہب خود متمذہب ساختن، بعد ازاں زہد است در مباحاتے کہ مانع مشغولی دل می شوند خواہ مانع خارجی باشد مانند شغلے کہ اکثر اوقات را در گیرد و فرصت نگذارد کہ بکار آخرت مشغول شود، یا مانع نفسانی مثل اہتمام بمال و اہل کہ محبت ایشاں و انس بایشاں مانع حلاوت ذکر است، ہمچنیں سخن با مردماں گفتن، و در فکر شعر و معقولات افتادن، و ایں نیز اعراض قلب است از غیر محبوب، بعد ازاں محاسبہ و ہوش در دم یعنی ہر زمانے واقف حال خود باشد کہ بغفلت می گذرد یا بحضور، در معصیت می گذرد یا در طاعت، اگر

کو مخالف جاننا۔ اور ان سے بدگمان ہونا اور نفرت کرنا۔ اور یہ عقل کی امداد ہے اور عقل کا قلب کے حکم کے مطابق جاری ہونا ہے اور اس کا ادراک یہ ہے کہ قلب کے مقتضیات میں مصروف ہو جائے اور اس کے بعد اقلاع ہے یعنی کلیۃً مخالف چیزوں سے برگشتہ ہو جانا۔ اور اپنے تمام پرانے طور طریقے بدل دینا اور اطاعت کو لازم پکڑنا اور نفس سے اسکے مکائد (مکروں) پر صبر کرانا۔ اور اس کی سرکشی کو زائل کرنا۔ اور یہ قلب کا مسخر کرنا ہے جوارح اور عادات کو۔ اور اپنے زیر فرمان لانا۔ اپنے مذہب کا پابند کرنا ہے اس کے بعد زہد ہے یعنی بے رغبتی اختیار کرنا ان مباح چیزوں سے جو دل کو اس کی مشغول سے منع کرنے والی ہوں، خواہ وہ چیزیں خارجی ہوں جیسے کہ کوئی ایسا کام جو سب وقت کو گھیر لے اور فرصت نہ ہونے دے تاکہ آخرت کے کام کی طرف توجہ ہو۔ یا ایسا مانع جو نفسانی ہو جیسا مال و اہل کی طرف توجہ اور مشغولیت کیونکہ ان کی محبت اور ان کے ساتھ مانوس ہونا ذکر کی حلاوت سے مانع ہے اسی طرح مردوں کے ساتھ باتیں کرنی، اور شعر و شاعری کے فکر میں لگ جانا یا معقولات کے اندر گرفتار ہو جانا اور یہ سب قلب کا اعراض ہے غیر محبوب سے۔ اس کے بعد محاسبہ اور ہوش در دم کا مرحلہ ہے یعنی ہر وقت اپنے حال سے واقف رہنا کہ کیا یہ غفلت میں گذر رہا ہے یا حضوری میں معصیت میں بسر ہوتا ہے یا اطاعت میں۔ اگر موافق مقصد ہو

Marfat.com

موافق مقصد است شکر گفتن و در فکر ابقاء آں افتادن، بلکہ فکر زیادت کردن، واگر مخالف است تجدید

توبہ نمودن۔

بالجملہ ایں قدر تہذیب نفس است خواہ اولاً حاصل شود یا بعد تہذیب قلب و عقل، وایں مجموعہ را

توبہ می گوییم و مقام توبہ صور تہا مختلف دارد، چنانکہ چوں مرد جوان شود رغبت بہ نساء پدید آید و آہستہ آہستہ

مقتضیات محبت از اشتغال اوقات باں و بذل مال و نفس در تحصیل آں در دل او میل می کند، و چہ چیز ہا

کہ ظہور می رسد در ہر شخصے بنوعے ظاہر شود احوال دیگر بر دیگر، اما عقل آں ہمہ را باتحاد اصل آں متحد می شمارد، ہمچناں

ایں مرد را چوں نفس شہوی مسخر شد و حکم قلب و عقل قبول نمود چہ احوال کہ ظاہر می شود، و عقلاء آنرا بیک نام مسمی

کنند، و آں نام توبہ است، پس مقام یکے ست، و احوال و ثمرات بسیار دارد، و در تسخیر قلب نفس را اعانت کردہ

تو شکر ادا کرنا۔ اور اس کے باقی رکھنے کی فکر کرنا بلکہ زیادتی کی فکر کرنا۔ اور اگر مخالف ہو تو تجدید توبہ کرنا۔

حاصل یہ ہے کہ اس قدر (جو بیان کیا گیا ہے) نفس کی تہذیب ہے، خواہ پہلے حاصل ہو یا قلب و عقل کی

تہذیب کے بعد حاصل ہو اور اس مجموعہ کو ہم توبہ کہتے ہیں، اور مقام توبہ مختلف صورتیں رکھتا ہے جیسا کہ ایک مرد جب

جوان ہو جاتا ہے تو اس میں عورتوں کی طرف رغبت پیدا ہو جاتی ہے اور آہستہ آہستہ محبت کے مقتضیات مثلا

اوقات کو اس میں مشغول کر دینا اور اس کے حاصل کرنے میں مال اور جان صرف کرنے کا میلان پیدا ہو جانا او

جو چیزیں بھی ظاہر ہوتی ہیں تو اس طرح کہ ہر شخص میں ان کا ظہور دگرگوں احوال کا حامل ہوتا ہے لیکن عقل

بہر حال ان سب کو ان کے اصل کے ایک ہونے کی وجہ سے متحد (ایک ہی) جانتی ہے۔ اس طرح اس شخص

کے لئے جب نفس شہوانی مسخر ہو گیا اور قلب و عقل کا حکم اس نے قبول کر لیا۔ تو جس قسم کے احوال بھی اب

ظاہر ہوں۔ اور عقلاء ان کو ایک نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اور وہ نام ہے "توبہ" پس مقام توبہ ایک ہے

اور اس کے احوال و ثمرات بہت سے ہیں اور قلب جو نفس کو مسخر کرتا ہے اس کی اعانت چار خصلتوں سے

کی جاتی ہے۔ قلت طعام (کم کھانا) قلت منام (کم سونا۔ قلت کلام (کم بولنا) قلت صحبت مع الانام (لوگ

Marfat.com

می شود بچہار[1] خصلت قلت طعام و قلت منام و قلت کلام و قلت صحبت مع الانام مثل اعانت سوط و نخس، در تسخیر فرس صعب اما جبلت قلب یکے تسخیر جوارح و تغیر اوضاع و اشتغال باشغال است واثر تہذیب بایں اعتبار مسمیٰ است بصدق وادب و دیگر عروض حیا و خجالت و قلق و شوق و ندامت و خود بر خود پیچیدن است و اثر تہذیب بایں اعتبار وجد است و یکے غلبہ کردن بر نفس شہویہ و از طیش و شرہ او حساب نگرفتن و او را نخواہد یا نخواہد زیر استقامت داشتن و اثر تہذیب نفس بایں اعتبار صبر است و یکے موافق عقل بودن و سخن او را بسمع قبول شنیدن و اثر تہذیب بایں اعتبار توکل و تسلیم قدر است و یکے وفا بدوستاں و لازم گرفتن آئین ایشاں است و اثر تہذیب بایں اعتبار تقویٰ و محبت شعائر اللہ است، و یکے در جنب مطلوب سہل داشتن دیگراں است و قاہر بودن بر داعیہ غضب و شح و حب جاہ و طول امل بسبب انعطاف قلب بسوئے حق، و اثر تہذیب نفس بایں اعتبار سماحت است، ازیں تحقیق دانستہ

لوگوں کے ساتھ کم نشست و برخاست رکھنا) اور یہ امداد و اعانت ایسی ہے جیسے کہ سخت گھوڑے کی تسخیر میں کوڑے (تازیانے) اور چوک لگانے سے امداد حاصل کی جاتی ہے بہرحال قلب کی جبلت ایک تو جوارح کی تسخیر اور اوضاع کی تبدیلی اور اشغال کے ساتھ مشغول ہونے سے ہوتی ہے اور تہذیب کا اثر اس اعتبار سے "صدق" اور "ادب" سے موسوم کیا جاتا ہے اور دوسرا اثر حیا، شرمندگی، بے چینی، شوق اور ندامت و پشیمانی اور خود بخود اپنے اوپر پیچ و تاب کھانے سے ہوتا ہے اور اثر اس تہذیب کا اس اعتبار سے "وجد" ہے اور غلبہ کرنا نفس شہوانی پر اور اس کے غصہ اور حرص کو کسی درجہ میں شمار نہ کرنا اور اس کو خواہ مخواہ زیر استقامت رکھنا اور تہذیب نفس کا اثر اس اعتبار سے صبر ہے اور عقل کے موافق ہونا اور اس کی بات کو سن کر قبول کرنا اور تہذیب کا اثر اس اعتبار سے توکل اور قدر کے سامنے سر تسلیم خم کرنا اور دوستوں کے ساتھ وفاداری کو لازم پکڑنا اور ان کا آئین (طور و طریق) لازم پکڑنا اور تہذیب کا اثر اس اعتبار سے تقویٰ (شرک کفر نفاق اور کبائر و فواحش سے اجتناب) اور شعائر اللہ سے محبت ہے اور ایک یہ کہ مطلوب کے مقابلہ میں دوسروں

[1] جیسا کہ سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین قدس سرہ نے تزکیہ کی تشریح کرتے وقت فرمایا کہ "کمال مرد در چہار چیز پیدا می شود قلۃ الطعام و قلۃ الکلام و قلۃ الصحبۃ مع الانام و قلۃ المنام ۱۲ (فوائد الفواد) سواتی

شد کہ مقامات اصلی قلب صدق و وجد، و صبر و توکل و تسلیم و تقوی، و محبت شعائر اللہ و سماحت است،
و ازیں جا است کہ صوفیہ دریں مقامات سخن بسیار گفتہ اند و بسطے و شرحے تمام دادہ،

و اما ثمرہ تہذیب عقل باعتبار انقیاد لما فوق خود دو چیز است، یکے آنکہ از احیان عالیہ یقینے تجلی
اعظم کہ در حظیرۃ القدس ثابت است، بروے مترشح شود از راہ ماسا یقا و جزمے بخاطر رسد و نداند کہ از کدام
طریق ایں جزم حاصل شدہ و در تفاصیل آں متیقن بہ نیز نتواند حرف زدن ؎

داند اعمیٰ کہ مادرے دارد | لیک چونے بخاطرش ناید

و ایں یقین مفضی بتوکل و تسلیم شود و دل و نفس را خلعتے از رنگ خود پوشاند، دوم آنکہ از اوعیہ علم عالی
کہ در شرع "بلوح" ازاں تعبیر می شود و در عرف صوفیہ "بعالم مثال" صورت آنچہ بودنی است، بروے فائض
شود و در رؤیا، یا در یقظہ بصورۃ خیالیہ یا وہمیہ و ایں را کشف گویند،

کو سہل (آسان و معمولی) جانتا ہے اور غالب ہونا اسباب غضب، اور بخل اور حب جاہ، اور لمبی آرزو کرنے پر
اس لئے کہ قلب کا میلان حق تعالیٰ کی طرف ہے اور تہذیب نفس کا اثر اس اعتبار سے سماحت (نفس کی
فیاضی اور دواعی خسیسہ کو مصالح کلیہ و مفاد عامہ کے لئے ترک کر دینا) ہے اس تحقیق سے یہ معلوم ہو گیا کہ قلب کے
اصلی مقامات، صدق، وجد، صبر، توکل، تسلیم، تقویٰ محبت شعائر اللہ اور سماحت ہیں اور اسی وجہ سے صوفیہ
کرام نے ان مقامات میں بہت زیادہ گفتگو کی ہے اور ان کی تفصیل اور شرح پوری طرح بیان کی ہے۔

اور تہذیب عقل کا ثمرہ باعتبار اپنے اوپر والے کے تابع ہونے کے دو چیزیں ہیں ایک یہ کہ مقامات عالیہ
سے وہ یقین اس کے دل میں پہنچے اور نہ جانے کہ یہ یقین (جزم) کس طریق سے حاصل ہوا ہے اور جس چیز کا یقین
حاصل ہوا ہے تفصیل کیساتھ اس کے بارہ میں بھی کچھ گفتگو نہ کر سکے ؎ اندھا جانتا ہے کہ میری ایک ماں ہے لیکن
کیسی ہے یہ بات اسکے دل میں نہیں آسکتی۔ اور یہ یقین توکل اور تسلیم تک پہنچانے والا ہوتا ہے اور دل اور نفس
کو اپنے رنگ کی خلعت (پوشاک) پہناتا ہے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ علم عالی کے ظروف میں سے کہ جس کو

Marfat.com

وباعتبار تصرف خود در ماتحت نیز دو چیز است یکے آنکہ حدس وانتقال از مقدمات بہ نتیجہ در ذہن
وقوت گیرد و در مجاری امور فراست صادقہ داشتہ باشد و اشراف بر قلوب واطلاع بر مخبآت او را
دست دہد دوم آنکہ در کتاب وسنت واقوال سلف واحوال ایشاں کہ بحکم عادت بگوش وے رسد
عقل بابرکتے عظیم تصرف نماید و مقصد ہر کلمہ وتاویل ہر حدیث واعتبارات واشارات ہر آیتے ادراک کند
وصورت صفات واسماء بر ذہن وے پرتوے افگند ویکساعت ظاہر وباطن او را منقاد خود سازد وتجلیات
معنویہ بوفور تمام بظہور رسد وایں ہمہ ثمرات تہذیب اند وفوائد تربیت واصل تہذیب دوام عبودیت است
وفائدہ آں عام است بر ہر سہ لطیفہ وعائدہ او شامل است جمیع ایں شعب را ودریں مقام اختلافے ہست
در اوائل صوفیہ واواخر ایشاں اوائل تہذیب نفس وعقل وقلب را باعیانہا وخصوصیاتہا معتبر تر

شرع میں لوح (لوح محفوظ) سے تعبیر کیا جاتا ہے اور صوفیہ کے عرف میں "عالم مثال" سے تعبیر کرتے ہیں جو چیز ہونے والی
ہے اس کی صورت اس شخص پر فائض ہو خواب یا بیداری میں بصورۃ خیالیہ یا وہمیہ، اور اس کو "کشف" کہتے ہیں
اور تہذیب عقل میں باعتبار اپنے ماتحت کے تصرف کرنے کے بھی دو چیزیں ہیں ایک یہ کہ حدس اور مقدمات سے
نتیجہ تک انتقال اس کے ذہن میں قوی ہو جائے، اور معاملات کے جاری کرنے میں فراست صادقہ رکھنے والا ہو
اور بسا اوقات دلوں کے حال پر مطلع ہو جائے اور کوئی ایک پوشیدہ اور مخفی باتوں پر اسے اطلاع ہو جائے اور دوسری
بات یہ کہ کتاب وسنت اور اقوال واحوال سلف جو عادتاً اس کے کانوں تک پہنچتے ہیں ان میں اسکی عقل بڑی
برکت سے تصرف کرتی ہے چنانچہ ہر کلمہ کا مقصد اور ہر حدیث کی تاویل اور ہر آیت کے اعتبارات اور اشارات کا بھی
ادراک کر لیتی ہے اور صفات اور اسماء کی صورت اس کے ذہن پر پرتو افگن ہوتی ہے اور ایکدم اس کے ظاہر اور باطن
کو اپنا مطیع بنا لیتی ہے اور تجلیات معنویہ بکثرت پوری طرح ظہور پذیر ہوتی ہیں اور یہ سب تہذیب کے ثمرات
اور تربیت کے فوائد ہیں اور اصل تہذیب دوام عبودیت ہے اور اسکا فائدہ بھی عام ہے تینوں لطائف کیلئے اور
اس کا نفع ان سب شعبوں کو شامل ہے۔ اور اس مقام میں متقدمین اور متاخرین صوفیہ کرام میں اختلاف ہے۔

Marfat.com

داشتندے و ریاضات ثلثہ را مقدم تر دانستندے و دوام عبودیت را متمم و مکمل ریاضات شناختندے و اواخر نخست بغیر دوام عبودیت مشغول نمی شوند و ازیں مہم تر و مفید تر چیزے رانداند بعد از تکمیل و تتمیم ایں نسبت می بینند کہ ایں تخم بچہ تنوع در دل سالک شاخ و برگ آورد و ایں نہال بچہ اسلوب گل گیرد و اگر بسبب سلامت فطرت و استقامت طبیعت ہمہ مقامات ظہور کردہ اند فبہا والا آنچہ ظاہر نشدہ است قصد ظہور آن کنند و بحقیقت متاخرین دریں مقالہ مصیب اند و بے شبہ ایں نعمتے است عجیب کہ برائے متاخرین ذخیرہ نہادہ بودند پس اگر یقین و محبت پیش از تہذیب نفس حاصل شود آں شخص را "مجذوب" و "مراد" گویند و اگر تہذیب نفس و توجہ و ریاضت پیش از ظہور یقین و جذبہ محبت بظہور رسد "سالک" و "مرید" گویند۔

بالجملہ دوام عبودیت دو قسم است یکے تعلق بجوارح و لسان دارد و آں معمور داشتن اوقات است باذکار و تلاوت است و صلوات بجمع خاطر و حضور دل و آں بابے ست مشہور از ابواب تصوف در

متقدمین تہذیب نفس و عقل و قلب کی بعینہ اور ان کی خصوصیات کے ساتھ معتبر خیال کرتے تھے اور تینوں کی ریاضت کو سب سے مقدم جانتے تھے۔ اور دوام عبودیت کو ریاضات کے لئے متمم اور مکمل خیال کرتے تھے۔ اور متاخرین پہلے دوام عبودیت کے بغیر مشغول نہیں ہوتے اور اس سے اہم اور زیادہ مفید کسی چیز کو نہیں خیال کرتے اس نسبت کے پورا اور مکمل ہونے کے بعد دیکھتے ہیں کہ یہ بیج (تخم) کس طرح سالک کے دل میں برگ و بار لاتا ہے اور یہ پودہ کس طرح پھول پیدا کرتا ہے۔ اگر فطرت کی سلامتی اور طبیعت کی استقامت کی بنا پر تمام مقامات نے ظہور کیا۔ تو بہت اچھا یہی مطلوب ہے ورنہ وہ جو ظاہر نہیں ہوا اس کے ظاہر کرنے کا ارادہ کرتے ہیں۔ اور فی الحقیقت متاخرین اس بات میں ٹھیک روش پر ہیں۔ اور بے شک یہ ایک نعمت ہے عجیب جو متاخرین کے لئے ذخیرہ کر کے رکھی ہوئی تھی۔ پس اگر یقین اور محبت تہذیب سے قبل ہی حاصل ہو جائیں تو ایسے شخص کو "مجذوب" اور "مراد" کہتے ہیں اور اگر تہذیب نفس اور توبہ اور ریاضت یقین اور جذبہ محبت کے ظہور سے پہلے ہو۔ اس کو "سالک" اور "مرید" کہتے ہیں۔

حاصل یہ ہے کہ دوام عبودیت دو قسم پر ہے ایک وہ جو جوارح اور زبان سے تعلق رکھتی ہے وہ بایں طور کہ اوقات

Marfat.com

قوت القلوب و احیاء العلوم، غنیۃ الطالبین، و عوارف، بہ بسطے ہر چہ تمامتر مذکور است، و یکے تعلق بقلب و عقل دارد و آں مشغولی دل است بمحبت و بصوق و چسپیدن اوست با محبوب، و مشغول عقل است بیاد کرد و ہوش در دم و دریں باب مفیدتر از طریقہ خواجگان نقشبندیہ ندیدہ ایم،

و درایں مسئلہ اختلافے واقع شدہ است، قومے اکتفاء بر مشغولی باطن کنند، و از مشغولی ظاہر حسابے نگیرند و آنرا سہل شمرند و ایں از اغلاط صوفیہ متاخرین است، خواجہ نقشبندؒ آنچہ گفتہ اند حاصلش اکتفا است بر مقدارے کہ سنۃ سنیۃ برآں دلالت کنند، نہ منفی آں از اصل آں، نکتہ در اشغال و اذکار پرورش ہر لطیفہ است و رعایت ہر مقامے، و مقام صادق و تہذیب نفس و جوارح بدوں عبودیت ظاہر محال است۔ چوں دوام عبودیت را لازم گرفت، و ظاہر و باطن خود را بداں وقف نمود، و ہیچ وقت خود را معاف نداشت، و ایں صفت در صمیم قلب و

کو معمور رکھنا اذکار سے، اور تلاوت کرنا۔ اور نماز میں پوری دلجمعی اور حضور قلب سے پڑھنی، اور یہ تصوف کے ابواب میں سے ایک مشہور باب ہے جسکی شرح پورے بسط کے ساتھ قوت القلوب، احیاء العلوم، غنیۃ الطالبین اور عوارف میں بیان کی گئی ہے اور ایک قسم وہ ہے جو قلب اور عقل کے ساتھ تعلق رکھتی ہے اور وہ اس طرح کہ دل کو محبت کے ساتھ مشغول کردینا ہے اور محبوب کیساتھ لگ جانا اور چپک جانا۔ اور عقل کو "یاد کرد" اور "ہوش در دم" کے ساتھ مشغول کردینا ہے اور اس باب میں حضرات خواجگان نقشبندیہ کے طریقہ سے زیادہ مفید طریقہ ہم نے نہیں دیکھا۔

اور اس مسئلہ میں اختلاف واقع ہوا ہے ایک قوم تو مشغول باطن پر ہی اکتفاء کرتی ہے اور ظاہری مشغولی کو کسی حساب میں نہیں گنتی۔ اور اس کو آسان خیال کرتی ہے اور یہ دراصل متاخرین صوفیہ کی غلطیوں میں سے ہے حضرت خواجہ نقشبندؒ نے جو کچھ فرمایا ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ اس مقدار پر اکتفاء کیا جائے کہ جس پر سنت دلالت کرتی ہے نہ اسطرح بالکل اصل سے ہی اس کی نفی کردی جائے اور اشغال واذکار کے اندر نکتہ یہ ہے کہ ہر لطیفہ کی پرورش اور رعایت ہر مقام کی ملحوظ رکھی جائے اور مقام صدق اور تہذیب نفس و جوارح بغیر عبودیت ظاہری کے محال ہے جب اس نے دوام عبودیت کو لازم پکڑ لیا اور اپنے ظاہر و باطن کو اسکے لئے وقف کردیا اور اپنے آپ

Marfat.com

عقل ونفس خوض نمود، و در داخلِ داخل غور فرمود، ولامحاله مقامات بطولہا وعرضہا بر روئے کار آید،

ایں کیفیت در فن سلوک حکم مادہ دارد، ومقامات مذکورہ حکم صورت، چنانکہ موم اولاً باید مہیا کرد بعد ازاں

ہر تمثالے کہ خواہند ازاں بسازند، ہمچناں دوام عبودیت اولاً باید درست کرد بعد ازاں ہر مقامے کہ بہست تواں

درست ساخت، " ثبت العرش اولاً ثم انقش" وبعد از درست شدن دوام عبودیت ظہور مقامات بر وفق

مزاج اصلی ایں شعب ثلث خواہد بود، پس مقام صدق کسے را میسر شود کہ در اصل فطرت قلب او بر جوارح واوضاع

قاہر وغالب بودہ باشد، ودر مجاری عادات او تسخیر قلب جوارح واوضاع را بظہور رسیدہ بود، شخصے کہ در اصل فطرت

ناقص افتادہ است اگر محبت قومے در دلش جائے می گیرد دلش تقاضائے ترسم برسوم آں قوم نمی کند، واوضاع

ظاہرہ مثل ادب سخن گفتن واکثار زیارت واہداء کرائم اموال وغیر آں از سنن عادات متغیر نمی سازد، ایں شخص را از

اتمام مقام صدق مایوس می باید دانست، و شخصے کہ قلب او متانت ندارد و در وقت ہجوم مصائب تماسک از

کو کسی وقت معاف نہ کیا اور یہ صفت اس کے قلب کی تہ میں جم گئی اور عقل ونفس کی گہرائی میں داخل ہو گئی اور اندر کے اندر

(داخل کے داخل میں) گھس گئی، تو لامحالہ مقامات اپنے طول وعرض کے ساتھ ظاہر ہونگے۔

اور یہ کیفیت فن سلوک میں مادہ کا حکم رکھتی ہے اور مقامات مذکورہ صورت کا حکم رکھتے ہیں جیسا کہ پہلے موم مہیا کرنا

چاہئے اس کے بعد جس قسم کی صورت یا شبیہ بنانا چاہو بنالو۔ اسیطرح دوام عبودیت سب سے پہلے چاہئے کہ درست کر لی جائے

پھر اس کے بعد جو مقام بھی ہو درست ہو سکتا ہے جیسا کہ مثال میں کہتے ہیں کہ سب سے پہلے تخت درست کر لو پھر نقش

نگار بناؤ اور دوام عبودیت کے درست ہو جانیکے بعد مقامات کا ظہور ان تینوں شعبوں کے مزاج اصلی کے مطابق ہوگا

پس مقام صدق اس شخص کو میسر ہوگا کہ اصل فطرت میں اسکا قلب جوارح اور اوضاع پر غالب ہو اور اسکی جاری عادتوں

میں قلب کی تسخیر جوارح اور اوضاع کے لئے ظاہر ہو۔ وہ شخص جو اپنی اصلی فطرت کے لحاظ سے ناقص واقع ہوا ہے

اگر وہ کسی قوم کی محبت میں مبتلا ہوگا تو اسکا دل اس قوم کی رسوم اختیار کرنے کیطرف مائل نہ ہوگا۔ اور ظاہری اوضاع

جیسا آداب گفتگو اور زیادہ ملاقات کرنا اور عمدہ عمدہ اموال کے تحفے تحائف بطور ہدیہ وغیرہ پیش کرنا اور اسکے علا

Marfat.com

دست می دہد وبہلع وجزع مبتلا می شود این شخص را از کمال مقام صبر و ایفا حقوق آں مایوس می باید شناخت، دوام عبودیت بمنزلہ تخم است و روئیدن شاخ و برگ و بروئے کار آمدن ازہار و ثمار ہمہ موقوف بر استعداد زمین است باید دید کہ زمین در اصل فطرت طیب است یا خبیث بر حسب ہمان فطرت معاملہ خواہد بود۔ "وَ لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيلًا"

واگر دوام عبودیت بوجہ اتم حاصل شد و مقامات جلوہ نہ نمود ہیچ باک نیست شیخ بایزیدؒ برائے ہمیں نکتہ شخصے را کہ دوام عبودیت مشق کردہ بود، و ہیچ نمائشے ندیدہ سلطان الذاکرین لقب کرد، چوں کلیہ دانستہ شد بعد ازاں شرح این مقامات و طریق اعتناء بہر یکے اجمالاً نیز می باید دانست، صدق عبارت است از موافقت ظاہر با باطن، و این ماخوذ از صدق احوال است نہ از صدق اقوال، و اصل در وجود آں صحت مزاج قلب

جو عادات کے طور طریقے ہیں وہ شخص ان میں تبدیلی اور تغیر کا روادار نہیں۔ اور ایسے شخص کو مقام صدق کے پورا کرنے سے مایوس ہی سمجھنا چاہیئے اور جو شخص ایسا ہو کہ جس کا دل سنجیدگی (متانت) نہیں رکھتا اور مصائب کے ہجوم کے وقت وہ بے قابو ہو جاتا ہے اور جزع فزع (انتہائی بے صبری) میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ایسے شخص کو مقام صبر کے کمال سے اور اس کے حقوق پورا کرنے سے مایوس خیال کرنا چاہیئے۔ دوام عبودیت بمنزلہ تخم کے ہے اور برگ و بار کا اگنا اور پھول وپھل کا پیدا ہونا یہ سب زمین کی استعداد پر موقوف ہے اور دیکھنا چاہیئے کہ زمین اصل فطرت کے لحاظ سے پاکیزہ (طیب) ہے یا بری (خبیث) ہے اسی فطرت کے مطابق معاملہ ہو گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" اور ہرگز نہ پاؤ گے تم اللہ تعالیٰ کی سنت میں تبدیلی" (یعنی سنۃ اللہ کے مطابق ہی نتائج برآمد ہوتے ہیں)۔

اور اگر دوام عبودیت پوری طرح حاصل ہو گئی اور مقامات جلوہ گر نہ ہوئے تو کچھ ڈر نہیں کیونکہ حضرت شیخ بایزیدؒ نے اسی نکتہ کی وجہ سے ایک شخص کو جس نے دوام عبودیت کی مشق بہم پہنچائی تھی اور اس کے بعد کوئی نمائش اس نے نہ دیکھی تھی سلطان الذاکرین کا لقب دیا جب یہ قاعدہ کلیہ جان لیا تو اس کے بعد ان مقامات کی شرح اور ہر مقام کی طرف توجہ کا بیان بھی اجمالی طور پر جان لینا چاہیئے۔ صدق عبارت ہے ظاہر کا باطن کیساتھ موافق ہونا اور یہ ماخوذ

Marfat.com

است و قہر آں بر جوارح بحکم "لو خشع قلبك لخشعت جوارحك" قلب بر جوارح فرماں روائی می کند، و بحسب محبت خود آداب جوارح و کیفیت اوضاع می گرداند، چوں ایں صفت جبلی قلب باشد و مدتے بدوام عبودیت التزام نماید، درمیان ایں صفت و میان عبودیت مقامے متولد گردد، و آں صدق است و خشوع جوارح و آداب تعظیم در سخن رعایت کردن و جمیع منتسبان محبوب را دوست داشتن و تعظیم نمودن پیدا گردد، مثلاً اگر نام خدا بر ورقے نوشتہ یابد آنرا تعظیم کند، اگرچہ از کسے نشنیدہ باشد کہ تعظیم ورقے کہ براں نام خدا نوشتہ باشد می باید کرد، و اگر نام خدا از کسے شنود "جل جلالہ" گوید و سر فرو کند اگرچہ از کسے ایں سبق نگرفتہ باشد، و بعد حصول دوام عبودیت باید کہ مرشد بہ تفصیل آداب جوارح مطلع سازد، و بر حفظ آں تعہد نماید و بہ تکرار می باید کہ از راہ انقیاد دل بہ محبت آں آداب از وے بظہور آید تا آں باب مفتوح گردد،

ہے صدق احوال سے نہ کہ صدق اقوال سے۔ اور اس کے موجود ہونے کی اصل قلب کے مزاج کا صحیح ہونا ہے اور قلب کا جوارح پر غالب ہونا ہے جس طرح اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے "اگر تیرے دل میں عاجزی ہوتی تو تیرے جوارح میں بھی عاجزی کے آثار پائے جاتے"۔ اور قلب جوارح پر فرماں روائی کرتا ہے اور اپنی محبت کے مطابق جوارح کے آداب اور اعضاء کی کیفیت کو بنا لیتا ہے۔ جب یہ صفت قلب کیلئے جبلی (پیدائشی ہو) اور ایک مدت تک دوام عبودیت کا التزام کرے۔ تو اس صفت اور عبودیت کے درمیان ایک مقام پیدا ہو جاتا ہے اور وہ صدق ہے اور پھر جوارح کا خشوع اور گفتگو میں آداب تعظیم ملحوظ رکھنے اور تمام لوگ جو محبوب کیطرف منسوب ہونے والے ہیں انہیں دوست رکھنا اور ان کی تعظیم کرنا پیدا ہو جاتا ہے مثلاً اگر خدا کا نام کسی کاغذ پر لکھا ہوا پائے تو اسکی تعظیم کرتا ہے اگرچہ کسی سے اس نے نہ سنا ہو کہ جس ورق پر خدا کا نام لکھا ہوا ہو اسکی تعظیم کرنی چاہئے اور اگر خدا کا نام کسی شخص سے سنے تو جل جلالہ کہتا ہے اور سر جھکا دیتا ہے اگرچہ کسی سے یہ سبق اس نے نہ پڑھا ہو۔ اور دوام عبودیت کے حاصل کرنے کے بعد چاہئے کہ مرشد تفصیل سے آداب جوارح سکھلائے اور ان کی نگہداشت کرائے اور بار بار چاہئے کہ دل کے انقیاد سے ان آداب کی محبت اس سے ظاہر ہو تاکہ وہ دروازہ کھل جائے۔ یعنی وہ فیض [illegible] سے حاصل ہو جو طریق میں ملو[illegible]

Marfat.com

ووجد عبارت از مشغولی دل است بحالے از احوال حیا و حزن و ندامت و کراہیت دنیا و غیر آں بشرطے کہ جوارح مغلوب ایں مشغولی شوند چوں دوام عبودیت در آدمی ایں استعداد و مصادفت کند ارواح قلبیہ اند کے رقت قوام داشتہ باشند ایں احوال ہمہ بنسبت خدا باشند و بہ نظر توجہ بسوئے او وبہ سبب رقت قوام ارواح دفع ایں حالات بر دل سخت تر باشد و انقیاد جوارح بیشتر و صعقے و خرقے پدید آید و ایں وجد بخصوصہ و آں وجد بخصوصہ حال باشد و استعداد وجد و قابلیت آں کہ قائم در نفس شخص است مقام باشد تحصیل آں بترقیق روح بود و آں بتقلیل غذا و افتادن در حزن و خوف و قلت تلبس برفاہیت و دعۃ و سرور و نیز تحصیل وجد باعتزال از صحبت انام باشد خصوصاً آنکہ وجد را منکر باشد یا از ایشاں حیامی باید کرد و باعتقاد حسن وجد و لعث خواطر برآں و دل را از ہمہ جہت بند کردن و در داعیہ آں وارد مصروف ساختن باشد و باستماع اغانی طیبہ و ایقاعات مؤثرہ کہ

اور وجد عبارت ہے دل کو مشغول رکھنے کا کسی حال کے ساتھ ان احوال میں یعنی حیا۔ غم۔ ندامت۔ دنیا سے کراہیت وغیرہ بشرطیکہ جوارح اس مشغولی سے مغلوب ہو جائیں۔ جب دوام عبودیت آدمی میں یہ استعداد اور موافقت پیدا کر دے اور ارواح قلبیہ اپنے قوام میں تھوڑی سی رقت بھی رکھتے ہوں تو یہ سب حالات خدا تعالیٰ کی نسبت ہونگے اور اسی کیطرف توجہ کرنے سے پیدا ہونگے اور بسبب ارواح کے قوام کے رقیق ہونے کے ان حالات کا دفع کرنا دل پر بہت سخت ہوگا اور جوارح کا انقیاد زیادہ تر ہوگا اور بے ہوشی اور کپڑوں کا پھاڑنا (یعنی حرکت) ظاہر ہوگی اور یہ وجد خاص طور پر (بخصوصہ) اور وہ وجد بخصوصہ حال ہوگا اور وجد کی استعداد اور قابلیت جو اس شخص کے نفس میں پائی جاتی ہے یہ مقام ہے اور اس کا حاصل کرنا روح کی ترقیق سے ہوتا ہے اور روح کی ترقیق غذا کی کمی سے اور غم اور خوف میں پڑ جانیسے اور خوشحالی کے لباس کی طرف کم توجہ کرنے سے اور اسی طرح سرور (خوشی) اور تن آسانی وغیرہ کے ترک کرنیسے اور نیز وجد کی تحصیل لوگوں کی صحبت سے کنارہ کشی اختیار کرنے سے ہوگی خصوصاً ان لوگوں سے جو وجد کے منکر ہوں یا کم از کم ان لوگوں سے حیا کرنی چاہیئے اور وجد کی خوبی کا اعتقاد رکھنا اور خیالات کو اس کی طرف ابھارنا اور دل کو سب طرف سے بند کر دینا اور وجد پیدا کرنے والے اسباب میں دل کو مصروف رکھنا ان چیزوں سے وجد پیدا ہوتا ہے اور نیز عمدہ (پاکیزہ) قسم

Marfat.com

بخاصیت طبعی در دل جا کنند و در ایں دو سہ کلمہ اسباب وجد ہمہ گفتہ شد فتدبر۔

و در ایں جا غلطی ہست فاش کہ جہلۂ اہل وجد بآں مغرور شوند و آں آنست کہ طبیعت بشریہ بغیر انقیاد و دوام عبودیت یا انقیاد یقینے کہ بر عقل مترشح شدہ باشد از نغمات لذیذہ و ایقاعات متناسبہ متاثر شود مانند متاثر شدن بہائم از آغانی و ایقاعات و آنرا یکے از امور عظام دانند و یکے از مقامات اولیاء شمرند حاش للہ ثم حاش للہ مقامے راکہ آدمی و بہائم دراں مشترک باشند چہ لطف خواہد بود و چوں ایں طبیعت را با دوام عبودیت ازدواج واقعہ شود تامل باید کرد کہ نتیجہ کہ میان طبیعت و دوام عبودیت پیدا شدہ است بمزاج اُم سفلانیہ مائل تر است یا بقوت اَب علوی صبر نیز اگر راست پرسی موقوف بہ متانت مزاج قلب است و متولد درمیان ایں

کے گانے سننے سے۔ اور مؤثر قسم کے زیر و بم (ایقاعات) کے سننے سے جو طبعی طور پر دل میں جگہ کرتے ہیں (ان سے بھی وجد پیدا ہوتا ہے) ان چند کلمات میں وجد کے اسباب کہدیئے گئے ہیں خوب غور و فکر سے سوچو۔

اور یہاں ایک بڑی فاش غلطی ہے کہ جاہل اہل وجد اسمیں مبتلا ہو کر مغرور ہو جاتے ہیں اور وہ غلطی یہ ہے کہ انسانی طبیعت پر بغیر انقیاد و اطاعت کے اور بغیر دوام عبودیت اختیار کئے ہوئے یا اس یقین کے تابع ہونیکے بغیر جس کا ترشح (نزول) عقل پر ہوا ہو۔ نغمات لذیذہ اور متناسب ایقاعات یعنی راگ کے زیر و بم سے متأثر ہو جاتی ہے اسطرح کہ جس طرح جانور گانوں اور مناسب راگوں سے متأثر ہو جاتے ہیں۔ جاہل لوگ اس کو بڑے امور میں جانتے ہیں اور اولیاء اللہ کے مقامات میں سے اسے بھی کوئی خاص مقام خیال کرتے ہیں حاش للہ پاک ہے اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات (یہ خیال ہرگز درست نہیں کیونکہ) ایک وہ مقام جس میں انسان اور جانور مشترک ہیں اسمیں کیا لطف ہوگا اور جب یہ طبیعت دوام عبودیت سے ملجائے تو غور کرنا چاہئے کہ ان دونوں کے ملنے سے جو نتیجہ پیدا ہوا ہے وہ ام سفلانی کے مزاج کیطرف میلان رکھتا ہے یا اب علوی کیطرف (یعنی اسکا میلان اگر ارضی اور سفلی مادہ کیطرف ہو جو بمنزلہ ماں کے ہے تو پھر اسمیں کمال کیطرف رجحان کم ہوگا اور اگر اس کا میلان روح اور عالم بالا یا حظیرۃ القدس کیطرف ہے جو بمنزلہ باپ کے ہے تو پھر اسمیں کمال کی استعداد پوری ہوگی اور ایسی صورت میں وہ راگ و پاکیزہ گانا سن کر عالم بالا کیطرف ہی ...

Marfat.com

متانت و دوام عبودیت و طریق تحصیل آن در رنگ سائر مقامات تسلیط عقل است بر قلب و اعانت آں بوقوع در مظان صبر و یاد کردن ثواب صابرین و شناعت جازعین

و اعتماد و توکل دو قسم باشد یکے اعتماد بر وعدہ الٰہی و ایں معنی ناشی از ترشح الہامے یا کشفے باشد بر عقل از ما فوق آں بوجہے کہ احتمال جانب مخالف نماند ایں جا رذیلے است مشابہ بتوکل کہ عوام آنرا با توکل خلط کنند و یکے را بجائے دیگر گیرند و آں تہور است بغیر تامل در عواقب امور یا در دعۃ افتادن و فکر معاش را بسبب حب دعۃ ترک کردن۔

و تقویٰ عبارت از محافظت بر حدود شرع است و محبت شعائر اللہ عبارت از محبت قرآن و پیغامبر و کعبہ است بلکہ محبت ہر چہ منتسب باشد بجناب حق حتیٰ اولیاء اللہ نیز و ایں را بعض قوم فنا فی الرسول یا فنا فی الشیخ گویند و سماحت و حریت عدم انقیاد قلب است دواعی نفس را کہ از مقولہ طیش و شرہ و جزع الفاکند متاخرین صوفیہ خصوصاً نقشبندیہ ایں حال دیگر

ہوگا اور عقلی جذبات کیطرف اس کا رخ نہیں ہوگا (صبر بھی اگر سچ پوچھو تو قلب کے مزاج کی متانت (مضبوطی اور سنجیدگی) پر موقوف ہے اور صبر اسی متانت اور دوام عبودیت کے درمیان پیدا ہوتا ہے اور اس کے حاصل کرنے کا طریقہ دیگر مقامات کے حاصل کرنے کے طریقہ کی طرح عقل کو قلب پر مسلط کرنے سے ہوتا ہے اور اس کی اعانت صبر کے مواقع میں پڑنے سے اور صابرین کے ثواب و اجر کو یاد کرنے سے اور جزع (بے صبری) کرنے والوں کی برائی کا خیال کرنے سے ہوتی ہے۔

اعتماد و توکل کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وعدوں پر بھروسہ ہو اور یہ چیز اس الہام یا کشف سے پیدا ہوتی ہے جو عقل پر اوپر سے اس طرح ترشح کرتا ہے کہ جانب مخالف کا احتمال بالکل نہیں رہتا۔ یہاں ایک رذیلہ (بری خصلت) ہے جو توکل کے مشابہ ہے جس کو عوام توکل کے ساتھ خلط (ملا جلا) کر دیتے ہیں۔ اور ایک کو دوسرے کی جگہ سمجھنے لگتے ہیں اور وہ بری خصلت تہور ہے یعنی کاموں کے انجام کو سوچنے کے بغیر ہی اقدام کرنا۔ یا تن آسانی اور آرام طلبی میں پڑ جانا اور آرام طلبی کی محبت میں فکر معاش ترک کر دینا۔

اور تقویٰ عبارت ہے حدود شرع کی حفاظت کرنے کا۔ اور محبت شعائر اللہ کہتے ہیں قرآن کریم پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور کعبۃ اللہ سے محبت کرنے کو۔ بلکہ ہر اس چیز سے محبت کرنا جو اللہ تعالیٰ کیساتھ نسبت رکھتی ہو حتیٰ کہ اولیاء اللہ کے ساتھ

Marfat.com

راز احوال قلب استنباط کردہ اند و بہ تکمیل رسانیدہ و متقدمان بآں نوع آشنا نبودند علی سبیل الندرۃ بلا تعین قاعدہ
برائے آں جستہ جستہ چیزے از ایشاں ظاہر می شد و آں تاثیر کردن است در تلمیذ و تاثیر ہمت است در چیز عالی
تفصیل ایں اجمال آنکہ در آدمی قوۃ غلبہ و عزم ودیعت نہادہ اند و صاحب قوۃ و عزم بہر چہ متوجہ شود او
را بنسبت خود حقیر داند و خود را بروے چیرہ دست بیند و چوں با کسے معاملہ کند بروے غالب آید و آں دیگر مغلوب
و منکوب و ترساں و ہراساں گردد و اگر ایں شخص با کسے نشست و برخاست کند حال وے از حزن و نشاط و غیر آں
در آں کس سرایت نماید و مردماں در قوۃ غلبہ مختلف الحال باشند بعض علی الوجہ الاتم دارند و بعض بالکلیہ ندارند
و بعض بین بین باشند اما در اجرای عادت ایں قوت در ضمن معاملات و گفتگوئے و داوری یا حرب و ستیز بظہور
آید و در اجرای عادات سرایت حزن و نشاط مقرون بود بگفت و شنود سخنے کہ مشعر بآں صفت باشد از یں جہت

محبت کرنا بھی اسمیں داخل ہے اور اس کو بعض لوگ فنا فی الرسول یا فنا فی الشیخ کہتے ہیں۔ اور سماحت اور حرمت کہتے
ہیں دل (مقتضیات نفس) کا مطیع نہ ہو جن کو نفس قلب کیطرف القا کرتا ہے جیسے غصہ حرص بے صبری وغیرہ اور متاخرین
صوفیہ خصوصاً نقشبندیہ نے ایک دوسرا حال قلب کے احوال سے استنباط کیا ہے اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے متقدمین صوفیہ
کرام اس سے آشنا نہ تھے بلکہ شاذو نادر بلا تعین قاعدہ اس کیلئے کچھ کچھ چیزیں ان سے ظاہر ہوئی ہیں اور وہ ہے شاگرد میں
کے اندر تاثیر کرنی اور ہمت کی تاثیر چیز عالی ہیں۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ انسان میں غلبہ پانے کی قوت اور عزم ودیعت
رکھا گیا ہے صاحب قوت و عزم جس چیز کی طرف بھی متوجہ ہوتا ہے اس کو اپنی نسبت حقیر جانتا ہے اور اپنے آپ کو اس پر غالب
جانتا ہے اور جب کسی کے ساتھ کوئی معاملہ کرتا ہے تو اس پر غالب آتا ہے اور وہ دوسرا شخص مغلوب پریشان خوفزدہ اور ہراساں
ہو جاتا ہے اور اگر یہ شخص (صاحب عزم) کسی کے ساتھ نشست و برخاست کرتا ہے اور اس کا جو بھی حال ہو غم یا خوشی وغیرہ
اس شخص میں سرایت کر جاتا ہے اور لوگ قوت غلبہ کے اعتبار سے مختلف الحال واقع ہوئے ہیں بعض میں یہ پوری طرح پائی
ہے اور بعض میں بالکل ہی یہ قوت نہیں ہوتی اور بعض میں یہ قوت اوسط درجہ کی ہوتی ہے۔ لیکن عادات کے جاری کرنے میں
قوت معاملات کے ضمن میں اور گفتگو کے دوران یا حکومت اور لڑائی و مقابلہ کے وقت ظہور کرتی ہے اور عادات کے جاری کرنے

Marfat.com

عوام این قوت را ممتاز از سائر قوتہا نشناسند وصورت وصفت آں در دل ایشاں ممثل نشود. چوں ایں شخص بہ دوام عبودیت مشغول شود وصفات قلبیہ وے از محبت و وجد وشوق بغیر اقتران بسخن گفتن یا کار کردن مستقل باشد واحتیاج اقتران بایں چیزہا مرتفع گردد وایں خصلت در ہمہ صفات قلبیہ فاش شود وقوت غلبہ نیز حصہ خود گیرد. پس ایں شخص متوجہ شود بہ تلمیذ خود بوصف غلبہ وہمت خود تمام روح تلمیذ را در گیرد وچشم ہمت بدل وعقل او دوزد وہر صفتے کہ خواہد از محبت ویقین در خاطر تلمیذ ریزد وایں را تاثیر توجہ گویند وبہ نظر قبول نگریستن گویند. و الحق توجہ بقوت غلبہ ورنگین ساختن تلمیذ بصفتے از صفات محمودہ نعمتے است بغایت بزرگ واعانتے است بس عظیم. مثل وے مثل شخصے است کہ چقماق می آرد وآہن پارہ را برآں می زند تا ذرہ آتش منقدح گردد وایں ذرہ گاہے منقدح می گردد وگاہے نہ. واگر منقدح می گردد گاہے فرو میرود وگاہے در پنبہ در می گیرد وشخص دیگر است

غم اور خوشی کی سرایت گفت وشنید کے ساتھ ملی ہوتی ہے جو اس صفت کی طرف مشعر ہوتی ہے اسی وجہ سے عوام اس قوت کو تمام قوتوں سے ممتاز (جدا) نہیں جانتے اور اس کی صورت اور صفت ان کے دل میں ممثل نہیں ہوتی۔ جب یہ شخص دوام عبودیت میں مشغول ہوتا ہے اور اس کی صفات قلبیہ محبت، وجد، شوق بغیر کسی قسم کی بات کرنے کے یا بغیر کسی کام کرنے کے مستقل ہوں اور ان صفات کو ان چیزوں کے ساتھ ملانے کی ضرورت نہ ہو اور یہ صفت اس شخص کے تمام صفات قلبیہ میں پھیل جائے اور قوت غلبہ بھی اپنا حصہ پالے۔ تو یہ شخص جب اپنے شاگرد کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اپنی پوری ہمت اور قوت غلبہ کے ساتھ شاگرد کی روح کو گھیر لیتا ہے اور اپنی چشم ہمت کو اس کے دل ودماغ میں خوب لگا دیتا ہے اور جو صفت بھی چاہتا ہے محبت اور یقین وغیرہ سے شاگرد کے دل میں ڈال دیتا ہے اور اس کو "تاثیر توجہ" سے تعبیر کرتے ہیں اور قبولیت کی نظر سے دیکھنا کہتے ہیں اور حق بات یہ ہے کہ قوت غلبہ سے توجہ کرنا۔ اور شاگرد کو صفات محمودہ میں سے کسی صفت کیساتھ رنگین کر دینا انتہائی بڑے درجہ کی نعمت ہے اور بہت بڑی اعانت ہے اسکی مثال اس شخص کی سی ہے جو چقماق (وہ پتھر جس کو ٹکرانے سے آگ نکلتی ہے) لاتا ہے اور لوہے کے ٹکڑے کو اس پر مارتا ہے تاکہ آگ کی چنگاری اس سے سلگ اٹھے اور پھر ایسا ہوتا ہے کہ کبھی تو اس سے آگ کا ذرہ نکلتا ہے اور کبھی نہیں نکلتا اور کبھی نکلنے کے بعد نیچے گر

Marfat.com

کہ آتش بسیار مہیا کردہ است در ہر جسم رطب یا خشک در ہر وقت بہر صفت بغیر ملاحظہ شروط تصرف می کند و او را پاک می سوزد دو شتان بینہما۔

و چوں سالک از یقین کہ مقرون بالفاظ و کلمات اذکار باشد و از التفاتے کہ در ضمن صرف و صوت بود در گذرد بسیار است کہ قوۃ مدرکہ و واہمہ خدمت آں نماید و صورتے وہمی کہ در آں شکل و لون و جہت نبود بتراشد و برائے یقین تمثالے راست کند تا شرح و تفصیل آں نماید و ایں صورت بمنزلہ علاقہ باشد کہ باز سفید از قید جستہ را باں علاقہ باز بمقر خود آرند و در بعض اذہان ایں یقین صرف منبسط گردد بصورت خیالیہ و آنرا تجلی صوری گویند خواہ در یقظہ باشد خواہ در منام

و کشف گاہے مصادفت کند استعدادے عجیب را پس مفضی گردد بخواص حروف و حرکات و اوضاع و غیر آں و ایں خواص گاہے دائم التاثیر باشند و گاہے مخصوص بمقامے دوں مقامے و در تحصیل ایں معنی ترک حیوانات و جسم

جاتا ہے اور کبھی روئی میں پڑ کر اسے جلا دیتا ہے۔ اور ایک شخص دوسرا ہے جس نے بہت سی آگ مہیا کر لی ہے اور ہر جسم کو خواہ وہ جسم گیلا ہو یا خشک اور ہر وقت جس طرح چاہے بغیر شروط کے ملاحظہ کئے ہوئے وہ تصرف کرتا ہے اور اس (تر و خشک) کو بالکل جلا ڈالتا ہے ان دونوں شخاص میں اور ان دونوں باتوں میں بہت فرق ہے۔

اور جب سالک یقین سے جو الفاظ اور کلمات اذکار سے ملا ہوا ہوتا ہے اور اس التفات سے جب گذر جاتا ہے جو حرف و صوت کے ضمن میں ہوتا ہے تو اکثر ایسا ہوتا ہے کہ قوت مدرکہ اور قوت واہمہ اسکی خدمت کرتی ہے اور ایک ایسی وہمی صورت تراشتا ہے کہ جس میں شکل و رنگ اور جہت نہیں ہوتی۔ اور یقین کیلئے ایک صورت (تمثال) بناتا اور درست کرتا ہے تاکہ اس کی شرح و تفصیل پیش کرے۔ اور یہ صورت بمنزلہ اس علاقہ کے ہوتی ہے کہ جس علاقہ کی وجہ سے ایک سفید رنگ کے باز کو جو قید و بند سے آزاد ہو گیا ہے پھر اپنے مقام (ٹھکانے) پر لاتے ہیں۔ اور بعض اذہان میں یہ یقین صرف صورت خیالیہ کی شکل میں پھیل جاتا ہے اور اس کو تجلی صوری کہتے ہیں خواہ یہ بیداری میں ہو یا نیند میں۔

اور کشف کبھی مصادفت کرتا ہے ایک عجیب استعداد کے ساتھ (یعنی ایک اچھی استعداد اس شخص میں موجود ہوتی ہے

Marfat.com

دو خفتن بملائکہ سفلیہ بغایت مفید است، و دریں جا عوام صوفیہ را اشتباہے عظیم افتادہ است کہ اعتبار را با معنی مدلول مشتبہ سازند و فرق میان ہر دو نشناسند۔

اعتبار آنست کہ عارفے آیتے یا حدیثے بشنود و ذہن او از آنجا منتقل شود بہ معرفتے از غیر مجرائے دلالت وضع کہ استدلال بعبارت النص و اشارت و ایماء و شعبہائے آں است، بلکہ ازاں راہ کہ در حدیث نفس خاطرے خاطرے دیگر را بہ کشد، و از چیزے چیزے بیاد آید و انتقالات خواطر در یقظہ و منام ہمیں نوع باشند کما لایخفی۔ بجز آنکہ سائر انتقالات گاہے حدیث نفس باشند و گاہے وسوسہ شیطان، و گاہے خاطر عقل و در حق عارف الہامے بود حق، و تعلیمے باشد صواب، و اعتبار متولد میان مقام عارف و سماع ایں کلمہ است، تجربہ کردہ باشی کہ قوال قصہ لیلی و مجنون می خواند عاشق را قصہ دردمندی خود و اعراض محبوب، یا اقبال او بخاطر می گذرد و بیادش می آید، و ازاں ہم حظہا می کنند د

تو یہ کشف پہچاننے والا ہوتا ہے۔ حروف کے خواص حرکات اور اوضاع وغیرہ تک، اور یہ خواص کبھی دائم التاثیر ہوتے ہیں اور کبھی ایک مقام کے ساتھ مخصوص ہوتے ہیں اور دوسرے میں نہیں پائے جاتے۔ اور اس مطلب کو حاصل کرنے کیلئے حیوانات کا ترک کر دینا۔ اور ملائکہ سفلیہ کے ساتھ آنکھ لگانی (توجہ مرکوز کرنی) انتہائی مفید ہوتی ہے۔ اور اس مقام میں عوام صوفیہ کو ایک بڑا اشتباہ واقع ہوا ہے کہ انہوں نے اعتبار کو (جو علم التفسیر کا ایک مفید شعبہ ہے دو مفسرین نے اس کو بیان کیا ہے) معنی مدلول کے ساتھ مشتبہ کر دیا ہے اور دونوں کے درمیان فرق نہیں سمجھے۔

اعتبار یہ ہے کہ کوئی عارف کسی آیت یا حدیث کو سنتا ہے اور اس کا ذہن وہاں سے منتقل ہو جاتا ہے کسی معرفت کی طرف جس کے لئے دلالت وضعی نہیں جاری کی گئی اور دلالت وضعی کہتے ہیں عبارۃ النص اور اشارۃ النص اور ایماء النص اور اس کے شعبوں سے استدلال کرنے کو۔ بلکہ اعتبار اس راہ سے حاصل ہوتا ہے جو کہ حدیث النفس میں ایک خیال (خاطر) دوسرے خیال کو کھینچتا ہے اور ایک چیز سے دوسری چیز آتی ہے اور خطرات کا انتقال بیداری اور نیند میں اسی طرح ہوتا ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔ بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ تمام انتقالات کبھی تو حدیث النفس ہوتے ہیں اور کبھی وسوسہ شیطانی اور کبھی خاطر عقل کی قسم سے ہوتے ہیں اور عارف کے حق میں یہ سچا الہام ہوتا ہے اور درست تعلیم اور اعتبار پیدا

Marfat.com

جوشہامی زند این خود قصہ لیلی نیست ونہ مستنبط ازاں بلکہ متولد از مقام مستمع است نزدیک قرآن این کلمہ پس
عمدہ در اعتبار انتقال ذہن است نہ طرق دلالت آگاہ باش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صناعت اعتبار نزدیک تدبر
قرآن نگاہ داشتہ اند و برحسب آں دریائے راسر دادہ و ایں علم وظیفہ ایں کتاب نیست۔ بالجملہ اعتبار فنے است
شگرف واسع الارجا، تفسیر عرائس، وحقائق سلمی، وبسیارے از کلام شیخ اکبرؒ و شیخ الشیوخ سہروردیؒ از ہموں مقولہ است
چوں سالک از تہذیب نفس و قلب و عقل فارغ شد و فتوح آنرا بدست آورد بعد ازاں مطلوب تہذیب نفس
روح و سر است، تہذیب نفس کہ سابقاً تحصیل کردہ بود نوعے دیگر بود و تہذیب کہ الحال از وے مطلوب می شود نوعے
دیگر است،

ہوتا ہے عارف کے مقام اور اس کلمہ کے سماع کے درمیان، تم نے تجربہ کیا ہوگا کہ کبھی کوئی قوال لیلی و مجنوں کا قصہ پڑھتا ہے
عاشق اپنی دردمندی کا قصہ یاد کرتا ہے اور محبوب کا اعراض یا اس کی توجہ والتفات اسکے دل میں گذرتی ہے اور اسے یاد کر
اور اسی گذرگاہ (راستہ وطریقہ) سے وہ بہت حظ اٹھاتا ہے اور جوش مارتا ہے حالانکہ یہ خود لیلی کا قصہ نہیں اور نہ اس سے مستنبط
ہے بلکہ یہ پیدا ہوا ہے سننے والے کے مقام سے جب اس کے ساتھ یہ کلمہ مل گیا۔ پس عمدہ بات اعتبار میں ذہن کا انتقال ہے
نہ طرق دلالت کا لحاظ، اس بات سے باخبر رہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فن اعتبار کا لحاظ قرآن کریم میں تدبر کرنے کے
رکھا ہے اور اسی کے مطابق ایک بحر بے پایاں چھوڑ دیا ہے اور یہ علم اس کتاب کا وظیفہ نہیں (کیونکہ فن اعتبار علم التعبیر
ایک عمدہ شعبہ ہے جس کو اعلیٰ درجہ کے مفسرین نے اور خود شاہ ولی اللہ نے اپنی دیگر کتب میں بیان کیا ہے) حاصل کلام یہ
کہ فن اعتبار ایک عجیب فن ہے جس کے اطراف وجوانب بہت وسیع ہیں تفسیر عرائس البیان للنیشاپوریؒ اور حقائق سلمیؒ اور ایک
بڑا حصہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ کے کلام کا۔ اور شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردیؒ کے کلام کا اکثر حصہ اسی مقولہ اعتبار
سے ہے۔ جب سالک تہذیب نفس و عقل و قلب سے فارغ ہوگیا اور اس کیلئے فتوحات کا دروازہ کھل گیا تو اس کے
تہذیب نفس، روح اور سر مطلوب ہے اور پہلے جو تہذیب نفس اس نے حاصل کی ہے وہ دوسری قسم ہے اور وہ تہذیب
نفس جو اب اسے مطلوب ہے یہ بالکل ایک دوسری قسم ہے۔

Marfat.com

تفصیل ایں اجمال آنکہ شرارت نفس دو نوع است، یکے آنکہ مقتضیات خود از قبیل مرغوبات طبیعیہ یا مرغوبات سبعیہ طلب می کند، و عقل و قلب را تشویش می دہد، و اوقات بسیار در انصباغ بصبغ ایں رذائل صرف می کند، و علاج آں تسلیط عقل است بر قلب، و تسلیط قلب است بر نفس، و تولد مقامات از میان ایں دو تسلیط کما مر بیانہ۔

دیگر آنکہ نفس مقتضیات خود را از مرغوبات شہویہ و سبعیہ فراموش کردہ است، ہر چند نفس را بکاوی صورت معشوقہ و لذت جماع در وے نیابی و ہر چند تفتیش نمائی حب جاہ و حرص مال را در وے اثرے نہ بینی، اما از وے دودے سیاہ می خیزد کہ روئے روح و سر را مکدر می کند، و غبارے ہیجان می نماید کہ ایں دو آئینہ را غبار آلودہ می سازد، و تلخی از وے در روے کار آید شیر و شکر روح و سر را بدمزہ می نماید، ہر چند در تفحص اصل آں غبار می افتد نمی فہمد کہ چیست، و ہر چند عقل در پے آں دود می فرستد کار نمی کند کہ از کجا است، اما عارف نافذ می شناسد ہماں نفس است کہ بدخوئی او ابدالا باد کم نگردد

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ نفس کی شرارت دو قسم ہے ایک یہ کہ نفس اپنے مقتضیات کو جو از قبیل مرغوبات طبعیہ یا مرغوبات سبعیہ ہیں طلب کرتا ہے اور عقل و قلب کو پریشان کر دیتا ہے اور وقت کا بہت سا حصہ ان رذائل کے رنگ میں رنگین ہونے کے ساتھ صرف کرتا ہے اس کا علاج عقل کو قلب پر مسلط کر دینے اور قلب کو نفس پر مسلط کر دینے اور مقامات ان دونوں تسلطوں کے درمیان پیدا ہوتے ہیں جیسا کہ پہلے اس کا بیان ہو چکا ہے۔

اور دوسری قسم یہ ہے کہ نفس اپنے مرغوبات شہوانیہ اور سبعیہ کو فراموش کر چکا ہو۔ اب ہر چند تم نفس کو کریدو تو اس میں معشوق کی صورت اور جماع کی لذت نہ پاؤ گے اور جس قدر بھی تم تفتیش کرو گے حب جاہ اور مال کی حرص کا اس میں کوئی اثر نہ دیکھو گے۔ لیکن بایں ہمہ اس سے ایک سیاہ دھواں اٹھیگا اور روح اور سر کو مکدر کر دیگا۔ اور ایک ایسا غبار اس سے اٹھتا ہے جو کہ ان دونوں آئینوں کو تاریک بنا دیتا ہے اور اس سے ایسی تلخی ظاہر ہوتی ہے جو روح اور سر کو جو آپس میں شیر و شکر ہوتے ہیں بدمزہ کر دیتی ہے اور جس قدر بھی وہ اس غبار کی اصل کو تلاش کریگا تو نہیں سمجھ سکیگا کہ یہ کیا چیز ہے اور جتنا عقل کو اس دھوئیں کے پیچھے دوڑائیگا تو وہ درماندہ ہو کر پتہ نہیں لگا سکیگی کہ یہ کہاں سے اٹھتا ہے۔ لیکن عارف نافذ پہچانتا ہے کہ یہ وہی نفس ہے جس کی خوئے بد کسی وقت کم نہیں ہوتی۔ اور کبھی بھی اسکے

وہیچگاہ از جہاد او فراغ بدست نیاید۔

بباید دانست کہ روح را بالاصالت دو وصف است۔ یکے آنکہ منجذب شود بسوئے تجلی اعظم کہ در وسط

حظیرۃ القدس قائم است و قابل آں تجلی نفس کلیہ است۔ و لاصق گردد بوے و از آنجا اطمینانے و آرامے بے کیف

فائض گردد و ایں صفت اوج مراتب روح است و غایت حرکت خودش بمقر اصلی خود۔ صفت دیگر جمع شدن او

بارواح طیبہ و ملاء اعلیٰ و منجذب شدن بسوئے آنہا و اثر ایں صفت اثر پذیرفتن از آنہا است مثل آں اثر پذیرفتن مثل

شمع است چوں خاتم را بروے نہند نقوش خاتم در جسم شمع منطبع گردد و ایں اثر بہ حقیقت امرے است اجمالی کہ منفسح

گردد بحسب اقتضاء احوال و اوقات باثار شتی گاہے تخاطبہ باشد و سبب آں مبادرت عقل است و گاہے واردا

باشد و سبب آں پیشدستی قلب و ایں صفت حضیض مراتب روح است و منشاء آں تخلف اوست از اعلیٰ منازل

ساتھ جہاد کرنے سے فراغت اس عارف کو حاصل نہیں ہو سکتی۔

جاننا چاہیئے کہ روح کے لئے اصالۃً دو وصف ہیں (اصلی طور پر اس کی دو صفتیں ہیں) ایک یہ کہ وہ تجلی اعظم کی طرف

کھنچتی ہے جو کہ حظیرۃ القدس کے وسط میں قائم ہے اور اس تجلی کے قابل نفس کلیہ ہے اور اس کے ساتھ وہ چمٹ جاتی ہے

اور وہاں سے اس پر اطمینان اور بے کیف آرام فائض ہوتا ہے اور یہ صفت مراتب روح کے لئے اوج (انتہائی بلندی)

کا مرتبہ رکھتی ہے اور یہ اس کی انتہائی حرکت ہے اپنے اصلی ٹھکانے کیطرف۔ اور دوسری صفت ہے اسکا جمع ہونا ارواح طیبہ

اور ملاء اعلیٰ کے ساتھ اور ان کی طرف کھینچنا اور اس صفت کا اثر یہ ہے کہ یہ ان سے اثر قبول کرتی ہے اور اس کے اثر قبول

کرنے کی مثال یہ ہے جس طرح شمع اثر قبول کرتی ہے جب انگوٹھی اس پر رکھی جائے۔ انگوٹھی کے نقوش شمع کے جسم میں منطبع

ہو جاتے ہیں۔ اور یہ اثر در حقیقت ایک اجمالی امر ہے کہ جس میں اقتضاء احوال اور اوقات کے مطابق مختلف آثار کیطرف

وسعت پیدا ہو جاتی ہے۔ کبھی باہم گفتگو کا سلسلہ ہوتا ہے اور اس کا سبب عقل کی مبادرت ہے اور کبھی واردات کا سلسلہ

ہوتا ہے اور اس کا سبب قلب کی پیشدستی ہے اور یہ صفت مراتب روح کے پست ترین درجات میں سے ہے

اور اس کا منشاء اس کا تخلف (یعنی پیچھے ہٹ جانا اور الگ رہنا) ہے اپنے اعلیٰ منازل سے۔ اور یہ بعض الوان

Marfat.com

خودش بسبب لحوق بعض الواث طبیعت بوے در بعض اوقات بر خود تجربہ کردہ شد کہ نورے از تجلی عظم بروح

میریزد کہ آنرا بنوعے از تشبیہ اگر مانند شعاع آفتاب گویم بغیر وجود جرم آفتاب گنجائش دارد بالجملہ ایں انجذاب بنسبت

ارواح وملاء اعلی معبر است بمحبت خاصہ وآں غیر محبت ایمان است کہ منشاء آں جزم عقل بود بعقائد حقہ وانقیاد قلب را

دراں عقائد وغیر شوق وگرمی است کہ منشاء آں انصباغ دل است بحالے از مقولہ وجد وآں حال قلق وجوش زدن بود بلکہ

محبت خاصہ مانند میل ارضی است بمرکز خود ومیل ہوا است بمقر خود عقلاء میدانند کہ ایں میل یک چیز است متشبح بدو شکل در

وقت فراق متمثل بشوق وحرکت است ودر حال وصال متصور بصورۃ اطمینان وسکون پس محبت خاصہ ہموں میل است بلکہ

ہماں میل بحسب تشبح باطمینان وسکون، ومنشاء آں جذبے است کہ در تجلی اعظم موجود است بنسبت ارواح بنی آدم وانجذابے

است کہ در طبیعت ارواح ودیعت است بنسبت آں تجلی عظم، مثل آں جذب وانجذاب مثل مقناطیس بنسبت حدید بود،

(گندگیوں اور آلودگیوں) کی وجہ سے ہوتا ہے جن میں طبیعت ملوث ہو جاتی ہے اور بعض اوقات اپنے اوپر تجربہ کیا گیا ہے کہ ایک نور تجلی

اعظم سے روح پر پڑتا ہے کہ اس کو اگر ایک طرح سے تشبیہ دی جائے تو آفتاب کی شعاع کے مانند کہہ سکتے ہیں جو بغیر جسم آفتاب کے ہو حاصل

یہ ہے کہ یہ انجذاب تجلی اعظم کی بہ نسبت ہو یا ارواح اور ملاء اعلیٰ کی بہ نسبت بہر حال اس کو محبت خاصہ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ محبت

محبت ایمان کے علاوہ ہے جس کا منشار عقل کا جزم ویقین ہونا ہے عقائد حقہ کے ساتھ اور قلب کا مطیع ہونا عقل کے سامنے ان عقائد میں

اور یہ محبت اس شوق اور گرمی کے بھی علاوہ ہے جس کا منشار دل کا رنگین ہونا ہے مقولہ وجد کے کسی حال کے ساتھ اور وہ حال قلق (بے چینی)

اور جوش مارنا ہے۔ بلکہ محبت خاصہ ایسی ہے جیسے زمین اپنے مرکز کی طرف میلان رکھتی ہے اور ہوا اپنے مرکز کی طرف عقلاء جانتے ہیں کہ

یہ میلان ایک چیز ہے جو دو شکلوں میں متشکل ہو جاتی ہے فراق کے وقت تو یہ شوق وحرکت سے متمثل ہوتی ہے اور وصل کی حالت میں

یہ بصورت اطمینان وسکون متمثل ہوتی ہے پس محبت خاصہ یہی میلان ہے بلکہ یہی میلان جب کہ یہ اطمینان وسکون کیساتھ

مماثل ہوتا ہے اور اس کا منشار وہ جاذب ہے جو تجلی عظم میں موجود ہے بہ نسبت ارواح بنی آدم اور وہ انجذاب ہے جو ارواح

کی طبیعت میں ودیعت رکھا گیا ہے بہ نسبت اس تجلی اعظم کے، اس جذب وانجذاب کی مثال ایسی ہے جیسے مقناطیس لوہے

کی بہ نسبت۔ پس محبت خاصہ اس طرح ہوئی کہ وہ تجلی اعظم کے ساتھ چمٹی ہوئی ہے اور اس کے قریب پہنچی ہوئی ہے۔ اور

Marfat.com

پس آں محبت خاصہ چسپیدن با تجلی اعظم ورسیدن است نزدیک او وتنگ در بر گرفتن است والتہاب شعلہائے الفت است باشتمال ایں معانی واللہ اعلم ؎

بلبلے برگ گلے خوش رنگ در منقار داشت — واندراں برگ ونوا خوش نالہائے زار داشت
گفتمش در عین وصل ایں نالہ وفریاد چیست — گفت مارا جلوہ معشوق دریں کار داشت

وہمچنیں سر را بالاصالۃ دو صفت است یکے مشاہدہ تجلی اعظم وادراک آں وحضور پیش آں ومعرفت آں وہرچہ ازیں مقولہ می تواں گفت وایں اوج مراتب سر است وصفت دیگر دیدن وملاقات کردن ومشاہدہ نمودن ارواح طیبہ وملاء اعلیٰ کہ حول آں تجلی اعظم مجتمع اند وبسوئے او منجذب وایں صفت حضیض مراتب سر است ومنشاء آں تخلف سر است از اعلیٰ منازل خویش بسبب لحوق بعض الواث طبیعیہ واثر آں خبر دادن است وآگاہ شدن است بآں تجلی وتفرقہ کردن میان او ومیان غیر او ونہ اثر پذیر رفتن مانند شمع وخاتم پس اگر عقل مبادرت کند کشف باشد واگر قلب باو یار شود معرفت

ایسی ہے جیسے بھینچ کر بغل میں دبائی ہوئی ہو، اور الفت کے شعلوں کا مشتعل ہونا ہے ایسے معانی سے اور اللہ تعالیٰ بہتر جاننے والا ہے

شعر ؎ بلبل ایک خوش رنگ پھول کا پتہ اپنی چونچ میں پکڑے ہوئے تھا اور سرو سامان کے ساتھ نالہ زار بھی بلند کر رہا تھا میں نے اس سے کہا کہ عین وصل کی حالت میں یہ کیا نالہ وفریاد ہے اس نے جواب دیا کہ معشوق کے جلووں نے ہمیں اس کام میں ڈال دیا ہے۔

اور اسی طرح سر کے بھی اصلی طور پر دو وصف ہیں ایک یہ کہ وہ تجلی اعظم کا مشاہدہ کرے اور اس کا ادراک کرے اور اس کے روبرو حاضری دے اور اس کی معرفت اور جو کچھ بھی اس مقولہ سے کہا جا سکتا ہے (وہ اسے حاصل ہو) اور یہ سر کے مراتب میں سے اعلیٰ مرتبہ ہے اور دوسری صفت اس کی ہے دیکھنا ملاقات کرنا اور مشاہدہ کرنا ارواح طیبہ اور ملاء اعلیٰ کا جو تجلی اعظم کے گرد اکٹھے اور مجتمع ہیں اور اس کی طرف منجذب ہیں اور یہ صفت سر کے مراتب میں سے پست مرتبہ ہے اور اس کا منشاء یہ ہے کہ سر اپنے اعلیٰ مرتبوں سے بسبب لاحق ہونے بعض الواث طبعیہ کے پیچھے رہ گیا ہے اور اس صفت کا اثر خبر دینا اور آگاہ ہونا ہے اس تجلی سے اور فرق کرنا اس کے اور غیر کے درمیان اور اس کا اثر پذیر ہونا ایسا نہیں ہوتا جیسا موم اور مہر (خاتم - انگوٹھی) کا۔ پس اگر عقل مبادرت (سبقت) کرے تو کشف ہوگا اور اگر قلب اس کے ساتھ موافق ہو جائے تو معرفت ہوگی۔ اور مشاہدہ سر اور اس کی

Marfat.com

باشد و فرق است میان مشاہدہ سر و میان یقینے کہ در عقل فائض شود و آں فرق آنکہ مشاہدہ حضوری چیزے است کہ
آزا می جست و یقین باور داشتن است علی ظہر الغیب و نادیدہ را دانستن است و این جا غلطی است عظیم کہ حل آں حوصلہ
ہر صاحب وجدانے نباشد و آں آنست کہ گاہے قوت واہمہ خدمت عقل کند و برائے یقین شرح و بسطے براشد و صورت
وہمیہ انتزاع نماید چوں ایں صورت وہمیہ بر صاحب وجدانے غالب آید داند کہ مشاہدہ است و ہر چند علوم و معارف خود بر
تمیز ایں دو مسلط کند کار ازاں پیش نرود زیرا کہ اگر گویند مشاہدہ آمدنی است و صورت وہمیہ آوردنی راست نیاید زیرا کہ آوردنی
بسبب طول ممارست بمثابہ آمدنی شود و آمدنی در اول امر مشتبہ باوردنی گردد و اگر گویند طبیعت وہم تقیید بوضع و حیز است
اگرچہ آں حیز در غایت لطافت باشد و تجلی اعظم ہیچ وجہ متحیز و ذی وضع نیست نفع نکند زیرا کہ حیز وہمی از فرط لطافت و نازکی
با لمجرد محض مشتبہ شدہ است و صوفی را امکان تفرقہ نماند و اگر گویند ایں صورت وہمیہ در حواس است و مشاہدہ بیروں از
حواس بلکہ بیروں از شش جہت چہ فائدہ وے خود محاط حواس را از غیر محاط تمیز نمی نماید

کے درمیان جو عقل پر فائض ہوتا ہے فرق ہے اور وہ فرق اسطرح ہے کہ مشاہدہ اس چیز کی حضوری (ظاہر ہونے) کو کہتے ہیں جس کی جستجو
کرتا ہے اور یقین کہتے ہیں پس پشت باور کرنے اور نادیدہ چیز کے جاننے کو اور یہاں ایک بڑی عظیم غلطی ہے کہ جس کے حل کرنے کا حوصلہ ہر
صاحب وجدان (صاحب دل) نہیں رکھتا اور وہ غلطی یہ ہے کہ کبھی قوت واہمہ عقل کی خدمت کرتی ہے اور یقین کیلئے بڑی شرح اور
تفصیل تراشتی ہے اور صورت وہمیہ انتزاع کرتی ہے جب یہ صورت وہمیہ صاحب وجدان پر غالب آتی ہے تو وہ یہ جانتا ہے کہ یہ مشاہدہ
ہے اور ہر چند کہ اپنے علوم و معارف کو ان دو میں تمیز کرنے پر مسلط کرتا ہے لیکن اس کارزار میں اس کی کچھ بھی پیش نہیں جاتی۔ اسلئے
کہ مشاہدہ آمدہ ہے اور صورت وہمیہ آوردہ ہے تو یہ بات ٹھیک نہیں بیٹھتی اس لئے کہ آوردہ طول ممارست (زیادہ عرصہ برتاؤ) کیوجہ سے
بمنزلہ آمدہ کے ہو جاتی ہے اور آمدہ پہلی مرتبہ آوردہ سے مشتبہ ہو جاتی ہے اور اگر کہیں کہ وہم طبیعت وضع اور حیز (مکان) میں مقید ہونا ہے
اگرچہ وہ حیز انتہائی لطیف ہو اور تجلی اعظم کسی طرح بھی متحیز (یعنی کسی مکان میں مقید نہیں ہوتی) اور ذی وضع نہیں تو یہ بات بھی مفید
نہیں ہو سکتی اس لئے کہ حیز وہمی نہایت لطافت اور نازک ہونے کیوجہ سے مجرد محض کیساتھ مشتبہ ہو گیا ہے اور صوفی کیلئے انہیں فرق
کرنے کا امکان نہیں رہا۔ اور اگر یہ کہیں کہ یہ صورت وہمیہ حواس میں ہے اور مشاہدہ حواس سے باہر ہے نہ صرف حواس سے بلکہ

Marfat.com

بالجملہ ایں مسئلہ است مشکل کہ غیر کامل صاحب تمکین بحث حل آں نہ نماید و مع ہذا اگر ایں صورت در لطافت و نازکی مشتبہ بجبر د صرف گردد کیمیائے است عجیب کہ بمراتب سِرّ نزدیک می گرداند میان ایں دو رکن کہ روح و سِرّ باشند حالات عجیبہ متولد می شود پس اگر ہر دو بمقر اصلی خود رسند و باوج خود ترقی نمایند و نفس از شرارت خود سکوت کند مشاہدہ تجلی اعظم حاصل شود با نجذابے عجیب و الفتے نادر و محبتے بے مثال و بالتہاب شعلہا الفت ایں حالت را بہیئت اجتماعیہ "اتصال" خوانند و اگر رنگ ایں حالت در قلب و عقل افتد حواس و جوارح از کار خود معطل مانند آں "اتصال" "بغیبت" و "وجود عدم" معبر شد و اگر سِرّ از بعض کار خود تخلف کرد و روح باوج خود ترقی کردہ باشد حالتے پدید آید کہ او را "ہبوط" گویند مانند نزدن ہزار چوں پیش گل حاضر باشد بدون التفات بگل و توجہ بمشاہدہ آں و اگر زیادہ تر تخلف کند حالتے پدید آید کہ آنرا "انس" گویند و اگر سِرّ در کار خود مقید است و روح فی الجملہ تخلف کردہ است آں حالت را "معرفت" گویند

شش جہت سے باہر ہے تو اس سے کیا فائدہ اس لئے کہ وہ خود لحاظ حواس کو غیر لحاظ سے تمیز نہیں کرتا۔

حاصل یہ ہے کہ یہ مشکل مسئلہ ہے کہ جس کو سوائے کامل صاحب تمکین دوسرا شخص حل نہیں کر سکتا اور باوجود اس کے یہ صورت اگر لطافت اور نزاکت میں تجرد محض سے مشتبہ ہو جائے تو یہ بھی عجیب کیمیا ہے جو سِرّ کے مراتب کے قریب کر دیتا ہے۔ اَن دو رکن یعنی روح اور سِرّ کے درمیان عجیب حالات پیدا ہوتے ہیں، پس اگر ہر دو اپنے اصلی ٹھکانے پر پہنچیں، اور اپنے اوج پر ترقی کریں اور نفس اپنی شرارت سے سکوت اختیار کرے تو اسے تجلی اعظم کا مشاہدہ حاصل ہوگا۔ ایک عجیب انجذاب، اور نادر الفت، اور بے مثال محبت کیساتھ اور الفت کے بھڑکتے ہوئے شعلوں کیساتھ اس حالت کو اس ہیئت اجتماعیہ کے ساتھ انصال کہتے ہیں اور اگر اس حالت کا رنگ قلب و عقل میں پڑے تو حواس و جوارح اپنے کام سے معطل ہو کر رہ جاتے ہیں اس اتصال کو "غیبت" اور "وجود عدم" سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اگر سِرّ نے اپنے بعض کاموں سے تخلف کیا اور روح نے اپنے اوج پر ترقی کی تو ایک حالت ظاہر ہوتی ہے جس کو "ہبوط" تنزل کہتے ہیں جیسے بلبل ہزار داستان جوش مارتا ہے جب پھول کے سامنے حاضر ہو بغیر اس کے کہ وہ پھول کی طرف ملتفت ہو یا اس کے مشاہدہ کی طرف توجہ، اگر اس سے بھی زیادہ تخلف کرے تو ایک حالت ظاہر ہوتی ہے جس کو "انس" کہتے ہیں، اور اگر سِرّ اپنے کام میں مقید ہو اور روح نے فی الجملہ ترقی کی ہو تو اس حالت کو "معرفت" کہتے ہیں۔

Marfat.com

واگر تخلف روح زیادہ تر شود تفرقہ پدید آید می بیند اما لذت مشاہدہ ادراک نمی کند و اگر دودِ نفس دریں حالت برخیزد و بایں دو یار وفادار آمیزد و ایشاں را مشوش سازد "قبض" نامند و اگر نفس مطاوع ایں حال گردد و نشاطے از خود انتزاع نماید و شرح و تفصیل آں انس بنشاط کند آں حالت را "بسط" گویند و اگر در بعض احوال اتصال بدست آید و در بعض احوال نہ "تجلی واستتار" گویند و اگر شعبہ از اتصال در ساعتے ظاہر شود و باز محو گردد "لوامع و سواطع" گویند و ایں ہمہ در ابتداء ترقی از مقام قلب و عقل بمقام سر و روح واقع شود و گاہے اتصال مستور گردد بعض حجب نسمہ و بقیہ از و در رنگ مخاطبات و واردات و خواطر و دواعی حق ظہور نماید پس اگر قلب سبقت نماید آں نکتہ بحال اشبہ باشد و علمے کہ ازاں نکتہ منقدح گردد بواسطہ قلب باشد و اگر عقل سبقت کند آں نکتہ اشبہ با دراک و فطانت باشد حالے کہ ازاں بر دل گذرد بواسطہ عقل باشد

واگر روح و سر ہر دو بخصیص خویش فرود آیند لصوق بملاء اعلیٰ و دخول در زمرہ ایشاں دست دہد بایتہا النفس

اور اگر روح کا تخلف بہت زیادہ ہو تو تفرقہ ظاہر ہوگا اور ایسی حالت ہو جائے گی کہ وہ دیکھتا ہے لیکن مشاہدہ کی لذت محسوس نہیں کرتا۔ اور اگر نفس کا دھواں اس حالت میں اٹھے اور ان دو وفادار دوستوں (روح اور سر) سے مل جائے اور ان کو پریشان کر دے تو اس حالت کو "قبض" سے تعبیر کرتے ہیں اور اگر نفس اس حالت کا تابع ہو جائے اور اپنے آپ سے ہی نشاط (خوشی) کا انتزاع کرے اور شرح و تفصیل اس انس کی خوشی سے کرے تو اس حالت کو "بسط" کہتے ہیں اور اگر بعض حالات میں اتصال حاصل ہو جائے اور بعض حالات میں حاصل نہ ہو تو اس کو "تجلی و استتار" کہتے ہیں اور اگر اتصال کا ایک شعبہ ایک وقت ظاہر ہو اور پھر محو (مٹ جائے) ہو جائے تو اس کو "لوامح" اور "سواطع" کہتے ہیں۔ اور یہ سب اس وقت ہوتا ہے جبکہ مقام قلب اور عقل سے سر اور روح کے مقام کی طرف ترقی واقع ہوتی ہے اور کبھی "اتصال" نسمہ کے بعض حجابات میں پوشیدہ ہو جاتا ہے اور اس کا بقیہ حصہ مخاطبات، واردات، خواطر اور دواعی حق کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے پس اگر قلب سبقت کرے تو وہ نکتہ حال کے ساتھ زیادہ مشابہ ہوتا ہے اور جو علم اس نکتہ سے نکلتا ہے تو وہ بواسطہ قلب کے ہوتا ہے اور اگر عقل سبقت کرتی ہے تو وہ نکتہ ادراک اور فطانت (سمجھ و ذکاوت) سے مشابہ ہوگا اور جو حال اس نکتہ سے دل پر گذرے گا یہ بواسطہ عقل کے ہوگا۔ اور اگر روح و سر دونوں اپنی اپنی تخصیص میں نیچے اتر آئیں تو ملاء اعلیٰ کیساتھ مل جانا اور ان کے زمرہ میں داخل ہو جانا ای

Marfat.com

الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِي فِي عِبَادِي وَادْخُلِي جَنَّتِي ؎

واگر آں لصوق و دخول ببعض حجب نسمیہ مستور گردد در رنگ مخاطبات و خواطر و دواعی ملکیہ ظہور نماید و گاہے سر در اوج مراتب خود باشد و روح در حضیض خود و گاہے بالعکس و ہر یکے تفصیلے دارد کہ صاحب آں می تواند ادراک کرد۔ ع ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد

باید دانست کہ صوفیہ در فنا و بقا سخن بسیار گفتہ اند اما تنقیح مناط؎ نکردہ آنچہ فقیر دریافتہ است آنست کہ جوارح و ہر یکے ازیں لطایف در حد خویش حکمے دارد و چوں باہم شوند از دو حالت خالی نیست یا ایں است کہ میان اینہا امتزاجے و اختلاطے و انعقادے و ارتباطے مثل امتزاج نقرہ و آب در سیماب یا انعقاد شاخ و چوب در جسم کمان واقعہ شدہ باشد یا ایں است کہ ہر یکے بحکم خود مستقل باشد و امداد و معاونت دیگر بقدر ضرورت ترکیب

حاصل ہوتا ہے (اس آیت میں اسطرف اشارہ ہے) اے نفس مطمئنہ (اطمینان والے نفس) اپنے پروردگار کی طرف لوٹ جا راضی ہونے والا اور راضی کیا گیا میرے بندوں میں شامل ہوجا اور میری جنت میں داخل ہوجا۔

اور اگر وہ لصوق (ملاپ) اور دخول نسمہ کے بعض حجابات میں مستور ہوجائے تو پھر بعنوان مخاطبات خواطر اور دواعی ملکیہ ظہور کرتا ہے اور کبھی سر اپنے مراتب کی بلندی میں ہوتا ہے اور روح اپنی پستی میں اور کبھی اس کے برعکس ہوتا ہے یعنی روح اپنی بلندی میں اور سر اپنی پستی میں اور ہر ایک کی تفصیل ہے جس کو اس حال والا جان سکتا ہے ۔مصرع "ہر بات کیلئے ایک وقت ہوتا ہے اور ہر نکتہ کیلئے ایک مقام ہوتا ہے۔"

اور جاننا چاہیئے کہ صوفیہ کرام نے فنا اور بقا میں بہت کچھ گفتگو کی ہے لیکن "تنقیح مناط" نہیں کیا جو کچھ اس فقیر حضرت شاہ ولی اللہؒ نے دریافت کیا ہے وہ یہ ہے کہ جوارح اور ہر ایک ان لطایف میں اپنی جگہ علیحدہ علیحدہ حکم رکھتا ہے اور جب یہ مل جائیں تو دو حال سے خالی نہ ہونگے یا تو یہ صورت ہوگی کہ ان کے درمیان امتزاج اور اختلاط اور باہم گتھ جانا اور آپس میں ایسا ہوگا جیسے سیماب کے جسم میں چاندی اور پانی کا ربط یا جیسے سینگ اور لکڑی کا پیوند و ارتباط کمان کے جسم میں واقع ہوتا ہے

؎ تنقیح مناط اصول فقہ کی ایک اصطلاح ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ نص یا استنباط سے اس وصف کو معلوم کرنا جس پر حکم کا دارومدار ہے یا علت کے اوصاف مجموعہ میں سے نظر و اجتہاد کے ذریعہ کسی وصف کو حکم کے لئے متعین کرنا ۱۲ سواتی

Marfat.com

بدن نمایدُ در حالت اول غلبہ وسکر ومحو و وجد بدست آیدُ و در حالت دوم صحو وتمکین واستقامت حاصل شودُ و اکبر ناس آنست کہ تمکین صرف داشتہ باشدُ و ہر لطیفہ بحال خود مستقل بودُ و در صورت امتزاج اگر جوارح ونفس شہویہ سبعیہ غالب بودُ از فاسقین ومنافقین خواہد بودُ فصلے از قصۂ ایشاں در ذکر منافقین گذشت واگر دوام عبودیت در دل اثر کرد و دل بایں صفت بر عقل وجوارح ونفس غالب آمد غلبہ وسکر و وجد بیش آید بسیار است کہ صاحب قلب را عقل مغلوب باشدُ و در اوقات شورش ہیچ نفہمد نہ حدیث دنیا و نہ حدیث آخرت و مصلحت خود ادراک نکند بلکہ احساس حر و بردُ والم و وجع نیز نہ کندُ و خود را بزمین زند یا سنگ رساند یا از علو بسفل بر زند بارہا چنانکہ از اہل وجد دیدہ می شودُ واگر عقل غالب آید استقامت و رسوخ فی العلم پدید آید پس اول را "فنا" گویندُ وایں را "بقا" اول را غلبہ گویند وایں را تمکین اول را "سکر" گویند وایں را "صحو" وغلبہ روح بر قلب و جوارح وعقل ونفس محو باشد و غلبہ سر بریں ہمہ غیبت باشد وایں ہمہ تفصیل "فنا و وجود ظلمانی" است و "بقا و وجود روحانی" وبعد ازیں فنا فنائے دیگر ہست کہ در فصل آیندہ بیایدُ

یا یہ صورت ہو گی کہ ہر ایک اپنے حکم میں مستقل ہو گا اور دوسرے کی امداد و اعانت بدن کی ترکیب کی ضرورت کے مطابق حاصل کرے گا پہلی حالت (کلی امتزاج کی صورت) میں غلبہ، سکر، محو، وجد حاصل ہو گا اور دوسری حالت (جزئی امتزاج کی صورت) میں صحو (افاقہ) تمکین استقامت حاصل ہو گی اور آدمیوں میں بڑا انسان وہ ہو گا جو صرف تمکین خالص رکھتا ہو اور ہر ایک لطیفہ اپنی حالت میں مستقل ہو، اور امتزاج کی صورت میں اگر جوارح اور نفس شہوانی اور نفس سبعی غالب ہو تو ایسا آدمی فاسقین اور منافقین میں شمار ہو گا جن کے حال کا کچھ حصہ پہلے منافقین کے بیان میں گذر چکا ہے اگر دوام عبودیت دل میں اثر کرے اور دل اس صفت کیساتھ عقل اور جوارح و نفس پر غالب آجائے تو غلبہ، سکر اور وجد پیدا ہوتا ہے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ صاحب دل کی عقل مغلوب ہوتی ہے اور وہ شورش کے وقت کچھ بھی نہیں سمجھتا نہ دنیا کی بات اور نہ آخرت کی اور اپنی بہتری کا ادراک بھی نہیں کرتا۔ بلکہ گرمی، سردی، درد اور دکھ کا احساس بھی نہیں کرتا اور اپنے آپ کو زمین پر یا پتھر پر پٹکتا ہے یا بلندی سے نیچے گرتا ہے جیسا کہ اہل وجد کو دیکھا جاتا ہے اور اگر عقل غالب آجائے تو استقامت اور رسوخ فی العلم (علم میں پختگی) ظاہر ہوتی ہے اس لئے پہلی حالت کو فنا کہتے ہیں اور دوسری کو بقا اور اسی طرح اول کو غلبہ کہتے ہیں اور اس کو تمکین، اور پہلی کو سکر اور اس کو صحو کہتے ہیں اور روح کا غلبہ قلب جوارح اور عقل و نفس پر،

Marfat.com

بالجملہ طریق تہذیب ایں ہمہ لطائف اجمالاً دوام عبودیت است ظاہر و باطن خود صرف "یاد کرد" باید ساخت تا ہر طبقہ ازاں نصیبہ خود گیرد بداں ماند کہ آب در بیخ نہانی می ریزند و بحکم طبیعت شجر بنظم معین برگ و شاخ و برید و گل و ثمر ظہور می کند و تفصیلاً ذکر جہر بضربات شدیدہ و ہمچنیں حبس نفس و سبق باطنی کہ متوارث خواجگان نقشبندیہ است و سماع نقشہائے شوق انگیز دل را زندہ می سازد

و دوام طہارت و نورانیت تلاوت و اوراد ہم چنیں نسبت اویسیہ بہ نسبت ارواح اولیاء روح را پرورش میدہد و مراقبہ صفات و در فکر تدبر اسمار افتادن عقل را بر منصہ جلوہ می آرد و یاد داشت صرف بے صوت و حرف کہ معمول نقشبندیہ است سر را متنبہ می کند و بسیار دیدہ شد کہ نفس تقاضاء مرغوبات خود می کند از مقولہ شہوات یا از مقولہ غلبہ و استیلاء بر ابناء جنس و ایں شخص نفس را باز می دارد و مخالفت می کند و منازعتے قوی درمیان می آید و کار بجہاد

محو ہوتا ہے اور اگر سر ان سب پر غالب ہو اس کو غیبت کہتے ہیں اور یہ سب فنار وجود ظلمانی ہے اور بقار وجود روحانی ہے اور اس کے بعد ایک اور فنا ہے جس کا ذکر آئندہ فصل میں آتا ہے۔

حاصل یہ ہے کہ ان سب لطائف کی تہذیب کا طریق اجمالاً یہ ہے کہ اپنے ظاہر کو دوام عبودیت کا پابند بنائے اور باطن کو یاد کرنے میں لگائے تاکہ ہر طبقہ اپنا حصہ اس سے لے لے اس کی مثال ایسی ہے کہ جس طرح پانی درخت کی پوشیدہ جڑ میں ڈالتے ہیں تو طبیعت کے مقررہ نظم سے درخت میں پھول و پھل ظاہر ہوتے ہیں اور تفصیلی طور پر ان کی تہذیب کا طریق یہ ہے ذکر جہر ضربات شدیدہ کے ساتھ کیا جائے اور اسی طرح حبس نفس (دم کشی) اور باطنی سبق جو مشائخ نقشبندیہ کے ہاں توارث سے چلا آرہا ہے اسے اختیار کرنا۔ اور شوق انگیز نغموں کے سماع سے اپنے دل کو زندہ کرے۔

اور دوام طہارت اور تلاوت اور اوراد کی نورانیت اور اسی طرح اولیار کرام کے ارواح کی نسبت اویسیہ روح کی پرورش کرتی ہے اور صفات (الہی) کا مراقبہ اور اسمار کے تدبر میں فکر کو لگانا عقل کو نمایاں جلوہ دیتا ہے اور یاد داشت محض جو بغیر آواز اور حروف کے ہو جیسا کہ نقشبندیہ کا معمول ہے یہ سر کو ہوشیار و خبردار کرتا ہے اور بہت دفعہ دیکھا گیا ہے کہ نفس اپنے مرغوبات کا جو از قبیل شہوات ہوتے ہیں تقاضا کرتا ہے یا جو از قبیل غلبہ اور ابناء جنس پر تفوق حاصل کرنے کے قبیلے سے ہوتے ہیں اور یہ شخص نفس

Marfat.com

ومصادمت ومصارعت می کشد دریں وقت بے حلاوتی بسیار روئے می دہد اما بعد نشستن غبار وتسکین شورش نورے عجیب از روح فرود می آید وظاہر وباطن سالک را در می گیرد کیمیائے است عجیب کہ عوام بآں آشنا نیستند ودولتے بس شگرف کہ بیگانگاں بآں راہ نیافتہ اند ہمانا شیخ ابراہیم ادہم بہمیں نورانیت وحلاوت اشارہ فرمودہ است آنجا کہ گفتہ من نفس را دو بار بمراد خود رسیدہ دیدم ودو قصہ مخالفت بیان کرد۔

وشناختن تہذیب لطائف نزدیک ما بچند چیز می باشد یکے بحلاوت یافتن در چیزے کہ برائے ہر لطیفہ تعین کردہ ایم وبآں محظوظ شدن ودراں لذت یافتن، دوم دیگر بہ نسبت مختصہ بہر یکے وبمقام ہر یکے پس صاحب یقین صاحب عقل است وصاحب وجد وشوق صاحب قلب است وآنکہ نسبت یاد داشت دارد صاحب سِر است وآنکہ نسبت اویسیہ یا طہارت وعبادت دارد صاحب روح، وسوم دیدن واقعاتے کہ دلالت می کند بر تہذیب ایں لطایف وباید دانست کہ سالک را بعد اکمال سیر لطایف آخر کار ہماں لطیفہ کہ در اصل فطرت قوی تر است غالب

کو روکتا ہے اور مخالفت کرتا ہے اور قوی درجہ کا جھگڑا کھڑا ہو جاتا ہے اور معاملہ نفس کیساتھ جہاد اور ٹکر لینا اور کشتی تک نوبت پہنچتی ہے اور ایسے وقت میں بڑی بدمزگی پیدا ہو جاتی ہے لیکن جب یہ غبار بیٹھ جاتا ہے اور یہ شورش تھم جاتی ہے تو عجیب قسم کا نور روح سے نازل ہوتا ہے اور سالک کے ظاہر وباطن کو گھیر لیتا ہے یہ عجیب کیمیا ہے جس سے عوام آشنا نہیں اور ایک بڑی عجیب نادر دولت ہے جس کی طرف بیگانوں نے راہ نہیں پائی یقیناً حضرت شیخ ابراہیم ابن ادہمؒ نے اسی نورانیت اور حلاوت کیطرف اشارہ کیا ہے جہاں آپ نے فرمایا ہے کہ "میں نے دو بار نفس کو اپنی مراد تک پہنچتا ہوا دیکھا ہے" اور پھر آپ نے مخالفت نفس کے دو قصے ذکر کئے ہیں۔

اور ہمارے نزدیک لطائف کی تہذیب کو پہچاننے کیلئے چند چیزیں ہیں۔ ایک یہ حلاوت پانا اس چیز میں کہ ہر لطیفے کے لئے ہم نے متعین کی ہے اور اس سے محظوظ ہونا اور اسمیں لذت پانا۔ (اور معرفت تہذیب لطائف کیلئے) دوسری بات یہ ہے کہ اسکی پہچان ہر ایک کی نسبت مختصہ کے ساتھ ہو گی اور اسیطرح ہر ایک کے مقام کیساتھ پس صاحب یقین صاحب عقل ہے اور صاحب وجد وشوق صاحب قلب ہے اور جو یاد داشت کی نسبت رکھتا ہے وہ صاحب سِر ہے اور وہ جو نسبت اویسیہ یا نسبت طہارت وعبادت

Marfat.com

خواہد بود پس کسے کہ قوی القلب است تا آخر خود وجد و شوق و قلق دارد اگرچہ بہ تہذیب ہمہ لطائف مشرف شدہ است و صاحب عقل ہمیشہ باعتبارات و تجلیات معنویہ محظوظ است گو سیر او محیط ہمہ لطائف شدہ باشد و از ہمیں جہت است اکثار ایں قسم معارف در کلام شیخ محی الدین محمد ابن عربیؒ و صاحب روح بمناسبات روح ملتذ و صاحب سر باحکام سر مسرور "کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَیْهِمْ فَرِحُوْنَ" و دریں جا غلط نکنی و اگر از کاملے بعض احکام بدایت دیدہ شود بد نبری زیرا کہ وے حکم لطیفہ غالبہ بر خودش را دادمی دہد

اینجا دو نکتہ دیگر است بغایت غامض و آں آنست کہ جمعے از اہل سیر لطائف مزاج ایشاں بروجہے آفریدہ میشود کہ قلب ایشاں فی الجملہ در قید نفس شہویہ باشد و ہیچگاہ خلاص مطلق از اسیر نفس شہویہ میسر نیاید

و چوں ایں جماعت را از حجب غلیظہ نفس خلاص میسر شدہ است لامحالہ مقتضائے نفس شہوی ایشاں در

رکھتا ہے وہ صاحب روح ہے اور تیسری بات (تہذیب لطائف کی معرفت کے لئے) ایسے واقعات کا دیکھنا جو ان لطائف کی تہذیب پر دلالت کریں اور جاننا چاہئے کہ سالک کو لطائف کی تکمیل سیر کے بعد اسی لطیفہ سے واسطہ پڑتا ہے جو اصل فطرت میں قوی ہوتا ہے۔ پس جو شخص قوی القلب ہوگا وہ آخر تک وجد و شوق اور قلق (اضطراب) پاتا رہیگا۔ اگرچہ تمام لطائف کی تہذیب سے مشرف ہوا ہو۔ اور صاحب عقل ہمیشہ اعتبارات اور تجلیات معنویہ سے محظوظ ہوتا رہے گا اگرچہ اس کی سیر تمام لطائف کا احاطہ کر چکی ہو اور اسی سبب سے اس قسم کے معارف حضرت شیخ محی الدین بن عربیؒ کے کلام میں بکثرت پائے جاتے ہیں اور صاحب روح روح کے ساتھ مناسبت رکھنے والی باتوں سے لذت اندوز ہوتا ہے اور صاحب سر احکام سر سے خوش ہوتا ہے (جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں اشارہ ہے) "ہر گروہ جو کچھ اس کے پاس ہے اس پر خوش ہوتا ہے"۔ اور یہاں غلطی نہ کرنا اگر کسی کامل سے بعض احکام بدایت (یعنی شروع اور ابتداء سلوک کی باتیں) دیکھو تو بدگمان نہ ہو جاؤ۔ اسلئے کہ وہ اس لطیفہ کی داد دیتا ہے جو اس پر غالب ہے۔

یہاں دو نکتے اور ہیں انتہائی گہرے اور باریک۔ ایک نکتہ انمیں سے یہ ہے کہ ایک گروہ لطائف کی سیر کرنے والوں میں ایسا ہوتا ہے کہ ان کے لطائف کا مزاج اسطرح پیدا کیا گیا ہوتا ہے کہ ان کا قلب کسی نہ کسی درجہ میں نفس شہوانی کی قید میں ہوتا ہے اور کبھی بھی نفس شہوانی کی قید سے بالکل رہائی میسر نہیں ہوتی۔ اور جب اس جماعت کو نفس کے غلیظ (گاڑھے) حجابات سے خلاصی میسر ہوگئی تو

Marfat.com

غایت لطافت و نازکی خواہد بود پس شہوت دیدن امارد بر ایشاں غالب باشد یا شہوت شنیدن مزامیر و آں لذت دل و عقل را فی الجملہ بخود کشد و از میان ایں رذیلہ و عبودیت دائمہ نتائج عجیبہ بظہور رسند کہ عوام در حل آنہا درمانند و از ہمیں جا است آنکہ بعض سلف در حق بعض گفتہ اند کاش کردے و گذشتے" و ایں مصرع نیز در حال ایشاں گفتہ شدہ است ؎ کفر گیرد کاملے ملت شود و بر ہمیں صورت قیاس باید کرد و احکام سبعیہ را کہ از بعض کاملاں ماثور می شود و در ضمن ہمت گماشتن و در بار افگندن کسے بظہور می آید بسیارے ازیں مقولہ در احوال متاخرین صوفیہ خواندہ باشی نکتہ دیگر آنکہ در دورہ نخستین از ادوار ملت مصطفویہ لطیفہ جوارح غالب بود یعنی لطیفہ قلب بنسبت اضمحلال در جوارح و قوی و تقویم آنہا پس سخن ایں جماعت بظاہر شرائع محمول است اگرچہ در ضمن ہمیں چیز ہا سیر لطائف اجمالاً خواص را دست می داد ایں است آنچہ از اصول و کلیات علم سید الطائفہ در ایں اوراق میسر شد واللہ اعلم بحقیقۃ الحال والیہ المرجع والمآل

لامحالہ نفس شہوانی کے تقاضے ان لوگوں میں انتہائی لطافت اور نزاکت میں ہونگے پس ایسے لوگوں میں امارد (سادہ رویان) کے دیکھنے کی خواہش غالب ہوگی یا پھر سماع مزامیر کی خواہش غالب ہوگی اور یہ عقل و دل کی لذت کو کسی قدر اپنی طرف کھینچتی ہے اور بری خصلت اور عبودیت دائمہ کے درمیان عجیب و غریب نتائج ظہور پذیر ہوتے ہیں کہ عوام ان کے حل کرنے سے عاجز رہ جاتے ہیں اور اسی زمرہ میں وہ بھی داخل ہے جو بعض سلف نے بعض کے بارہ میں کہا ہے کہ کاش کرتا اور گذر جاتا" اور یہ مصرع بھی انہیں کے حسب حال کہا گیا ہے ؎ کفر اختیار کرتا ہے اور ملت میں کامل ہو جاتا ہے اور اسی صورت پر احکام سبعیہ کو قیاس کر لینا چاہئے جو بعض کاملین سے منقول ہیں اور ہمت (توجہ) کرنے میں اور کسی کا بوجھ اتارنے کے سلسلہ میں ظہور پذیر ہوتے ہیں اس قسم کی بہت سی باتیں تم نے متاخرین صوفیہ کرام کے احوال میں پڑھی ہونگی دوسرا نکتہ یہ ہے کہ امت محمدیہ کے ادوار میں سے پہلے دور میں (صحابہ و تابعین وغیرہ کا دور) لطیفہ جوارح غالب تھا یعنی لطیفہ قلب جوارح اور قوی میں مضمحل ہونے کے اعتبار سے اور انکی تقویم کے اعتبار سے (یعنی لطیفہ قلبیہ جوارح میں اور قوتوں میں مضمحل ہو جاتا ہے اور جوارح میں اسکے اثرات پوری طرح ظاہر ہوتے ہیں گویا جوارح اور قوتوں کے ڈھانچے میں داخل ہو جاتا ہے) پس ان لوگوں کی باتیں ظاہر شرع پر محمول ہیں اگرچہ ان چیزوں کے ضمن میں اجمالاً خواص کو سیر لطائف بھی حاصل تھا۔

یہ (جو ہم نے اس فصل میں تحریر کیا ہے) وہ ہے جو سید الطائفہ (حضرت جنیدؒ) کے علوم کے اصول و کلیات سے اخذ کر کے ان

Marfat.com

فصل ششم

(در تہذیب لطائف خفیہ و آنرا العلوم حقائق و اشارات کفایت کردہ می شود)

قبل از خوض در مباحث لطائف خفیہ باید دانست کہ حقایق و احکام آن لطایف مالوف اذہان نیست، و مانوس اسماع نہ و باستماع آنہا منتفع نمی تواند بود الا دو کس یکے آنکہ نزدیک بکمال آنہا رسیدہ است و تہذیب آنہا را مستعد شدہ وے اگر این مبحث شنود تصور کنارش تصور مستقیم و آن تصور فتح یابی نماید، و دیگر آنکہ بمعرفت اجمالی آنہا مشرف شدہ است، و معرفت تفصیلی را حوصلہ اش گنجایش نکردہ، وے اگر این مبحث خواند آن معرفت اجمالی تفصیلی گردد، و مکتسب با موہوب در آمیزد و مانند شئی واحد شود، خدائے تبارک و تعالی رحم کناد کسے را کہ حرف غامض این

اوراق میں لکھ دیا ہے اور اللہ تعالی ہی حقیقت حال کو بہتر جانتا ہے اور اسی کی طرف رجوع کرنا ہے اور اسی کی طرف انجام کار جانا ہے

چھٹی فصل

(لطائف خفیہ کی تہذیب کے بیان میں، اور اس کو علوم حقائق اور اشارات سے کنایہ کیا جاتا ہے)

قبل اس کے کہ لطائف خفیہ کی تہذیب کے مباحث میں خوض کیا جائے یہ جان لینا ضروری ہے کہ ان حقائق و احکام لطائف سے اذہان کو الفت نہیں اور نہ کان ان سے مانوس ہیں اور ان کے سننے سے نفع نہیں اٹھا سکتے مگر دو قسم کے لوگ ایک تو وہ جوان کے کمال کے قریب پہنچا ہوا ہو اور انکی تہذیب کی استعداد رکھتا ہو ایسا شخص اگر اس بحث کو سنے تو اسے ایک مستقیم صورت میں تصور کریگا اور یہ تصور اس کے لئے فتح یابی کا سبب بنیگا اور دوسرا وہ شخص جو اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے جو ان لطایف خفیہ کی اجمالی معرفت رکھتا ہو اور تفصیلی معرفت کیلئے اس کے حوصلہ میں گنجائش نہیں ہوتی یہ شخص اگر ان مباحث کو سنیگا تو اسکی یہ اجمالی معرفت اسکے لئے تفصیلی معرفت بن جائیگی اور مکتسب (کمائی ہوئی چیز) موہوب (اللہ تعالی کیطرف سے بغیر کسب و کاوش کے عطا کی ہوئی) کے

Marfat.com

مباحث شنود اگر بفہمد فبہا والا آں را بر قائل آں حوالہ کند تا روزے کہ ہر کس سرائر خود را پیش پروردگار حاضر نماید وے نیز از ایں علوم پیش آرد و بر ہمہ کس روشن شود کہ حق چیست و باطل چہ بود۔

بالجملہ چوں سالک ازیں لطایف پنجگانہ کہ بذکر در آمدند فارغ شد کارش با روح علوی افتاد و آں روح علوی مرکب از دو چیز است۔

یکے نفس ناطقہ و آں حبابے است در دریائے نفس کلیہ یا تمثالے است از شمع نفس کلیہ یا فردے است از کلی یا حصہ است از حقیقتے بوجہ من الوجوہ ہر یکے ایں مثالہا بروے منطبق می تواند شد و ہر نفسے کہ ہست از نفوس معدنیہ یا نباتیہ یا حیوانیہ یا ملکیہ یا شیطانیہ حبابے است و تمثالے ازاں نفس کلیہ اما ہر نفس را حکم علیحدہ است و نفوس کاملہ آخر دورہ نفوس است چنانکہ نفوس فلکیہ اول دورہ نفوس است پس چنانکہ نفوس فلکیہ اقرب شئی است بنفس کلیہ ہم چنیں نفوس کاملہ بوجہ من

ساتھ مل جاتی ہے اور ایک چیز (شئی واحد) کے مانند ہو جاتی ہے خدا تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو ان مباحث کی کوئی گہری (غامض) بات سن لے تو اگر سمجھ لے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کے کہنے والے کی طرف سونپ دے۔ تاکہ جس دن ہر شخص اپنے اسرار کو اپنے پروردگار کے سامنے پیش کریگا۔ تو وہ بھی ان علوم کو پیش کرے اور تمام لوگوں پر واضح ہو جائیگا کہ حق کیا ہے اور باطل کیا تھا۔

حاصل یہ ہے کہ جب سالک ان لطایف پنجگانہ سے جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے فارغ ہو گیا تو اس کا واسطہ اب روح علوی سے پڑیگا اور یہ روح علوی دو چیزوں سے مرکب ہے ایک تو نفس ناطقہ اور یہ نفس ناطقہ ایک حباب (بلبلا) ہے نفس کلیہ کے دریا کا۔ یا ایک تصویر ہے نفس کلیہ کے شمع (موم) کا۔ یا فرد ہے ایک کلی کا یا حصہ ہے حقیقت کا کسی نہ کسی طرح ان مثالوں میں سے ہر ایک مثال اس پر منطبق (چسپاں) اور درست آسکتی ہے اور جو نفس ہے نفوس معدنی یا نفوس نباتی یا حیوانی یا ملکی یا شیطانی میں سے وہ ایک حباب اور تمثال (عکس یا تصویر) ہے اس نفس کلیہ کی لیکن ہر ایک نفس کا حکم جدا جدا ہے۔ نفوس کاملہ آخری دورہ ہے نفوس کا جیسے نفوس فلکیہ نفوس کا پہلا دورہ ہے تو جیسے نفوس فلکیہ نفس کلیہ سے اقرب شئی (قریب تر چیز) ہیں اسی طرح نفوس کاملہ کسی نہ کسی طرح نفس کلیہ سے قریب تر شئی ہیں تاہم ایک قرب سے دوسرے قرب تک مسافت ہوگی اگر چاہو کہ اس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھو تو

الوجوہ اقرب شئ است بنفس کلیہ ہرچند از قرب تا قرب مسافتے باشد اگر خواہی کہ ایں مسئلہ را روشن تر بفہمی
بدانکہ ہر نفسے را مادہ ہست خاص کہ نفس کلیہ باستعداد آں مادہ بر آمدہ و برائے ہماں مادہ بہ برزہ خاص مکتسی شدہ و چو
مادہ یکبار بفیض نفس کلیہ مہذب شد قابل نفسے گشت و چوں بفیض دیگر مہذب شد لاجرم قابل نفسے گردد والطف از
اول واصفی و اعقل از اول

پس چوں عناصر بہم آمدند و درمیان اینہا امتزاج واقع شد و کائنات جویہ ظہور نمودند دریائے نفس جوشے زد
و در بہترین کائنات جویہ بخلعت خاص مکتسی شد و اعتماد ایں برزہ بر مزاج کائنات جویہ بود پس فیض تازہ ظہور فرمود و حکم ایں
فیض منسلخ شدن اجزاء عناصر است از خواص عنصریہ و استتار آں خواص بآں صورت فائضہ و بہم آمدن جمیع اجزاء صغار
در یک فیض و یک حکم نام ایں فیض تازہ نفس معدنی مقرر شد و چوں نفوس معدنیہ در عالم بوفور تمام ظہور نمودند و بسیارے
از ممتزجات عنصریہ بآں نور نورانی گشتند نفس کلیہ بار دیگر جوش زد و در افضل معادن و اقرب آنہا بمجردات مکتسی بشکل خاص

جان لو کہ ہر نفس کیلئے ایک خاص مادہ ہوتا ہے کہ نفس کلیہ اس مادہ کی استعداد کے مطابق ظاہر ہوتا ہے اور اسی مادہ کے
لئے ایک خاص برزہ (ظہور) کا لباس پہن لیتا ہے اور جب مادہ ایک دفعہ نفس کلیہ کے فیض سے مہذب ہو جاتا ہے تو نفس کے
قابل ہو جاتا ہے اور جب دوسرے فیض سے مہذب ہوتا ہے تو ایسے نفس کے قابل ہو جاتا ہے جو پہلے سے بہت زیادہ لطیف
اور بہت زیادہ صاف اور بہت زیادہ عقلمند ہوتا ہے۔

پھر جب عناصر آپس میں مل گئے اور ان میں باہم امتزاج (ایکدوسرے سے خلط ملط ہونا) واقع ہوا اور کائنات جویہ نے ظہور
کیا (یعنی زمین اور آسمان کے درمیان والی فضائی کائنات) تو نفس کلیہ کے دریا نے جوش مارا اور کائنات جویہ کے بہترین حصہ نے
ایک خاص لباس کیساتھ ظاہر ہوا اور اس برزہ (ظہور) کا اعتماد کائنات جویہ کے مزاج پر تھا پھر تازہ فیض ظاہر ہوا اور اس فیض
حکم یہ تھا کہ اجزاء عناصر خواص عنصریہ سے منسلخ ہو جائیں (باہر نکل آئیں) اور وہ خواص عنصریہ اس صورت فائضہ میں مستتر ہو
جائیں اور تمام چھوٹے اجزاء ایک فیض میں اکٹھے ہو جائیں اور ایک حکم میں منسلک ہو جائیں اس تازہ فیض کا نام نفس معدنی
ہوا اور جب نفوس معدنیہ نے جہاں میں پوری طرح کثرت کیساتھ ظہور کیا اور بہت سے ممتزجات عنصریہ (مخلوط عناصر)

Marfat.com

شدہ ظہور فرمود و اعتماد ایں بروزہ بر صورت معدنیہ بود و حکم فیض تازہ بہ جذب عناصر است در جسم معدنی و آنرا خلعت مناسبہ
خودش پوشانیدن و در تنمیہ و تغذیہ بحسب میزانے کہ در تقاسیم مصلحت کلیہ نصیب او شدہ است تصرف کردن و
چوں نفوس نباتیہ بسیار شدند و ممتزجات عنصریہ بایں نور نورانی گشتند نفس کلیہ بار دیگر جوش زد بصورتے خاص مکتسی
شد و در بہترین نباتات درآمد اثر درآمدن وے درانجا و بصورت خاص مکتسی شدن وے اینجا حس و حرکت بالارادہ
است چوں ایں فیض نیز در صمیم مادہ داخل شد و عالم را بدیں تدبیر گردانید نفس کلیہ جوش دیگر زد و صورتے دیگر پوشید
در بہترین حیوانات متجلی شد و اثر ایں تجلی ظہور عقل و قلب و نفس و کیفیات مختصہ ہر یکے است چنانکہ فصلے ازیں در
مباحث سابقہ تقریر یافت و چوں ایں فیض نیز عالم را نورانی ساخت نفس کلیہ بار دیگر جوش زد و صورتے خاص پوشید
در بہترین بشر جلوہ فرمودہ و اثر ایں جلوہ ظہور دواعی نفس کلیہ کہ مدبر ما فی الکون است در ایں انا خاص و فائض شدن
علوم و مقامات در ایں حباب و در ایں تمثال پس بہ حقیقت فصول ایں ماہیات ہماں فیض جدید است نازل از نفس کلیہ

اس نور کیساتھ نورانی ہو گئے تو نفس کلیہ نے پھر جوش مارا اور معدن میں جو افضل تھے اور اقرب تھے تجردات کے ساتھ ایک خاص شکل میں
ملبوس ہو کر انہوں نے ظہور کیا اور اس ظہور کا اعتماد اس صورت معدنی پر تھا اور اس تازہ فیض کا حکم عناصر کو معدنی جسم میں جذب کرنا
ہے اور اس کو اسکے مناسب لباس پہنانا ہے اور نشو و نما اور غذا پہنچانے میں اس میزان (قاعدہ) کے مطابق جو مصلحت کلیہ
کی تقسیم میں اس کے لئے مقرر ہوا ہے اسمیں تصرف کرنا اور جب نفوس نباتیہ بہت ہو گئے اور ممتزجات عنصریہ اس نور سے نورانی ہو
گئے تو نفس کلیہ نے پھر ایک اور جوش مارا اور ایک خاص صورت میں ملبوس ہو کر نباتات کے بہترین حصہ میں ظہور کیا اور اس کے اس
جگہ آنے کا اثر اور خاص صورت میں ملبوس ہونے کا اثر یہاں پر یہ ہے کہ اسمیں بالارادہ حس و حرکت نمودار ہو جاتی ہے اور جب
یہ فیض تازہ بھی خالص مادہ میں داخل ہوا اور عالم کو اس تدبیر سے مدبر کیا تو نفس کلیہ نے پھر ایک دوسرا جوش مارا اور ایک دوسری صورت
پہن کر نمودار ہوا اور حیوانات کے بہترین حصہ میں ظاہر ہوا اور تجلی فرمائی اس تجلی کا اثر عقل، قلب اور نفس اور ان میں سے ہر ایک کے
مخصوص صفات کا ظہور ہے جیسے ایک فصل ان کے مباحث کا پہلے لکھا جا چکا ہے جب اس فیض نے بھی عالم کو نورانی بنایا۔ تو
نفس کلیہ نے ایک بار پھر جوش مارا اور ایک خاص صورت کا لباس پہنا اور بہترین انسانی روپ میں جلوہ گر ہوا اور اس جلوہ گری کا

Marfat.com

وجنس آنہا مادۂ مدبرہ بہ تدبیر اول اما چوں زبان اہل عرف از بیان ایں فصل وجنس منعجم شد فرود آمدند بہ بعض عوارض مشابہ جنس وفصل وآنرا بجائے جنس وفصل وضع کردند واز آں خبر دادند وانسان کامل نزدیک مانوع علیحدہ است درمیان اصناف انسان چنانکہ انسان نوع علیحدہ است درمیان ابناء جنس خویش وچنانکہ زیادہ کردہ است انسان بر حیوان برائے کلی وتفصیل ایں پنج لطائف ہمچنیں زیادہ کردہ است انسان کامل بر عینِ خود بظہور نفس کلیہ در انانیت خاص او وجارحہ خود ساختن انانیت خاص او را وازیں مقولہ چیزہا بسیار است مخصوص بانسان کامل کہ شرح آں طولے دارد

بالجملہ ایں انسان کامل اقرب نفوس جزئیہ است بنفس کلیہ ومنشاء اختلاف در قرب وبعد فیض جدید است بر حسب متجلی لہٗ وجزو دیگر روح سماوی است وآں نیز حبابے است از دریا نفس کلیہ لیکن بعد ازانکہ نفس کلیہ موجے برروئے کار آورد ونشاۃ اصدار فرمود وآں نشاۃ منشعب از نفوس فلکیہ است ومسمّٰی بعالم مثال نخست حباب صورت انسان کلی ظہور

اثر نفس کلیہ جو مدبر بانی الکون ہے کے دواعی (تقاضوں) کا ظہور ہے اس خاص انا میں۔ اور علوم ومقامات کا فائض ہونا اس حباب میں اور اس صورت میں پس درحقیقت ان ماہیات کے فصول وہی جدید فیض ہے جو نفس کلیہ سے نازل ہوتا ہے اور ان کی جنس وہی مادہ ہے جو تدبیر اول سے مدبر ہے لیکن جب اہل عرف کی زبان اس فصل وجنس کے بیان کرنے سے عاجز ودرماندہ تھی تو وہ نیچے اُتر آئے اور بعض عوارض جو جنس وفصل سے مشابہ تھے ان کو ہی جنس نہ فصل کے بجائے انہوں نے رکھدیا۔ اور اس جنس وفصل کی خبر دی اور انسان کامل ہمارے نزدیک ایک جدا نوع ہے انسان کے اصناف کے درمیان، جیسا انسان الگ نوع ہے اپنے ابناء جنس کے درمیان اور جسطرح زیادہ کیا ہے انسان نے حیوان پر کلی کے لئے اسی طرح ان پنجگانہ لطائف کی زیادتی کی ہے انسان کامل نے اپنے عین پر اور یہ نفس کلیہ کے ظہور کی وجہ سے ہے اسکی انانیت خاص میں اور اسکی انانیت خاص نے نفس کلیہ کو اپنا جارحہ بنالیا اور اس قسم کی اور بھی بہت سی چیزیں ہیں جو انسان کامل کے ساتھ مخصوص ہیں جن کی شرح وتفصیل طول کو چاہتی ہے۔

حاصل یہ ہے کہ یہ انسان کامل نفوس جزئیہ میں سے بہت قریب تر ہے نفس کلیہ کے ساتھ۔ اور قرب وبعد میں منشا اختلاف وہ فیض جدید ہے جو کہ متجلی لہٗ جس کیلئے تجلی کی گئی ہے کے حال کے مطابق ہے اور دوسرا جزء روح سماوی ہے وہ بھی ایک حباب ہے نفس کلیہ کے دریا کا۔ لیکن یہ اسکے بعد کہ نفس کلیہ موجزن ہو کر ایک عالم (نشاۃ) صادر کر چکا ہو اور وہ نشاۃ

Marfat.com

نمود و بعد از مدتہا آں یک صورت منفسخ شد بصورتہائے بسیار و تحقیق در صورت انسان آنست کہ وے از حد ذات خود کلی نیست بلکہ فردے است متشخص در ہیولیٰ عالم مثال اما آں فرد را بوجہے ساختہ اند کہ با ہر انسانے کہ برابر کنی باز مطابقت او اِبا نکند و ازیں جہت او را انسان کلی می خوانیم وایں صورتہائے متعددہ منجذب اند بخاصیت نوعیہ خود بسوئے تجلی اعظم کہ در قلب نفس کلیہ قائم است و سبب ایں انجذاب اقربیت نفوس بشریہ است بنفس کلیہ نسبت بسائر نفوس موالید بالجملہ درایں روح علوی دو جزو موجود است وآں دو جزو باہم اختلاط و امتزاج پیدا کردہ اند یکے بجائے مادہ ویکے بجائے صورت نفس ناطقہ کہ حبابے است برآمدہ از سطح نفوس ارضیہ بمنزلہ مادہ است و روح سماوی کہ حبابے است برآمدہ از سطح عالم مثال بمنزلہ صورت

چنانکہ مصور صورتے در خاطر خود منقوش می گرداند وآں صورت مکشاف صورتے است حقیقی موجود بوجود مطلق نہ ذہنی و

(عالم) نفوس فلکیہ سے پھوٹنے والا ہے اور جس کو عالم مثال کے ساتھ موسوم کرتے ہیں پہلے حباب نے انسان کی صورت میں ظہور کیا اور مدتوں کے بعد وہ ایک صورت منسخ ہوگئی (پھٹ گئی) اور اس سے بہت سی صورتیں ظاہر ہوگئیں اور انسان کی صورت کے بارہ میں تحقیق یہ ہے کہ وہ اپنی جگہ خود کلی نہیں ہے بلکہ ایک متشخص فرد ہے جو عالم مثال کے ہیولیٰ میں ہے لیکن اس فرد کو اس طرح بنایا گیا ہے کہ جس انسان کے ساتھ اسکو برابر کردو اس کے ساتھ مطابقت سے انکار نہیں کرتا اور اسی وجہ سے ہم اسکو انسان کلی کہتے ہیں اور یہ متعدد صورتیں اپنی نوعی خصوصیت کی بنا پر تجلی اعظم کی طرف منجذب ہوتی ہیں وہ تجلی اعظم جو کہ نفس کلیہ کے قلب میں قائم ہے اور انجذاب کا سبب نفوس بشریہ کا قرب ہے نفس کلیہ سے بہ نسبت تمام نفوس موالید کے حاصل یہ ہے کہ اس روح علوی میں دو جزو موجود ہیں اور ان دونوں نے باہم اختلاط اور امتزاج پیدا کیا ہوا ہے ایک مادہ کے قائم مقام ہے اور دوسرا صورت کے قائم مقام نفس ناطقہ جو کہ ایک حباب ہے اور وہ نفوس ارضیہ کی سطح سے ظاہر ہوا ہے جو کہ بمنزلہ مادہ کے ہے اور روح سماوی بھی ایک حباب ہے اور وہ سطح عالم مثال سے ظاہر ہوا ہے اور وہ بمنزلہ صورت کے ہے۔

جیسا کہ ایک مصور ایک صورت اپنے دل میں منقش کرتا ہے اور وہ صورت در اصل مکشاف (ظاہر کرنے والی اور کھولنے والی) ہوتی ہے ایک حقیقی موجود کو جو مطلق وجود کے ساتھ موجود ہوتا ہے۔ نہ وجود ذہنی اور نہ وجود خارجی کے ساتھ بلکہ ایک

Marfat.com

نہ خارجی بلکہ بوجودے کہ منشاء انتزاع آں خروج حصہ الیست از تقاسیم مصلحت کلیہ و قائم بذات نفس کلیہ است، بعد ازاں موم را از حالے بحالے می گرداند تا آنکہ موافق آں صورت منقشہ در ذہن سازد ہمچناں حکیم علی الاطلاق نفوس را از حالے بحالے تحویل فرمود تا آنکہ حاصل شد نفس ناطقہ موافق ہماں صورت مثالیہ کہ پیش از وجود نفس ناطقہ سالہائے بسیار ظاہر شدہ بود سنۃ اللہ براں جاری شدہ است کہ ہمیشہ صورت ظاہر الحکم باشد و ہیولی المستور الحکم، شعر

س عشق معشوقاں نہاں است و تیر　　عشق عاشق با دو صد طبل و نفیر

و لہذا اول سیرے کہ عارف را میسر می شود ذہاب بسوئے تجلی اعظم است و آخریں سیر او ذہاب بسوئے انانیت مطلقہ ست و در دلِ ایں روح علوی نقطہ شعشعانیہ نہادہ اند وے بمنزلہ روح ایں روح است و ایں روح بمنزلہ جسد اُو و آں نقطہ را حجر بہت گویند،

ایسے وجود کے ساتھ کہ جس کا منشاء انتزاع (ایک حصہ کا خروج ہے مصلحت کلیہ تقسیم سے) اور وہ نفس کلیہ کی ذات کے ساتھ قائم ہے پھر وہ مصور اسکے بعد موم کو لیکر اسے ایک حالت سے دوسری حالت کیطرف پھیرتا ہے تاکہ اس صورت منقشہ کے موافق جو ذہن میں ہے اس (موم) کو بناتا ہے۔ اسیطرح حکیم علی الاطلاق (اللہ جل شانہ) نفوس کو ایک حالت سے دوسری حالت میں تبدیل فرماتا ہے یہانتک کہ وہ نفس ناطقہ حاصل ہوا جو صورت مثالیہ کے موافق تھا جو نفس ناطقہ کے وجود سے بہت عرصہ قبل ظاہر ہو چکی تھی سنۃ اللہ (اللہ تعالیٰ کا دستور) اس طرح جاری ہوا ہے کہ ہمیشہ صورت ظاہر رہے اور ہیولی مستور رہے۔ شعر؎ معشوقوں کا عشق ہمیشہ مخفی اور پوشیدہ ہوتا ہے اور عاشق کا عشق سینکڑوں نکاروں کے بجنے اور شور و غل سے ظاہر ہوتا ہے

اسلئے عارف کو سب سے پہلے جو میسر ہوتی ہے وہ اس کا تجلی اعظم کیطرف جانا ہوتا ہے اور آخری سیر اسکی انانیت مطلقہ کیطرف جانا ہوتا ہے۔ اور اس روح علوی کے دل میں ایک نقطہ شعشعانیہ (جو ایک ہی مقام میں نہ ہو بلکہ جو پھیلا ہوا ہو شعشعانیہ پھیلاؤ اور انتشار کو کہتے ہیں) رکھا ہوا ہے۔ جو اس روح علوی کیلئے بمنزلہ روح کے ہے اور یہ روح علوی بمنزلہ اس کے جسم کے ہے اس نقطہ کو حجر بہت کہتے ہیں۔

تفصیل آں نقطہ را ایں رسالہ گنجائش ندارد الا ایں قدر کہ گوئیم ذات بحت نمونہ خود و ودیعت نہادہ است، یا گوئیم خاصہ ذات بحت است کہ در یک مرتبہ بصرافت ہویت خود باشد، باز در مراتب دیگر باوجود بحتیت خود تنزل فرماید، و بحتیت او در عین تنزل از دست نرود، بخلاف سایر اشیا کہ در آنجا بحتیت منافی تنزل است، یا گوئیم عارف چوں نظر خود بخود افتد، و در اصل اصول خودش غوص نماید منتہیٰ نظرش نقطہ شعشعانیہ ذاتیہ بود و وے پندارد کہ ایں نقطہ درمیان روح وے است و وے فی الحقیقت در مقر عزت و حیز بساطت خود است، ایں مشتِ خاک را کو امکان کہ آں عزیز الوجود را مہمان خود خواند، لیکن بجہت نفوذ بصر او تا حقیقت الحقائق متمثل او شدہ است کہ ایں نقطہ در دل روح وے موجود است، ایں سہ احتمال است اول مودب تر و قائل باں شخصے باشد کہ حجر بہت وے در غشاوہ روح علوی وے بپیچیدہ است و در اصل ترکیب با روح گرہے خوردہ است مانند گرہ خوردن نقرہ و آب در جسم سیماب پس ایں شخص چوں بوجدان خود رجوع نماید اسم نموذج ذات و میراث ہویت اولیٰ در تنزلات لاحقہ و مانند آں لائق تر

اور اس نقطہ کی تفصیل بیان کرنے کی گنجائش اس رسالہ میں نہیں صرف اسقدر کہ ہم کہینگے کہ ذات بحت اپنا نمونہ اس میں ودیعت رکھدیتی ہے یا یوں کہینگے کہ ذات بحت کا خاصہ ہے کہ ایک مرتبہ میں اپنی خالص ہویت کیساتھ ہوتی ہے اور پھر دوسرے مراتب میں باوجود اپنی بحتیت اور خالص ہونے کے تنزل فرماتی ہے اور اسکی بحتیت عین تنزل کیوقت بھی قائم رہتی ہے بر خلاف تمام اشیاء کے کہ ان میں بحتیت تنزل کے منافی ہے۔ یا ہم یوں کہینگے کہ عارف کی نظر جب خود اپنے اوپر پڑتی ہے اور وہ اپنے اصل اصول میں خوض کرتا ہے تو اسکی نظر کا منتہیٰ نقطہ شعشعانیہ ذاتیہ ہوتا ہے اور وہ خیال کرتا ہے کہ یہ نقطہ اسکی روح کے درمیان ہے حالانکہ وہ درحقیقت اپنے مقر عزت (اپنے عزت اور بلندی کے مقام میں) اور اپنی بساطت کے حیز (محل) میں ہوتا ہے اس مشتِ خاک (انسان) کیلئے اس بات کا کیا امکان ہے کہ اس عزیز الوجود (ہستی) کو اپنا مہمان کہہ سکے لیکن اسکی نگاہ کے نافذ ہونے کی وجہ سے حقیقت الحقائق تک، وہ اسطرح اس کے سامنے متمثل ہوتا ہے کہ گویا یہ نقطہ اسکے روح کے دل میں موجود ہے یہ تین احتمال ہیں پہلا بہت زیادہ مودب ہوتا ہے اور اس کا قائل وہ شخص ہوتا ہے کہ جس کا حجر بہت اسکی روح علوی کے غلاف میں پیچیدہ ہوتا ہے! و در اصل ترکیب میں اسکی روح کیساتھ گرہ کھائے ہوئے ہوتا ہے۔

Marfat.com

یا بدو احتمالِ ثانی بسکر نزدیک تر است، وقائل باں شخصے است کہ تجربہت وے از غشاوہ روح در اصل فطرت جدا است، وجمیع لطائف او فانی در تجربہت شدہ است، واحتمالِ ثالث بصحو بحت وتمکین تام وبقاءِ مطلق مناسب تر است، وقائل باں شخصے است کہ ہیچ لطیفہ وے بر لطیفہ غالب نباشد، "وارنا حقائق الاشیاء کما ہی" دعا زبان حال وے است۔

بالجملہ اختلاف تعبیرات ناشی از اختلاف استعدادات است، وہمیں نکتہ ملاحظہ باید کرد در بسیارے از اختلافات ایشاں واللہ اعلم۔

ہمانا چوں حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایں سہ جزو دیدند وہر یکے را اصلے ومقر عزتے وحیز بساطتے ادراک نمودند، معارف انجیلیہ اثبات اقانیم ثلثہ فرمود یکے را اب تسمیہ فرمود وآں نقطہ ذات است، ودیگرے را ابن وآں نفس کلیہ

جس طرح چاندی اور پانی سیماب میں گرہ کھائے ہوئے ہوتے ہیں پس یہ شخص جب اپنے وجدان کیطرف رجوع کرتا ہے تو اسم کو جو نمونہ ذات ہے اور ہویت ادنی کی میراث ہے ان کو تنزلات لاحقہ میں اور ان کے مانند (دیگر مراتب) میں زیادہ لائق تر پاتا ہے۔ اور دوسرا احتمال سکر سے زیادہ قریب تر ہے اور اس کا قائل وہ شخص ہوتا ہے کہ جس کا تجربہت اسکی روح کے پردہ سے اصل فطرت میں جدا واقع ہو اور اسکے تمام لطائف تجربہت میں فانی ہو چکے ہوں۔ اور تیسرا احتمال صحو خالص اور تمکین تام اور بقاء مطلق کیساتھ زیادہ مناسبت رکھتا ہے اور اس کا قائل وہ شخص ہے کہ جس کے لطائف میں سے کوئی لطیفہ دوسرے پر غالب نہ ہو اور اسکی زبان حال کی دعا یہ ہو کہ "اے خداوند کریم دکھا ہمیں چیزوں کی حقیقتیں جسطرح کہ وہ واقع میں ہیں"

حاصل یہ ہے کہ تعبیرات کا اختلاف استعدادات کے اختلاف سے پیدا ہوتا ہے اور اسی نکتہ کو ان صوفیہ کرام کے اختلافات کے سلسلہ میں ملاحظہ کرنا چاہئے اور اللہ تعالیٰ سب سے بہتر جاننے والا ہے۔

یقینی بات ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جب یہ تین اجزاء دیکھے اور ان میں سے ہر ایک کے اصل اور قرارگاہ عزت اور محل بساطت کا ادراک کیا تو اس سلسلہ میں انجیل کے معارف نے اقانیم ثلاثہ کا اثبات کیا، ایک کو تو اب کے نام سے موسوم کیا اور یہ نقطہ ذات ہے اور دوسرے کو ابن کے ساتھ اور یہ نفس کلیہ ہے اور تیسرے کو

Marfat.com

است وہ یکے را روح القدس و آں تجلی اعظم است قائم در دل حظیرۃ القدس در اینجا از غایت غموض نصاریٰ دست و پا زدند بجز ضلالت و گمراہی چیزے بدست نیاوردند چوں خر در وحل باز ماند قرآن عظیم رد آں ضلالت فرمودہ معنی عبدیت اثبات نمود سبحان اللہ جوانمرداں از السنۃ الحق چہ نکتہائے غامض می شنوند و ہر یکے را در محل خود می نشانند در می کشند ایں چہ ابلہ فرقہ بودہ است کہ از یک غامضہ کہ از حضرت روح اللہ صادر شد سرگرداں شدند و دست و پا زدند و راہے نیافتند ؎ شربت الحب کاسا بعد کاس۔ فما نفد الشراب وما رویت: و ایں مبحث طویل است خارج از ما نحن فیہ

چوں ایں سہ اصل واضح شد می باید دانست کہ احکام لطائف خفیہ کہ عبارت از خفی و نور القدس و اخفی و انا است منشعب از ہمیں اصل می گردد سیر عارف چوں از ولایت صغریٰ کہ شرح آں در مذہب جنیدیہ مذکور شد بالاتر

روح القدس کے ساتھ اور وہ تجلی اعظم ہے جو حظیرۃ القدس کے قلب میں قائم ہے اور اس مقام میں نہایت ہی گہرائی (غموض) کی وجہ سے نصاریٰ نے بہت کچھ ہاتھ پاؤں مارے لیکن سوائے ضلالت اور گمراہی کے کوئی چیز بھی ان کے ہاتھ نہ آئی اور وہ اسطرح اس میں الجھ گئے جس طرح گدھا دلدل میں پھنس جاتا ہے قرآن عظیم نے ان کی گمراہی کا رد کیا ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کی عبدیت کا مطلب ثابت کیا ہے۔ سبحان اللہ جوانمرد (یعنی اہل اسلام میں سے صوفیہ کرام جو شیون ذات و صفات کا علم رکھتے ہیں اور انہیں مشاہدہ حاصل ہے) کیسے کیسے باریک نکتے سنتے ہیں اور پھر ہر ایک کو اس کے محل میں رکھتے ہیں اور اس کے مقام میں بٹھاتے ہیں۔ اور یہ (نصاریٰ) کیسا بیوقوف فرقہ ہوا ہے کہ ایک ہی باریک بات جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے صادر ہوئی اسی سے ہی سرگردان ہو گئے اور ہر طرف ہاتھ پاؤں مارے لیکن راستہ نہ پا سکے۔ ؎ "میں نے شراب محبت کے پیالوں کے پیالے پی ڈالے پس نہ تو شراب ختم ہوئی اور نہ میں ہی سیراب ہوا" اور یہ مبحث طویل ہے اور ما نحن فیہ سے (یعنی ہم جو بحث کر رہے ہیں اس سے) خارج ہے۔

جب یہ تین اصول واضح ہو گئے تو جاننا چاہیئے کہ لطائف خفیہ جو خفی نور القدس اخفی اور انا سے عبارت ہیں کے احکام ان ہی تین اصولوں سے پھوٹتے ہیں (ان تینوں اصلوں پر متفرع ہوتے ہیں) عارف کی سیر جب ولایت صغریٰ جسکی

Marfat.com

رود از دو حال خالی نیست یا ایں است کہ حکم روح سماوی غالب آید و منجذب شود تجلی اعظم و با تجلی اعظم
اتصالے عجیب میسر آید و در عین ایں اتصال بحر بہت تجلی اعظم پیوندد و از آنجا صعودے بے کیف بسمت ذات
بحت کند و او را چیزے از ذات بحت بدست آید کہ ازاں تعبیر نتواند اگر مشاہدہ گوید آں خود مشاہدہ نیست اگر وصول
نامد آنرا خود از مقولہ وصول نتواں گفت خوابے است فراموش اینقدر می داند کہ چیزے ہست و شرح آں نتواند کرد
و ایں راہ را وراثت نبوت گویند یا ایں است کہ حکم نفس ناطقہ غالب آید و ایں حباب منطفی گردد در سطح دریا کلیہ و علامت
انطفاء ایں حباب آنست کہ حکم کلی در فوارہ ایں نفس در آید و ایں خصوصیت حکم عموم پیدا کند گاہے در علم فقط پس نظر
او منتہی شود بحقیقت مطلقہ کہ تعین ہمہ متعینات در اوست و گاہے انتقال بعض دواعی کلیہ نیز باشد۔ پس تحت یکے
از دو مقام پیش آید یا ایں است کہ خود را بالقصد اول بیند و حقیقت مطلقہ را بالقصد ثانی در میان خود و شمول خود

تفصیل حضرت جنیدؒ کے مذہب میں ذکر ہو چکی ہے سے اوپر جاتی ہے تو دو حال سے خالی نہیں ہو گی یا تو یہ صورت ہو گی
روح سماوی کا حکم غالب ہوگا اور وہ تجلی اعظم کیطرف منجذب ہو گی اور اُسے تجلی اعظم کیساتھ عجیب اتصال و پیوستگی حاصل
ہو جائیگی اور عین اس اتصال میں بحر بہت تجلی اعظم کے ساتھ مل جائیگا اور پھر وہاں سے بے کیف صعود (بلندی اور چڑھ
ذات بحت کیطرف حاصل ہوگا۔ اور اس کے لئے ذات بحت کی طرف سے ایک ایسی چیز (حالت) ہاتھ آئیگی کہ جس کو تعبیر نہیں
کیا جاسکتا (یعنی اس حالت اور کیفیت کو بیان نہیں کیا جاسکتا) اگر اسے مشاہدہ کہتا ہے تو یقیناً وہ مشاہدہ نہیں اور اگر اس کو
وصول کے نام سے پکارو تو یہ بھی درست نہیں کیونکہ اس کو وصول کے قبیلہ سے نہیں کہا جاسکتا بس ایک خواب فراموش
کی طرح ہے جس کے بارہ میں وہ شخص صرف اتنی سی بات جانتا ہے کہ کچھ ہے لیکن اسکی شرح اور تفصیل نہیں بیان کر سکتا۔ اور
اس راہ کو وراثت نبوت سے تعبیر کرتے ہیں۔ یا یہ صورت ہو گی کہ نفس ناطقہ کا حکم غالب ہوگا اور یہ حباب دریا کلیہ کی سطح میں
منطفی ہو جائیگا (یعنی بجھ جائیگا) اور اس حباب کے بجھ جانے کی علامت یہ ہے کہ اس نفس کے فوارہ میں کلی کا حکم آجائیگا اور
خصوصیت عموم کا حکم پیدا کریگی کبھی فقط علم میں یہ عموم ہوگا تو اسکی نظر اس حقیقت تک منتہی ہو گی کہ جس میں تمام متعینات کا تعین
ہے اور کبھی بعض دواعی کلیہ کا انتقال بھی ہوگا۔ اس کے بعد ان دو مقاموں میں سے ایک نہ ایک مقام پیش آئیگا یا تو یہ

Marfat.com

یا[۲] این است کہ حقیقت مطلقہ بقصد اول ادراک کند وخود را وجمیع عالم را قایم باو از قبیل اعراض قایم بجوہر یا
از قبیل اعتبارات ناشیہ از موجود فی الخارج یا از قبیل صور عارضہ بر مادہ در کمون وبروز، وثانیاً نظر از این حجاب
بکلی مصروف گردد وباقی نماند الا حقیقت مطلقہ ودر اینجا نیز یکے از دو احتمال باشد یا این است کہ انانیت مطلقہ
بجائے انانیت خاص قایم شود وآں انانیت خاص را انانیت مطلقہ داند یا این است کہ از انانیت خاصہ
ذہول ورزد ونفیاً واثباتاً متعرض آں نشود نہ انانیت مطلقہ را بجائے او نہد ونہ جداگانہ آنرا بیاد آرد واین را
در عرف اہل سلوک "تجلی ذات" گویند ومنتہی بصیرت عارف ومطمح نظر او در این حالت نفس کلیہ باشد واز اینجا صعود کند
بذات بحت وچیزے ازاں بدستش آید نداند کہ برائے آں چہ عبارت گوید وآں خواب فراموش را بچہ اسلوب بیان کند
وآں "وراء الوراء" را بچہ نوع تصور نماید واین راہ را "ولایت کبریٰ" گویند

صورت ہوگی کہ (عارف) اپنے آپ کو پہلے قصد میں دیکھے گا اور حقیقت مطلقہ کو ثانی قصد میں دیکھیگا اپنے اور اپنے مشمول
کے درمیان۔ یا[۲] یہ صورت ہوگی کہ حقیقت مطلقہ کو قصد اول سے ادراک کریگا۔ اور اپنے آپ کو اور تمام عالم کو اس کیساتھ
قایم دیکھے گا جسطرح اعراض جواہر کیساتھ قایم ہوتے ہیں یا ان اعتبارات کیطرح ہوگا جو موجود فی الخارج سے پیدا ہوتے
ہیں یا ان صورتوں کیطرح جو مادہ پر عارض ہوتی ہیں کمون اور بروز (مخفی اور ظاہر ہونے) کیصورت میں اور ثانیاً اسکی نگاہ
اس حجاب سے بالکل مصروف ہو جاتی ہے اور سوائے حقیقت مطلقہ کے اور کچھ بھی باقی نہیں رہتا اور یہاں بھی ان دو احتمالوں
میں سے ایک نہ ایک ہوگا یا تو یہ صورت ہوگی کہ انانیت مطلقہ انانیت خاصہ کے قائم مقام ہو جائیگی اور وہ (عارف) انانیت
خاصہ کو انانیت مطلقہ ہی سمجھتا ہوگا۔ اور یا یہ صورت ہوگی کہ وہ انانیت خاصہ سے ذہول (فراموشی) اختیار کرلیگا اور
نفیاً یا اثباتاً کچھ بھی اس سے تعرض نہ کریگا نہ تو انانیت مطلقہ کو اس (انانیت خاصہ) کے مقام میں رکھیگا اور نہ اس سے
جداگانہ اسے یاد کریگا۔ اور اسکو اہل سلوک کے عرف (اصطلاح) میں "تجلی ذات" کہتے ہیں اور اس حالت میں عارف کی
بصیرت کا منتہیٰ اور اسکی نگاہ کا مقصود "نفس کلیہ" ہوتا ہے اور یہاں سے ذات بحت کیطرف صعود کرتا ہے اور اس (عارف)
کے ہاتھ کچھ آتا ہے لیکن وہ یہ نہیں جانتا کہ اس کیلئے کیا عبارت کہے (یعنی کسطرح اس کا اظہار کرے) اور اس خواب فراموش

Marfat.com

وآیا ما کان خواہ وراثت نبوت خواہ ولایت کبریٰ روح علوی بر تحجر بہت پیچیدہ باشد مانند آنکہ پنبہ بر لولوئے رفیع بہ پیچانند و صفا و لطافت آں لولو بجز در پس پردہ مرئی نگردد و غالب حکم روح علوی باشد خواہ حکم روح سماوی خواہ حکم نفس ناطقہ خواہ حکم ہر دو و حکم تحجر بہت مغلوب زیر آں و مستور در پردہ آں و لہٰذا در ادراک ذات بحت بجز حیرت بدستش نیاید و آنرا بجز خواب فراموش نتواں گفت و دریں مقام خواہے ازیں راہ رفتہ باشد خواہے ازاں راہ خواہے از ہر دو راہ وہو اکمل الاعظم قدراً و اجل مرتبۃً بسیار است کہ تحجر بہت استقلال پیدا کنند و اندر خود بگردد و خود بر خود جوشے زنند و آں پردہ را بوجہ من الوجوہ بدرد و صفا و لطافت او بر روئے کار آید و بوجہ من الوجوہ ہمہ ایں لطایف فانی شوند و ہماں تحجر بہت باقی ماند و ایں شخص حدیث کردہ می شود از دو جہت از جہت تجلی اعظم و از جہت نفس کلیہ و ہر

کو کس اسلوب (ڈھنگ) سے بیان کرے۔ اور اس وراء الوراء ہستی کا کس طرح تصور کرے اور اس راہ کو "ولایت کبریٰ" کہتے ہیں اور جونسی صورت بھی ہو خواہ وراثت نبوت ہو خواہ ولایت کبریٰ ہو روح علوی تحجر بہت پر پیچیدہ (لپٹا ہوا) ہوتا ہے جیسا کہ ایک عمدہ قسم کے موتی پر روئی لپیٹ دیتے ہیں اور صفائی اور لطافت اس موتی کی سوائے پس پردہ نہیں دکھائی دیتی۔ دریں صورت غالب روح علوی کا حکم ہوتا ہے خواہ یہ حکم روح سماوی کا ہو یا حکم نفس ناطقہ کا ہو خواہ ان دونوں کا حکم ہو اور تحجر بہت کا حکم مغلوب ہوگا اسکے نیچے اور اس کے پردہ میں مستور ہوگا۔ اور اسی وجہ سے ذات کے ادراک کرنے میں سوائے حیرت کے کچھ بھی اسکے ہاتھ نہیں آتا۔ اور اس (ادراک ذات بحت) کو سوائے خواب فراموش کے اور کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اور اس مقام میں خواہ وہ اس راستہ (وراثت نبوت کے راستہ) سے گیا ہو یا اُس راستہ (ولایت کبریٰ کے راستہ) سے۔ اور خواہ ان دونوں راستوں سے۔ اور (دونوں راستوں سے جو گیا ہو) وہ رتبے کے لحاظ سے اکمل اور اعظم ہے اور بڑے مرتبے والا ہے اور بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ تحجر بہت استقلال پیدا کر لیتا ہے اور اپنے آپ پر ہی پھرتا ہے اور خود اپنے اوپر جوش مارتا ہے اور اس پردہ کو کسی نہ کسی طرح پھاڑتا ہے اور اس میں صفائی اور لطافت ظاہر ہوتی ہے اور کسی نہ کسی وجہ سے یہ سب لطائف فانی ہو جاتے ہیں اور صرف وہی تحجر بہت باقی رہجاتا ہے اور اس شخص سے حدیث کی جاتی ہے (یعنی یہ شخص ملہم ہوتا ہے) دو جہت سے۔ ایک تجلی اعظم کی جہت سے اور دوسری نفس کلیہ کی جہت سے۔ اور یہ ہر ایک کو الگ الگ پہچانتا ہے

Marfat.com

یکے را جدا جدا می شناسد و ہر دو بالاتر از وے باشند گویا از جانب فوق حدیثے مترشح می گردد و الہامے می رسد و داعیہ فرو می ریزد از فحوائے کلام سابق دانستہ باشی کہ حقیقت انسان را بمثل تغایر ایں اعتبارات تعددے پیدا می شود و لطائف منشعب می گردد و نام ہر لطیفہ جدا نہادہ می شود

پس روح علوی را باعتبار غلبہ جزو سماوی و اضمحلال حکم حجر بہت در حکم آں نامے می باید و آں "نور القدس" است و روح علوی را باعتبار غلبہ نفس ناطقہ و اضمحلال حکم حجر بہت در حکم آں نامے می باید و آں "لطیفہ خفیہ" است و ظہور حجر بہت و تسخیر آں ایں دو روح را و شمول حکم او بریں دو نامے می باید و آں "اخفی" است

